عالمِ ارواح میں

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نبوتِ خیر الوریٰ

فداہ ابی و امی

علماءِ اہلِ سنّت کی نظر میں

تائید و تصویب فرمودہ

فقیہ عصر یادگارِ اسلاف

حضرت مفتی محمد امین صاحب دامت برکاتہم العالیہ

ترتیب

محمد کریم سلطانی

مکتبہ ضیاء نور

جامعہ ریاض العلوم مسجد خضراء

پیپلز کالونی ۱ فیصل آباد

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيْم

قَالَ الْاِمَامُ مَالِكٌ ـ رَحِمَهُ اللّٰهُ ـ :

كُلُّ اَحَدٍ يُوْخَذُ مِنْ قَوْلِهٖ وَيُتْرَكُ ، اِلَّا صَاحِبَ هٰذَا الْقَبْرِ اَوْ هٰذِهِ الرَّوْضَةِ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ـ .

ترجمہ:

حضرت امام مالک - رضی اللہ عنہ - نے فرمایا:

ہر ایک کا قول لیا بھی جا سکتا ہے اور رد بھی کیا جا سکتا ہے سوائے اس مکین گنبد خضراء - صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - کے ارشاد مبارک کے کہ اسے کسی صورت میں رد نہیں کیا جا سکتا۔

-☆-

(۱) صلاح الامۃ: ۲/۱۸۲

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عالم ارواح میں

نَبُوتِ خَیرُ الوَریٰ

-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-

علماء اھل سنت کی نظر میں

ترتیب

محمد کریم سلطانی

ناشر

مکتبہ صبح نور

جامعہ ریاض العلوم مسجد خضراء پیپلز کالونی فیصل آباد- پاکستان

فون:041-8730834

Marfat.com

137148

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	عالم ارواح میں نبوت خیر الوری-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-علماء اھل سنت کی نظر میں
ترتیب	محمد کریم سلطانی
ایڈیشن	اول ۲۰۱۴ء
کمپوزنگ	صبح نور کمپیوٹر
پرنٹنگ	صبح نور پرنٹنگ
ناشر	مکتبہ صبح نور
تعداد	
قیمت	

Marfat.com

فقیہ عصر یادگارِ اسلاف سیدی وابی حضور مفتی محمد امین صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی تائید وتصویب

چند دن پہلے میں سحری کے وقت تقریباً ساڑھے تین بجے حضور سیدی وابی زید مجدہٗ کی خدمت میں حاضر خدمت ہوا آپ کی بارگاہ میں اس کتاب ''عالم ارواح میں نبوت خیر الوری-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-علماء اھل سنت کی نظر میں'' کا مسودہ پیش کیا۔ آپ نے چند مقامات سے اسے پڑھا اس وقت آپ کے چہرہ انور پر خوشی کے آثار قابل دید تھے۔آپ نے دو مرتبہ مجھے تھپکی دی اور تین مرتبہ دعا کیلئے ہاتھ بلند فرمائے اور فرمایا:

اس کتاب کو جلدی شائع کرو میں بھی اس کتاب کی طباعت میں حصہ ڈالوں گا۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْداً کَثِیْراً طَیِّباً مُبَارَکاً فِیْہِ

پھر نماز ظہر کے وقت برادرم گرامی قدر حضرت ابوالخیر محمد حبیب امجد زید مجدہٗ تشریف لائے اور فرمانے لگے:

Marfat.com

قبلہ حضرت زیدہ مجدہٗ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا تو انہوں نے فرمایا:

سلطانی نے حضور۔فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔کی شان میں ایک بہت اچھی کتاب لکھی ہے جاؤ جا کر اسے پڑھو۔

وَمَا تَوْفِیْقِی اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

Marfat.com

نذرانہ عقیدت بحضور سرور کونین
-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-

سب سے اولیٰ واعلیٰ ہمارا نبی
سب سے بالاووالا ہمارا نبی

بزمِ آخر کا شمع فروزاں ہوا
نورِ اول کا جلوہ ہمارا نبی

جس کے تلوؤں کا دھون ہے آب حیات
ہے وہ جانِ مسیحا ہمارا نبی

خلق سے اولیاء، اولیاء سے رُسُل
اور رسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبی

Marfat.com

جیسے سب کا خدا ایک ہے ویسے ہی

اِن کا اُن کا تمہارا ہمارا نبی

ملک کونین میں انبیاء تاجدار

تاجداروں کا آقا ہمارا نبی

سارے اونچوں میں اونچا سمجھئے جسے

ہے اس اونچے سے اونچا ہمارا نبی

-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-

حدائق بخشش از سیدنا اعلیٰ حضرت امام اہل سنت حصہ اول صفحہ ۹۰ تا ۹۲

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى اَشْرَفِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَحَبِيْبِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ قَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ الْمَبْعُوْثِ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ وعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَمَنْ تَبِعَهُمْ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ .

امابعد:-

نہ میں عالم وفاضل ہوں اور نہ ہی کوئی محقق ونکتہ داں ہوں بس ایک طالبِ علم بلکہ طالب علم بھی نہیں کیونکہ علم کے متلاشی حصولِ علم میں اپنی جوانیاں اور زندگی کے قیمتی سال قربان کر دیتے ہیں میں تو ایک تہی دامن عام سا آدمی ہوں جس کے پاس کچھ بھی نہیں۔

میں نے جس ذات اقدس واطہر رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھوں میں ہاتھ دیئے وہ معرفتِ الٰہیہ کے سمندر کے سمندر پی کر هَلْ مِنْ مَزِيْد کا نعرہ لگانے والے تھے لیکن افسوس

Marfat.com

کہ میں ان کی حیات پاک میں قدر نہ کر سکا اب حسرت وشرمساری سر نہیں اٹھانے دیتی اور میں نے جس ہستی سے علم کی بھیک لی وہ فقیر درِ مصطفیٰ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- تھے ان کا وجود سر کی چوٹی سے لے کر پاؤں کے تلووں تک عشقِ رسول-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- میں ڈوبا ہوا تھا۔افسوس کہ میں ان کی حیات مستعار میں تہی دامن ہی رہا اور جس گھر میں میں نے آنکھ کھولی اس گھر میں محبتِ مصطفیٰ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا ایک بہتا ہوا دریا دیکھا اور لوگ ابھی تک سیدی وابی زیدہ مجدہٗ کے اس بہتے دریا سے اپنے اپنے دلوں کی کھیتیاں سیراب کر رہے ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کا سایہ عاطفت ہمارے سروں پر صحت وعافیت کے ساتھ سلامت رکھے بلکہ میری تمنا ہے کہ اللہ تعالیٰ میری ناکارہ زندگی بھی انہیں کو دے دے تا کہ دیر تک مصطفیٰ کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے عشق ومحبت کی سوغات تقسیم کرتے رہیں اور پیاسے لوگوں کو درود شریف کی مے سے شاد کام کرتے رہیں لیکن افسوس کہ میں اس بہتے دریائے عشق ومحبت مصطفیٰ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-سے کچھ بھی حاصل نہ کر سکا ہاں لبوں سے جام لگانے کی کوشش کی لیکن شاید ایک گھونٹ بھی حلق سے اتر نہ سکا بس کچھ طراوت سی گلے میں محسوس ہوئی۔شاید یہی میری نجات وبخشش کا ذریعہ بن جائے۔

زیرِ نظر کتاب ''عالم ارواح میں نبوتِ خیر الوری-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-علماء اھل سنت کی نظر میں'' ایک علم وعمل سے تہی دامن، اخلاص سے خالی اللہ کی مخلوق کے حقیر سے فرد کی بے ربط کاوش ہے جسے علماء اھل سنت کی کتابوں سے خوشہ چینی کرتے ہوئے ترتیب دیا ہے۔ان علماء اھل سنت میں، علماء ربانیین میں، جو بقید حیات ہیں اللہ

Marfat.com

تعالیٰ ان کے علم وعمل میں برکتیں عطا فرمائے اور انہیں مزید خدمتِ دین کی توفیق عطا فرمائے اور جو اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی قبروں کو منور فرمائے اور انہیں جنت کے باغ بنائے۔

ان بے ربط لفظوں میں کسی کی دل آزاری نہیں اور نہ ہی یہ میری زندگی کا مشن ہے اگر اس میں کوئی خوبی ہے تو وہ فقط میرے اللہ ذوالجلال کا فضل وکرم اور میرے اور آپ سب کے آقا حضور رحمۃ للعالمین -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کی نظرِ رحمت اور میرے بزرگوں کی خصوصی شفقت وتوجہ ہے اور اس میں جو نقص ہے وہ اس سراپا نقص، بے ہنر اور بے علم وعمل احقر العباد کی طرف سے ہے۔ اَللّٰہُ یَجْتَبِیْ اِلَیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَیَھْدِی اِلَیْہِ مَنْ یُّنِیْب .

اے اللہ! اے ارحم الراحمین! اے ساری کائنات کے پالنے والے! اگر یہ بے ربط کتاب تیری توفیق سے کسی کی ہدایت کا ذریعہ بنے یا کسی بھولے ہوئے کو تیرے محبوب کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کی عالم ارواح والی نبوت پر یقین کی دولت نصیب ہو جائے تو تو تجھے تیری ذات وصفات کا واسطہ اور تجھے تیرے محبوب -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کی ہر ہر شان دلربا کا واسطہ میری ماں -علیہا الرحمۃ والرضوان- کی قبر کو منور کر دینا اور میرے بزرگوں یعنی میرے والدِ گرامی قدر دامت برکاتہم العالیہ کے عمل وعمر میں برکت عطا کر دینا اور جب ان کا وقت آئے تو ایمان کی دولت کے ساتھ لے جانا اور انہیں قیامت تک بلکہ روزِ محشر میں بھی بلکہ جنت میں محبوب کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کی چادرِ رحمت میں جگہ دے دینا اور ابدالاباد تک انہیں سینہ مصطفیٰ -فداہ ابی وامی صلی

Marfat.com

اللہ علیہ والہ وسلم- سے سیراب وشاداب رکھنا۔آمین

بِجَاہِ حَبِیْبِكَ الْكَرِیْم فِدَاہُ اَبِیْ وَاُمِّی عَلَیْہِ اَفْضَلُ الصَّلَاۃ وَالتَّسْلِیْم .

ناکارہ خلائق

محمد کریم سلطانی

15 ربیع الاول 1435ھ

17 جنوری 2014ء

بروز جمعۃ المبارک

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ .

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-اللہ تعالیٰ کے حبیب ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان ان کمالات سے بھی نوازا ہے جو انسانی سوچ وفکر سے وراء ہیں۔سید العشاق امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے ایک بڑی عمدہ بات فرمائی ہے:

دَعْ مَا ادَّعَتْهُ النَّصَارٰی فِی نَبِیِّهِمْ
وَاحْكُمْ بِمَا شِئْتَ مَدْحاً فِیْهِ وَاحْتَكِمْ
فَاِنَّ فَضْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَیْسَ لَهٗ
حَدٌّ فَیُعْرِبَ عَنْهُ نَاطِقٌ بِفَمِ

عیسائیوں نے اپنے نبی سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں جو کہا کہ وہ اللہ کے

Marfat.com

بیٹے ہیں اے مومن! تم اپنے نبی-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے بارے میں یہ کبھی بھی نہ کہنا اس کے علاوہ آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی جو مدحت وثنا کرسکتا کرلے کیونکہ حضور سیدنا رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے فضائل وکمالات کی کوئی حد ہے ہی نہیں کہ جسے کوئی انسان اپنی زبان سے بیان کرسکے۔

حضور رحمۃ للعالمین-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی شان اقدس کی جب آپ کے پیدا کرنے والے اللہ جل جلالہ نے حدّ نہیں بتائی کوئی خاک کا پتلا آپ کی شان اقدس کی حد بندی کیسے کرسکتا ہے۔

امام اھل سنت سیدنا اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ سے ایک مرتبہ ایک آدمی ملا اس نے کہا: آپ کی سب باتیں ٹھیک ہیں آپ صرف ایک غلطی کرتے ہیں کہ حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی شان حدّ سے بڑھا دیتے ہیں۔حضور امام اھل سنت نے کاغذ قلم اس کے سامنے رکھ کر فرمایا:

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی شان کی حدّ تم لکھ دو میں اس سے آگے نہیں بڑھاؤں گا۔وہ آدمی آپ کے اس جواب پر ہکا بکا رہ گیا۔

اس ذات اقدس واطہر-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی شان اقدس کی حدّ بندی کوئی کیسے کرسکتا ہے جس کے پیدا فرمانے والے اللہ نے کوئی حد ہی نہیں بتائی۔

-☆-

Marfat.com

امام اھل سنت سیدنا اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا حضور سیدنا نبی کریم فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی بارگاہ میں خراجِ عقیدت ومحبت

عرش پہ تازہ چھیڑ چھاڑ فرش پہ طرفہ دھوم دھام
کان جدھر لگایئے تیری ہی داستان ہے!

وہ جو نہ تھے کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہاں کی جان ہے تو جہان ہے

حدائق بخشش

Marfat.com

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رحمۃ اللہ علیہ کا حضور سیدنا نبی کریم - فداہ
ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم - کی بارگاہ میں خراجِ عقیدت

ان کی نبوت ان کی ابوت ہے سب کو عام
ام البشر عروس انہیں کے پسر کی ہے
ظاہر میں میرے پھول حقیقت میں میرے نخل
اس گُل کی یاد میں یہ صدا ابوالبشر کی ہے

حدائق بخشش

Marfat.com

عارف ربانی سیدنا شرف الدین بوصیری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اے مومن! حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-کو ابن اللہ نہ کہنا جیسے عیسائیوں نے اپنے نبی سیدنا عیسیٰ-علیہ السلام-کے بارے میں کہا اس کے علاوہ جو بھی شرف وفضیلت بیان کرسکتا ہے بیان کرلے کیونکہ حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-کے مقام ومرتبہ کی اللہ کے علاوہ کوئی حد جانتا ہی نہیں حضرات انبیاء کرام -علیہم السلام-کو جو بھی معجزات ملے وہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-کے نورِ پاک سے ہی ملے ہیں آپ فضل وکرم کے سورج ہیں اور باقی تمام انبیاء کرام سیارے ہیں

Marfat.com

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ

وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

حضرت محمد رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-دونوں جہان کے، جن وانس کے اور اہل عرب وعجم کے سردار۔

فَاقَ النَّبِیّٖنَ فِیْ خَلْقٍ وَّفِیْ خُلُقٍ

وَلَمْ یُدَانُوْہُ فِیْ عِلْمٍ وَّلَا کَرَمٍ

حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تمام انبیاء علیہم السلام سے جسمانی ساخت اور اخلاق میں فائق ہیں اور علم وشرافت میں کوئی حضرت کے پاس بھی نہیں پہنچ سکتا۔

وَکُلُّھُمْ مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ مُلْتَمِسٌ

غَرْفًا مِنَ الْبَحْرِاَوْرَشْفًا مِنَ الدِّیَمِ

وہ سب رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-سے ان کے دریائے معرفت کا ایک گھونٹ اور ان کے ابر کرم کا ایک قطرہ چاہتے ہیں۔

مُنَزَّہٌ عَنْ شَرِیْکٍ فِیْ مَحَاسِنِہٖ

فَجَوْھَرُ الْحُسْنِ فِیْہِ غَیْرُ مُنْقَسِمٍ

آنحضرت-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اپنی خوبیوں میں نظیر وشریک سے بالاتر ہیں اور آپ کا جوہر حسن آپکو تقسیم ہوکر نہیں ملا یعنی اس حسن کا کوئی حصہ کسی اور کو نہیں دیا گیا۔

Marfat.com

دَعْ مَا ادَّعَتْهُ النَّصَارٰی فِی نَبِیِّهِم

وَاحْکُمْ بِمَا شِئْتَ مَدْحاً فِیْهِ وَاحْتَکِم

وہ بات چھوڑ دو جو نصاریٰ اپنے نبی جناب مسیح علیہ السلام کے بارہ میں کہتے ہیں یعنی آنحضرت-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا نہ کہنا اور اس کے سوا حضرت کی تعریف میں جو چاہو حکم لگاؤ اور فیصلہ کرو۔

فَانْسُبْ اِلٰی ذَاتِهٖ مَا شِئْتَ مِنْ شَرَفٍ

وَانْسُبْ اِلٰی قَدْرِهٖ مَا شِئْتَ مِنْ عِظَمٍ

ذاتِ والا کی طرف جو شرف چاہو اور قدر اعلیٰ کی جانب جو عظمت چاہو منسوب کرو

فَاِنَّ فَضْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَیْسَ لَهٗ

حَدٌّ فَیُعْرِبُ عَنْهُ نَاطِقٌ بِفَمٍ

کیونکہ جناب رسول خدا-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی فضیلت کی کوئی حد نہیں جس کو کوئی فصیح البیان بیان کر سکے۔

Marfat.com

اَعْيٰ الْوَرٰے فَهْمُ مَعْنَاهُ فَلَيْسَ يُرٰے

لِلْقُرْبِ وَالْبُعْدِ فِيْهِ غَيْرُ مُنْفَحِمِ

مخلوق آپ کی حقیقت سمجھنے سے عاجز ہے اور آپ کے نزدیک یا دور سوائے لاجواب رہنے والوں کے کوئی دکھائی نہیں دیتا۔

وَكُلُّ اٰيٍ آتى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا

فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُوْرِهٖ بِهِمِ

وہ تمام معجزات کو حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام لیکر تشریف لائے وہ انہیں حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے نور مبارک سے ملے ہیں۔

فَاِنَّهٗ شَمْسُ فَضْلٍ هُمْ كَوَاكِبُهَا

يُظْهِرْنَ اَنْوَارُهَا لِلنَّاسِ فِى الظُّلَمِ[1]

آنحضرت-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-بزرگی کے آفتاب ہیں اور تمام انبیاء کرام علیہم السلام اس آفتاب سے نور لینے والے سیارے ہیں-سیارے لوگوں کو آفتاب کی روشنی تاریکی میں دیکھایا کرتے ہیں-۔

(۱) قصیدہ بردہ شریف

Marfat.com

اے اھل ایمان! اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی اور تم میں سے جو اولی الامر ہیں انکی اطاعت کرو اگر تم کسی چیز میں جھگڑنے لگو تو اپنے جھگڑے کا فیصلہ اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے ارشاد کے مطابق کرلو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوْا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِى الْاَمْرِ مِنْكُمْ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِىْ شَىْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاوِيْلاً ٥

اے ایمان والو اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو-اپنے ذیشان-رسول کی اور امر والوں-علماء ربانیین -کی جو تم میں سے ہوں پھر اگر جھگڑنے لگو تم کسی چیز میں تو لوٹادو اسے اللہ اور-اپنے-رسول کے فرمان کی طرف اگر تم ایمان رکھتے ہو اللہ پر اور روزِ قیامت پر یہی بہتر ہے اور بہت اچھا ہے اس کا انجام۔

سورۃ النساء: آیت ۵۹

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کا حکم مبارک

اے اھل ایمان! حضور سیدنا رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- جو تمہیں دیں اسے لے لو اور جس سے منع کر دیں اس کے کرنے سے رک جاؤ

وَمَا اٰتَاکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا .

اور رسول اللہ فداہ ابی وامی-صلی اللہ علیہ والہ وسلم- جو تمہیں دیں اسے لے لو اور جس سے تمہیں منع کریں اس سے رک جاؤ۔

سورہ حشر: آیت ۷

137148

Marfat.com

اس امت کے ہر دور میں ایسے منصف و عادل علماء ربانیین ہوں گے جو حد سے بڑھنے والوں کی تحریف، اھل باطل کے جھوٹ اور جاہلوں کی تاویل کو رد کر دیں گے

عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعُذْرِيِّ ـ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ـ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ :

يَحْمِلُ هَذَا الْعِلْمَ مِنْ كُلِّ خَلَفٍ عُدُولُهُ ، يَنْفُونَ عَنْهُ تَحْرِيْفَ الْغَالِيْنَ وَانْتِحَالَ الْمُبْطِلِيْنَ وَتَأْوِيْلَ الْجَاهِلِيْنَ .

مشکاۃ المصابیح رقم الحدیث (۲۳۹) جلد ۱ صفحہ ۱۶۳

قال الالبانی رواه الآجرى ، وغيره وهو مرسل ؛ لأن ابراهيم بن عبدالرحمن العذرى ـ هذا ـ تابعى مقل ، كما قال الذهبى ، وراويه عنه معان بن رفاعة ؛ ليس بعمدة ـ لكن الحديث قد روى موصولا من طريق جماعة من الصحابة ، وصحح بعض طرقه الحافظ العلائي فى بغية الملتمس ۴/۳

Marfat.com

ترجمة الحديث:

سیدنا ابراہیم بن عبدالرحمٰن عذری-رضی اللہ عنہ-نے روایت فرمایا کہ:

حضور سیدنا رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-نے ارشاد فرمایا:

اس علم-علم نبوت-کو اٹھانے والے بعد میں آنے والے لوگوں میں ایسے لوگ ہوں گے جو عادل ومنصف ہوں گے، حد سے بڑھ جانے والوں کی-قرآن وحدیث میں-تحریف کو رد کردیں گے، باطل پرستوں کے جھوٹ وفریب کا ازالہ کریں گے اور جاہلوں کی تاویل کو رد کردیں گے۔

-☆-

Marfat.com

عالم کے لئے آسمان وزمین میں بسنے والے استغفار کرتے ہیں بلکہ پانی میں مچھلیاں بھی استغفار کرتی ہیں، عالم کی فضیلت عابد پر ایسے ہے جیسے چاند کی فضیلت باقی تاروں پر، علماء انبیاء کے وارث ہیں

عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ ـ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ ـ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ ـ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ ـ یَقُوْلُ :

مَنْ سَلَکَ طَرِیْقاً یَلْتَمِسُ فِیْہِ عِلْماً سَھَّلَ اللّٰہُ لَہُ طَرِیْقاً اِلَی الْجَنَّۃِ وَاِنَّ الْمَلَائِکَۃَ لَتَضَعُ اَجْنِحَتَھَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًا بِمَا یَصْنَعُ ، وَاِنَّ الْعَالِمَ لَیَسْتَغْفِرُ لَہٗ مَنْ فِی السَّمٰوَاتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ ، حَتَّی الْحِیْتَانُ فِی الْمَاءِ ، وَفَضْلُ الْعَالِمِ عَلَی الْعَابِدِ کَفَضْلِ الْقَمَرِ عَلٰی سَائِرِ الْکَوَاکِبِ ، وَاِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَاءِ ، وَاِنَّ الْاَنْبِیَاءَ لَمْ یُوَرِّثُوا دِیْنَاراً وَلَا دِرْھَماً ، اِنَّمَا وَرَّثُوا الْعِلْمَ ، فَمَنْ اَخَذَہٗ اَخَذَ بِحَظٍّ وَافِرٍ .

Marfat.com

ترجمة الحديث:

سیدنا ابو درداء -رضی اللہ عنہ- نے فرمایا:

میں نے سنا حضور سید نا رسول اللہ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- ارشاد فرما رہے تھے:

جس نے کوئی راستہ طے کیا علم حاصل کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت تک راستہ آسان کر دیتا ہے۔ بے شک طالب علم کیلئے فرشتے اپنے پر بچھا دیتے ہیں جو وہ کر رہا ہے اس سے خوش ہو کر۔ بے شک عالم کیلئے استغفار کرتی ہے آسمانوں اور زمین کی تمام مخلوق یہاں تک کہ مچھلیاں پانی میں اس کیلئے استغفار کرتی ہیں۔

صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۳۶۴۱)	جلد۲	صفحہ۴۰۷
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۲۹۸)	جلد۲	صفحہ۱۰۷۹
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۸۴)	جلد۱	صفحہ۲۸۴
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرطہما		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۲۴۵)	جلد۹	صفحہ۱۵۹
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۲۲۳)	جلد۱	صفحہ۱۳۵
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۲۸)	جلد۲	صفحہ۲۷۲
قال الالبانی	صحیح		

Marfat.com

عالم کی عابد پر فضیلت ایسے ہے جیسے چاند کی فضیلت باقی تاروں پر۔ بے شک علماء انبیاء کے وارث ہیں-ابنیاء-دینار و درہم کے وارث نہیں بناتے وہ تو علم کا وارث بناتے ہیں۔جس نے اس علم کو لے لیا-حاصل کر لیا-اس نے ان کی وراثت سے کافی حصہ لے لیا۔

-☆-

صحیح ابن حبان رقم الحدیث (۹۲۹) جلد۲ صفحہ۲۷۲
قال الالبانی صحیح

صحیح ابن حبان رقم الحدیث (۹۳۲) جلد۳ صفحہ۲۱۲
قال شعیب الارؤوط اسنادہ صحیح

صحیح ابن حبان رقم الحدیث (۹۳۳) جلد۳ صفحہ۲۱۳
قال شعیب الارؤوط اسنادہ صحیح

الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۵۱۰۶) جلد۴ صفحہ۱۲۰

صحیح الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۷۰) جلد۱ صفحہ۱۳۸
قال الالبانی ھذا حدیث حسن

صحیح الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۸۴) جلد۱ صفحہ۱۳۸
قال الالبانی ھذا حدیث صحیح

Marfat.com

محبوب سبحانی قطب ربانی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد گرامی
قرآن وحدیث کا وہی معنی معتبر ہے جو علماء اھل سنت نے بیان فرمایا

اے سعادت کے نشان والے!

جو کچھ ہم اور تم پر لازم وضروری ہے وہ علماء حق شکر اللہ تعالیٰ سعیھم کے طریقہ کے مطابق کتاب وسنت کے تقاضے کے موافق عقائد کی تصحیح ہے اور اپنے آپ کو ان عقائد پر قائم رکھنا ہے جو علمائے اھل سنت سے اخذ کئے ہیں کیونکہ ہمارا اور تمہارا قرآن وسنت کے کسی معنی کو سمجھنا کچھ اعتبار نہیں رکھتا اگر ان بزرگوں کی آراء کے مطابق نہیں۔

مکتوبات امام ربانی دفتر اول
مکتوب ۱۵۷/جلد ۱/صفحہ ۳۷۵

Marfat.com

محبوب سبحانی مجدد و منور الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد گرامی

قرآن وحدیث کے وہی علوم معتبر ہیں جو علماء اھل سنت نے

قرآن وسنت سے اخذ کئے ہیں

ارباب تکلیف پر پہلے نہایت ضروری ہے کہ علمائے اھل سنت و جماعت شکر اللہ تعالیٰ سعیھم کی راؤں کے موافق عقائد کو درست کریں کیونکہ عاقبت کی نجات انہیں بزرگواروں کی بے خطار اؤں کی تابعداری پر موقوف ہے اور فرقہ ناجیہ بھی یہی لوگ اور ان کے تابعدار حضرات ہیں اور یہی وہ لوگ ہیں جو آنحضرت علیہ الصلاۃ والسلام اور ان کے اصحاب کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے طریق پر ہیں اور ان علوم سے جو کتاب وسنت سے حاصل ہوئے ہیں وہی معتبر ہیں جو ان بزرگواروں نے کتاب وسنت ہی سے اخذ کئے ہیں اور سمجھے ہیں۔

مکتوبات امام ربانی دفتر اول

مکتوب ۱۹۳/جلد ۱/صفحہ ۴۳۳

Marfat.com

علامہ ابن حجر ھیتمی مکی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

تمام مخلوق اگر چہ مبالغہ سے کام لیں یا کثرت سے تعریف کریں
پھر بھی وہ حضور سیدنا نبی کریم فداہ ابی وامی-صلی اللہ علیہ والہ وسلم-
کی تعریف وتوصیف کا حق ادا نہیں کر سکتے

اَرَیٰ کُلَّ مَدْحٍ فِی النَّبِیِّ مُقَصِّرًا
وَاِنْ بَالَغَ الْمُثْنِی عَلَیْهِ وَاَکْثَرَا
اِذَا اللّٰهُ اَثْنَیٰ بِالَّذِیْ هُوَ اَهْلُهُ
عَلَیْهِ فَمَا مِقْدَارُ مَا تَمْدَحُ الْوَرَیٰ؟

میری رائے میں-مخلوق میں سے جس نے بھی حضور فداہ ابی وامی-صلی اللہ علیہ

المنح المکیۃ فی شرح الھمزیۃ صفحہ ۶۹

Marfat.com

والہ وسلم- کی مدحت وتعریف کی ہے-وہ حضور نبی کریم فداہ ابی وامی-صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے حق میں تعریف کا حق ادا کرنے والا نہیں ہے اگر چہ تعریف کرنے والا مبالغہ سے کام لے اور کثرت سے تعریف کرے۔

جب اللہ تعالیٰ نے آپ کی تعریف وتوصیف فرمائی جس کے آپ اھل ہیں تو پھر مخلوق کی تعریف وتوصیف کی کیا حیثیت رھتی ہے۔

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی-صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی
تعریف وتوصیف کا حق ادا ہی نہیں ہوسکتا اس لئے یہ کہنے پر مجبور
ہیں کہ بس اللہ تعالیٰ کے بعد آپ کا ہی مقام ومرتبہ ہے

يَا صَاحِبَ الْجَمَالِ وَيَا سَيِّدَ الْبَشَرِ
مِنْ وَجْهِكَ الْمُنِيْرِ لَقَدْ نُوِّرَ الْقَمَرِ
لَا يُمْكِنُ الثَّنَاءُ كَمَا كَانَ حَقُّهُ
بَعْدَ اَزْ خُدَا بَزُرگ تُوئی قِصَّه مُخْتَصَر

اے صاحب حسن وجمال! اے تمام اولادِ آدم کے سردار!
آپ کے نور برساتے چہرے انور سے ہی چاند کو منور وفروزاں کیا گیا ہے۔
آپ کی تعریف وتوصیف کا جو حق ہے اس کا ادا کرنا ذات باری تعالیٰ کے علاوہ کسی

Marfat.com

کیلئے ممکن ہی نہیں۔

فیصلہ کن بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس جل جلالہ کے بعد آپ ہی کا مقام ومرتبہ ہے۔

ہمارے بعض بزرگوں کی یہ عادت کریمہ ہے کہ جب بھی وہ اپنا خطاب شروع کرتے ہیں تو ان اشعار مبارکہ سے شروع کرتے ہیں۔

Marfat.com

شارح صحیح البخاری سیدنا شھاب الدین قسطلانی -رحمۃ اللہ علیہ- کا بارگاہِ خیر الوریٰ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- میں خراجِ عقیدت ومحبت

فَاَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اَعْظَمُ كَابِرٍ
وَاَنْتَ لِكُلِّ الْخَلْقِ بِالْحَقِّ مُرْسَلٌ ۔

عَلَيْكَ مدَارُ الْخَلْقِ اِذْ اَنْتَ قُطْبُهٗ
وَاَنْتَ مَنَارُ الْحَقِّ تَعْلُو وَتَعْدِلٗ

فُؤَادُكَ بَيْتُ اللّٰهِ دَارُ عُلُوْمِهٖ
وَبَابٌ عَلَيْهِ مِنْهُ بِالْحَقِّ يَدْخُلٗ

يَنَابِيْعُ عِلْمِ اللّٰهِ مِنْهُ تَفَجَّرَتْ
فَفِي كُلِّ حَيٍّ مِنْهُ لِلّٰهِ مَنْهَلٗ

Marfat.com

مُنِحْتَ بِفَيْضِ اللّٰهِ كُلَّ مُفَضَّلِ
فَكُلٌّ لَهُ فَضلٌ بِهٖ مِنْكَ يَفْضُلُ

نَظَمْتَ نِثَارَ الاَنْبِيَاءِ فَتَاجُهُمْ
لَدَيْكَ بِأَنْوَاعِ الْكَمَالِ مُكْمَلُ

۱- یارسول اللہ !فداک ابی وامی! آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور مخلوق میں ہر بڑے سے بھی بڑے ہیں اور آپ تمام مخلوق کیلئے حق و سچ کے ساتھ رسول ہیں۔

۲- تمام مخلوق کا مدار آپ ہیں اور آپ ہی اس کے قطب ہیں اور آپ ہی منارحق -حق کا نور بکھیرنے والے -ہیں ۔آپ ہر بلند سے بلند ہوتے ہیں اور عدل وانصاف فرماتے ہیں۔

۳- آپ کا دل انور اللہ تعالیٰ کا گھر ہے اور اس کے عطا کردہ علوم کا مخزن ومرکز ہے اور اس پر ایک دروازہ ہے جس سے صرف حق و سچ ہی داخل ہوتا ہے۔

۴- اسی دل سے علمِ الٰہی کے چشمے پھوٹتے ہیں اور اسی سے ہر زندہ وذی روح میں لطف وکرم کا چشمہ جاری ہے۔

۵- یارسول اللہ !فداک ابی وامی ! اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آپ کو ہر شرف وفضل سے نوازا گیا ہے اور جس کو جو فضل وکرم ملتا ہے وہ آپ ہی کے دریائے جود و

المواھب اللدنیۃ ۱/۱۹
نفائس الدُّرر من اخبار سید البشر صفحہ ۶۹

Marfat.com

عطا سے ملتا ہے۔

۶- یارسول اللہ! فداک ابی وامی! آپ نے حضرات انبیاء کرام علیہم السلام میں منقسم تمام فضائل وکمالات کو پرولیا ہے۔ پس آپ ان کے سروں کے تاج ہوئے اور آپ کے پاس ہر قسم کا کمال ومرتبہ پورے جوبن کے ساتھ موجود ہے۔

-☆-

Marfat.com

جب سیدنا آدم علیہ الصلاۃ والسلام روح اور جسم کے درمیان تھے
اس وقت سے ہی حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ
والہ وسلم- کیلئے نبوت واجب وثابت ہو چکی تھی

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُمْ قَالُوا : یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ! مَتَی وَجَبَتْ لَكَ النُّبُوَّةُ ؟ قَالَ :

وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

سیدنا ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کیلئے نبوت کب واجب ہوئی؟ آپ نے ارشاد فرمایا: جب حضرت آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے۔

صحیح سنن الترمذی رقم الحدیث (۳۶۰۶) جلد ۳ صفحہ ۴۸۴
قال الالبانی صحیح

Marfat.com

سیدنا آدم علیہ السلام کے جسدِ اطہر میں روح پھونکتے وقت حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کیلئے نبوت کو واجب وثابت کر دیا گیا تھا

أَخْرَجَ الْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ وَأَبُو نُعَيْمٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قِيْلَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَتَىٰ وَجَبَتْ لَكَ النُّبُوَّةُ ؟ قَالَ : بَيْنَ خَلْقِ آدَمَ وَنَفْخِ الرُّوحِ فِيْهِ .

حاکم وبیہقی اور ابونعیم رحمہم اللہ نے سیدنا ابوھریرہ-رضی اللہ عنہ-سے روایت کی کہ حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-سے پوچھا گیا: آپ کیلئے نبوت کب واجب ولازم کی گئی؟ آپ نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل کے سیدنا آدم علیہ السلام کے جسم پاک کی تخلیق اور اس میں روح پھونکنے کے درمیان۔

الخصائص الکبری للسیوطی صفحہ ۴

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کی
نبوت مبارکہ اس وقت منعقد ہو چکی تھی جبکہ سیدنا آدم علیہ السلام
جسم اور روح کے درمیان تھے

اَخْرَجَ الْبَزَّارُ وَالطَّبَرَانِیُّ فِی الْأَوْسَطِ وَأَبُو نُعَیْمٍ مِنْ طَرِیْقِ الشَّعْبِیِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ـ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا ـ قَالَ : قِیْلَ : یَارَسُولَ اللّٰہِ! مَتَی کُنْتَ نَبِیًّا ؟ قَالَ :وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

بزار اور طبرانی رحمہما اللہ نے اوسط میں اور ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ نے بہ طریق شعبی رحمۃ اللہ علیہ کے روایت کی کہ سیدنا ابن عباس -رضی اللہ عنہما- نے فرمایا:

عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ کی نبوت کا انعقاد کب ہوا؟ آپ نے ارشاد فرمایا:
جب آدم علیہ السلام روح وجسم کے درمیان تھے۔

الخصائص الکبری للسیوطی صفحہ ۴

Marfat.com

سیدنا آدم علیہ السلام کا ابھی وجود مبارک نہ بنا تھا اس وقت ہی حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو نبی بنادیا گیا تھا

أَخْرَجَ أَبُونُعَيْمٍ عَنِ الصَّنَابِحِيِّ قَالَ : قَالَ عُمَرُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ : مَتَى جُعِلْتَ نَبِيًّا ؟ قَالَ :

وَآدَمُ مُنْجَدِلٌ فِى الطِّيْنِ. مُرْسَلٌ .

ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ نے صنابحی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی کہ سیدنا عمر-رضی اللہ عنہ-نے فرمایا:

-یارسول اللہ!-آپ کو کب نبی بنایا گیا؟ تو آپ نے فرمایا:

ابھی آدم علیہ السلام اپنے خمیر میں ہی تھے۔ یہ حدیث مرسل ہے۔

الخصائص الکبری للسیوطی صفحہ۴

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-کی
نبوت اس وقت منعقد ہو چکی تھی جبکہ آدم علیہ السلام ابھی روح اور
جسم کے درمیان تھے

أَخْرَجَ ابْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ اَبِی الْجَدْعَاءِ، قَالَ : قُلْتُ : یَارَسُولَ اللّٰهِ ! مَتَی کُنْتَ نَبِیًّا ؟ قَالَ :

اِذْ آدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

ابن سعد رحمۃ اللہ علیہ نے ابن ابی الجد عاء رضی اللہ عنہ سے روایت کی انہوں نے فرمایا کہ میں نے عرض کی:

یارسول اللہ! آپ کب نبی تھے؟ ارشاد فرمایا:

اس وقت جب حضرت آدم علیہ السلام روح وجسد کے درمیان تھے۔

الخصائص الکبری للسیوطی صفحہ ۴

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اس وقت نبوت عطا کر دی گئی تھی جبکہ سیدنا آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے

أَخْرَجَ ابْنُ سَعْدٍ ، عَنْ عَامِرٍ قَالَ : قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ : مَتَى اسْتُنْبِئْتَ ؟ قَالَ :
وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ حِيْنَ اُخِذَ مِنِّى الْمِيْثَاق .

ابن سعد نے بیان کیا کہ سیدنا عامر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

ایک آدمی نے حضور سیدنا نبی کریم- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- سے پوچھا کہ آپ کو کس وقت نبوت دی گئی؟ ارشاد فرمایا:

جب آدم علیہ السلام روح وجسد کے درمیان تھے جس وقت میرے متعلق میثاق لیا گیا۔

الخصائص الکبری للسیوطی صفحہ ۴

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے منصب نبوت کی حضرات انبیاء کرام -علیہم السلام- کی تخلیق سے پہلے ہی ابتدا کر دی گئی

اَخْرَجَ ابْنُ أَبِیْ حَاتِمٍ فِیْ تَفْسِیْرِہٖ وَأَبُو نُعَیْمٍ فِی الدَّلَائِلِ مِنْ طُرُقٍ عَنْ قَتَادَۃَ ،عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ أَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ ـ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی قَوْلِہٖ تَعَالَی :

وَاِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَھُمْ .اَلْآیَۃ قَالَ : کُنْتُ أَوَّلَ النَّبِیّٖنَ فِی الْخَلْقِ وَآخِرَھُمْ فِی الْبَعْث فَبَدَأَ بِہٖ قَبْلَھُمْ .

ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں اور ابونعیم نے الدلائل میں بہ طرق متعددہ حضرت قتادہ سے انہوں نے حضرت حسن سے انہوں نے حضرت ابوھریرہ رضی اللہ

الخصائص الکبری للسیوطی صفحہ ۳

Marfat.com

عنہ سے اور انہوں نے حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- سے اس آیت کریمہ وَاِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ .کی تفسیر کے تحت روایت کی کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

میں تخلیق میں اول النبیین ہوں اور بعثت میں ان کے بعد ہوں مگر میرے منصب نبوت کی ان سے پہلے ابتداء کر دی گئی۔

Marfat.com

جب سیدنا آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے
حضور سیدنا نبی کریم۔فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔ کی
نبوت اس وقت منعقد ہو چکی تھی

أَخْرَجَ ابْنُ سَعْدٍ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ مَتَى كُنْتَ نَبِيًّا ؟ قَالَ : بَيْنَ الرُّوْحِ وَالطِّيْنِ مِنْ آدَمَ .

ابن سعد نے مطرف بن عبداللہ بن الشخیر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ ایک آدمی نے حضور سیدنا رسول اللہ۔فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔ سے عرض کی:

آپ فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نبوت کا انعقاد کب ہوا؟ آپ نے فرمایا:

اس وقت جب ابوالبشر روح اور مٹی کے درمیان تھے۔

الخصائص الکبری للسیوطی صفحہ ۴

Marfat.com

شارح بخاری سیدنا قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

عالم ارواح میں حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی نبوت واجب وثابت ہو چکی تھی اور اس کا خارج میں ظہور بھی ہوا تھا

مَتَى كُتِبْتَ نَبِيًّا ؟ قَالَ : وَآدَمَ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

فَتُحْمَلُ هٰذِهِ الرِّوَايَةُ مَعَ رِوَايَةِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ عَلٰى وُجُوْبِ نَبُوَّتِهٖ وَثُبُوْتِهَا، وَظُهُوْرِهَا فِى الْخَارِجِ ، فَاِنَّ الْكِتَابَةَ تُسْتَعْمَلُ فِيْمَا هُوَ وَاجِبٌ. قَالَ تَعَالٰى :

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ .....و .....كَتَبَ اللّٰهُ لَأَغْلَبَنَّ .

المواهب اللدنیۃ جلد ۱ صفحہ ۴۱

سورہ بقرہ: ۱۸۳

سورہ مجادلہ: ۲۱

Marfat.com

یارسول اللہ! فداک ابی وامی صلی اللہ علیک وسلم! آپ کی نبوت کب واجب ولازم کی گئی؟ فرمایا:

جبکہ سیدنا آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے۔

اس روایت کو حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے ساتھ ملا کر ہم آپ کی نبوت کا خارج میں وجوب یا ثبوت اور ظہور مراد لیتے ہیں کیونکہ کتابۃ کا لفظ اس بات کیلئے استعمال ہوتا ہے جو واجب ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے:

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ .... تم پر روزے فرض کئے گئے۔

كَتَبَ اللّٰهُ لَأَغْلَبَنَّ اَنَا وَرُسُلِىْ . میں نے لازم کر دیا کہ میں اور میرے رسول ضرور غالب رہیں گے۔

اس حدیث پاک کو پڑھ کر ایک مرتبہ صفحہ 30 پر درج محبوب سبحانی قطب ربانی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشادِ گرامی پڑھئے:

قرآن وحدیث کا وہی معنی معتبر ہے جو علماء اھل سنت نے بیان فرمایا۔

اس حدیث کا صرف اور صرف عالم ارواح میں حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی نبوت کا ثبوتِ وجوب اور خارج میں ظہور مراد ہوگا اور بس۔

Marfat.com

سیدنا آدم-علیہ الصلاۃ والسلام-جب روح وجسم کے درمیان تھے
اس وقت ہمارے نبی-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کیلئے نبوت
ثابت وواجب ہوچکی تھی اوراس کا خارج میں ظہور بھی ہوچکا تھا

فِیْ رِوَایَۃً لِاَحْمَدَ وَغَیْرِہٖ عَنْ مَیْسَرَۃَ الْفَجْرِ قَالَ : قُلْتُ :
یَارَسُوْلَ اللّٰہِ! مَتَی کُنْتَ نَبِیًّا ؟ قَالَ :
وَفِیْ رِوَایَۃٍ : مَتَی کُتِبْتَ نَبِیًّا ؟
وَفِیْ رِوَایَۃٍ : مَتَی وَجَبَتْ لَکَ النُّبُوَّۃَ ؟ قَالَ :
وَآدَمَ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .
وَمَعْنَی "وَجُوْبُ النُّبُوَّۃِ وَکِتَابَتُھَا" ثُبُوْتُ النُّبُوَّۃِ وَظُھُوْرُھَا فِی الْخَارِجِ لَا تَقْدِیْراً ، نَحْوَ :
کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ .....و ....کَتَبَ اللّٰہُ لَأَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ.

Marfat.com

حضرت میسرہ ضبی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کب سے نبی ہیں؟

اور ایک روایت میں: آپ کیلئے کب نبوت کو واجب ولازم کیا گیا؟

اور ایک روایت میں ہے: آپ کیلئے نبوت کب واجب ہوئی؟ آپ نے ارشاد فرمایا: جب حضرت آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے۔

آپ کی نبوت کا خارج میں وجوب یا ثبوت اور ظہور مراد لیتے ہیں کیونکہ کتابۃ کا لفظ اس بات کیلئے استعمال ہوتا ہے جو واجب ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے:

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ .... تم پر روزے فرض کئے گئے۔

كَتَبَ اللّٰهُ لَأَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِىْ . میں نے لازم کر دیا کہ میں اور میرے رسول ضرور غالب رہیں گے۔

-☆-

نفائس الدُّرر من اخبار سید البشر صفحہ ۷۰، ۷۱

صحیح سنن الترمذی رقم الحدیث (۳۶۰۶) جلد ۳ صفحہ ۴۸۴

قال الالبانی صحیح

مسند الامام احمد رقم الحدیث (۲۰۵۹۶) جلد ۳۴ صفحہ ۲۰۲

قال شعیب الارنووط اسنادہ صحیح، رجالہ ثقات رجال الصحیح غیر صحابیہ میسرۃ الفجر

المواھب اللدنیۃ جلد ۱ صفحہ ۴۱

سورہ بقرہ: ۱۸۳

سورہ مجادلہ: ۲۱

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے تمام جہانوں وہ عوالم انوار ارواح ہوں یا عوالم ظلمات و اشباح ہوں، سے پہلے حضور سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی نبوت ورسالت، انکی سیادت، انکی جلالتِ شان اور ان کے قربِ الٰہی کی شان سمیت پیدا فرمایا یہ اس وقت تھا جبکہ اللہ تعالیٰ نے نہ سیدنا آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا نہ ان سے دون کو اور نہ ان سے فوق کو کیونکہ اللہ تعالیٰ کے ہاں کوئی بھی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر عارف محبوب اور قربِ الٰہی کی نعمت سے سرفراز نہ تھا

اِعْلَمُوْا اَنَّ سَیِّدَنَا مُحَمَّداً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَرَادَ الرَّبُّ جَلَّ جَلَالُہُ ، وَعَزَّ جَمَالُہُ اَنْ یَکُوْنَ لَہُ الْمَرْبُوْبُ فَتَحَ مِنْہُ عُیُوْنَ جَمِیْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ فَظَھَرَ مِنْہُ اَصْلٌ مُمِدٌّ لِلْعَوَالِمِ کُلِّھَا ، فَنَظَرَ الرَّبُّ جَلَّ

Marfat.com

جَلَالُهُ ، وَعَزَّ جَمَالُهُ اِلٰی نَفْسِهٖ بِهٖ فِیْ جَمِیْعِ عَوَالِمِ الْاَنْوَارِ وَالْاَرْوَاحِ، وَفِیْ جَمِیْعِ عَوَالِمِ الظُّلُمَاتِ وَالْاَشْبَاحِ ، فَظَهَرَتْ نَفْسُ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِنُبُوَّتِهٖ وَرِسَالَتِهٖ وَسِیَادَتِهٖ وَعَظِیْمِ قَدْرِهٖ وَجَلَالَةِ قُرْبِهٖ مِنْ رَبِّهٖ قَبْلَ اَنْ یَخْلُقَ اللّٰهُ آدَمَ وَمَنْ دُوْنَهٗ وَمَنْ فَوْقَهٗ مِنْ جَمِیْعِ الْاَکْوَانِ ، لِاَنَّهٗ لَا اَعْرَفُ وَلَا اَحَبُّ وَلَا اَقْرَبُ مِنْهُ اِلٰی حَضْرَةِ الْکَبِیْرِ الْعَظِیْمِ الرَّحْمٰنِ .

جان لیجئے کہ ہمارے آقا و مولیٰ سیدنا محمد مصطفیٰ -صلی اللہ علیہ والہ وسلم- جب رب جل جلالہ وعز جمالہ نے ارادہ فرمایا کہ اس کا مربوب ہو تو اس نے آپ سے تمام موجودات کے چشمے کھول دیئے تو اس سے ایک اصل ظاہر ہوئی جو تمام جہانوں کیلئے مددگار ہے تو رب تعالیٰ جل جلالہ وعز جمالہ نے اس کے ذریعے اپنی ذات کی طرف دیکھا تمام عالم انوار وارواح میں اور تمام عالم ظلمات واشباح میں دیکھا تو سیدنا محمد مصطفیٰ -صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی ذات اقدس اپنی نبوت ورسالت ، اپنی سیادت ، اپنے عظیم مرتبہ اور اپنے رب تعالیٰ سے قرب کی جلالت شان سے ظاہر ہوئی اس سے پہلے کہ اللہ تعالیٰ آدم علیہ السلام ، ان کے کم اور ان کے فوق کو پیدا فرماتا تمام عالمین میں کیونکہ حضور -صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی ذات اقدس سے بڑھ کر کوئی اللہ تعالیٰ کا عرفان حاصل کرنے والا ، اس سے محبت کرنے والا اور کبیر و عظیم رحمان جل جلالہ کے قرب کی دولت سے سرفراز نہ تھا۔

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد ۳ صفحہ ۳۷۱

Marfat.com

فقیہ عصر یادگارِ اسلاف سیدی وابی

حضور قبلہ مفتی محمد امین صاحب دامت برکاتہم العالیہ کا عقیدہ

حضور فقیہ عصر زید مجدہٗ کے وہی عقائد ہیں جو کہ سیدی اعلیٰ حضرت امام اھل سنت بریلوی قدس سرہ اور سیدی وسندی محدث اعظم پاکستان حضرت مولانا سردار احمد قدس سرہٗ کا عقیدہ ونظریہ ہے کہ حبیب خدا سید الانبیاء -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اس وقت بھی بالفعل نبی تھے جبکہ سیدنا آدم علیہ السلام کی ابھی تخلیق نہ ہوئی تھی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّى وَنُسَلِّمُ عَلٰى حَبِيْبِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ .

Marfat.com

امابعد:۔

سید العالمین نبی الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نبوت کے متعلق فقیر کا وہی عقیدہ ونظریہ ہے جو کہ سیدی اعلیٰ حضرت امام اھل سنت بریلوی قدس سرہٗ اور سیدی وسندی محدث اعظم پاکستان حضرت مولانا سردار احمد قدس سرہٗ کا عقیدہ ونظریہ ہے کہ حبیب خدا سید الانبیاء صلی اللہ علیہ والہ وسلم اس وقت بھی بالفعل نبی تھے جبکہ سیدنا آدم علیہ السلام کی ابھی تخلیق نہ ہوئی تھی جیسے کہ خود سید العالمین صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا اپنا ارشاد گرامی ہے:

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ اَوْ كَمَا قَالَ ۔ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ۔ .

والسلام

فقیر ابوسعید محمد امین غفرلہٗ

Marfat.com

سیدنا محدثِ اعظم پاکستان ہمارے بزرگوں کے آقائے
نعمت-رحمۃ اللہ علیہ رحمۃ واسعۃ-کا عقیدہ مبارکہ
حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-
اعلانِ نبوت سے پہلے بھی نبی تھے بلکہ آپ پیدائشی نبی تھے بلکہ
آپ عالمِ ارواح میں بھی نبوت سے سرفراز فرمائے گئے تھے

اَلْاَظْهَرُ اَنَّهٗ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ - كَانَ نَبِيًّا بَعْدَ الْوِلَادَة وَقَبْلَ الْوِلَادَةِ مِنْ عَالَمِ الْاَرْوَاحِ ، وَلٰكِنْ ظَهَرَ نُبُوَّتُهٗ وَرِسَالَتُهٗ عِنْدَ النَّاسِ بَعْدَ الْاَرْبَعِيْنَ .

اظہر بات یہ ہے کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ولادت طیبہ کے

حاشیہ مشکوۃ المصابیح صفحہ ۱۲۸

Marfat.com

بعد سے ہی نبی تھے بلکہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ولادت باسعادت سے پہلے عالم ارواح میں بھی نبی تھے لیکن آپ کی نبوت ورسالت اس جہاں کے لوگوں کیلئے آپ کی ظاہری عمر پاک کے چالیس سال بعد باذن اللہ تعالیٰ ظاہر ہوئی۔

-☆-

حضور محدثِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی تحریر کا عکس اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

باب — الفصول فی وجبت وجہی الی الاصول وبعض الفروع ۱۲۸ فی الاضحیہ

فای ایام العمل الصالح فیہن احب الی اللہ من ھذہ الایام العشرۃ قالوا یا رسول اللہ ولا الجہاد فی سبیل اللہ قال ولا الجہاد فی سبیل اللہ الا رجل خرج بنفسہ وما لہ فلم یرجع من ذلک بشیء رواہ البخاری

الفصل الثانی عن جابر قال ذبح النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم الذبح کبشین اقرنین املحین موجوئین فلما وجہہما قال انی وجہت وجہی للذی فطر السموٰت والارض علی ملۃ ابراہیم حنیفا وما انا من المشرکین ان صلوتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین لا شریک لہ وبذلک امرت وانا من المسلمین اللھم منک ولک عن محمد وامتہ بسم اللہ واللہ اکبر ثم ذبح رواہ احمد وابو داود وابن ماجۃ وللدارمی نحوہ وفی روایۃ لاحمد وابی داود والترمذی ذبح بیدہ وقال بسم اللہ واللہ اکبر اللھم ھذا عنی وعمن لم یضح من امتی وعن خشیف قال رایت عتیا یضحی بکبشین فقلت لہ ما ھذا فقال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اوصانی ان اضحی عنہ فانا اضحی عنہ رواہ ابو داود وروی الترمذی نحوہ وعن علی قال امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان نستشرف العین والاذن وان لا نضحی بمقابلۃ ولا مدابرۃ ولا شرقاء ولا خرقاء رواہ الترمذی وابو داود والنسائی والدارمی وابن ماجۃ واتمت روایتہ الی قولہ والاذن وعنہ قال نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان نضحی باعضب القرن والاذن رواہ ابن ماجۃ وعن البراء بن عازب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سئل ما اذا یتقی من الضحایا فاشار بیدہ فقال اربعا العرجاء البین ظلعہا والعوراء البین عورہا والمریضۃ البین مرضہا والعجفاء التی لا تنقی رواہ مالک واحمد والترمذی وابو داود والنسائی وابن ماجۃ والدارمی وعن ابی سعید قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یضحی بکبش اقرن فحیل ینظر فی سواد ویاکل فی سواد ویمشی فی سواد رواہ الترمذی وابو داود والنسائی وابن ماجۃ وعن مجاشع من بنی سلیم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول ان الجذع یوفی مما یوفی منہ الثنی رواہ ابو داود والنسائی وابن ماجۃ وعن ابی ھریرۃ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول نعمت الاضحیۃ الجذع من الضان رواہ الترمذی وعن ابن عباس قال کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر فحضر الاضحی فاشترکنا فی البقرۃ سبعۃ وفی البعیر عشرۃ رواہ الترمذی والنسائی وابن ماجۃ وقال الترمذی ھذا حدیث غریب وعن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما عمل ابن ادم من عمل یوم النحر احب الی اللہ من اھراق الدم وانہ لیاتی یوم القیمۃ بقرونہا واشعارہا واظلافہا وان الدم لیقع من اللہ بمکان قبل ان یقع بالارض فطیبوا بہا نفسا رواہ الترمذی وابن ماجۃ وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من ایام احب الی اللہ ان یتعبد لہ فیہا من عشر ذی الحجۃ یعدل صیام کل یوم منہا بصیام سنۃ وقیام کل لیلۃ منہا بقیام لیلۃ القدر رواہ الترمذی وابن ماجۃ وقال الترمذی فی سندہ ضعف

الفصل الثالث عن جندب بن عبد اللہ قال شہدت الاضحی یوم النحر مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلم یعد ان صلی وفرغ من صلوتہ وسلم فاذا ھو یری

لہ قولہ ھذہ الایام العشرۃ اختلفوا فی ان ھذہ العشرۃ افضل ام عشرۃ رمضان والمختار ان ایام ذی العشرۃ افضل لورود الحث فیہا والی عشرۃ رمضان افضل لورود لیلۃ القدر فیہا ذکرہ الشیخ المحدث الدہلوی

لہ قولہ علی کما صلیت علی ابراہیم ھل من التفاعل ای کما صلیت علی ابراہیم ای انعم علیہ بالنبوۃ او علی ابراہیم ای اثن علیہ بین الملائکۃ والانبیاء علیہم السلام بالکلمۃ الثابتۃ التی ہی التوحید المقتضی علی الطریقۃ المستقیمۃ بحیث لا یلتفت الی ما سوی المولی ولذا لما قال لجبریل ہل لک حاجۃ قال اما الیک فلا مرقاۃ

لہ قولہ ما انا من المشرکین لا شرکا جلیا ولا خفیا قال السید لقلۃ من الانبیاء اختلف العلماء فی ان نبینا صلی اللہ علیہ وسلم قبل النبوۃ ہل کان متعبدا بشرع قبلہ کان علی شریعۃ ابراہیم او غیرہ او موسی او قبل عیسی او لا والصحیح انہ لم یکن متعبدا بشرع لنسخ الکل شریعتہ جمیعا وشرعہ کان ثابتا بالوحی قال اللہ تعالی ما کنت تدری ما الکتاب ولا الایمان ای شرائعہ واحکامہ لیقینہ ان عیسی کان مبعوثا الی بنی اسرائیل فلا یکون ناسخا لادیان ابراہیم من اسمٰعیل قال العلماء کان مبعوثا الی کافۃ الخلق ولم یعبد صنما قط اجماعا وکان عباداتہ غیر معلومۃ لنا قال ابن برہان وقیل انہ حرم قبل مجیئہ خمارہ وکلما ورد فی حقہ من جملۃ معجزاتہ قلت فیہ بحث ثم قال قد یکون قبل البعثۃ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بظہر الغیب یعنی الحق تعالی ابراہیما وکمل بان یکون نبیا قبل ان یکون رسولا فیکون رسولا وانما بعد النبوۃ فلم یکن علی شرع سوی شریعتنا اجماعا والاظہر انہ کان قبل الاربعین بدلیل ما قدم بعد ما صار نبیا ثم صار رسولا مرقاۃ

لہ قولہ تستشرف الخ ای تنظر ہل بہا نقصان یمنع عن جواز التضحیۃ بہا لمعات

لہ قولہ العرجاء بالنصب بدل من اربعا ویجوز الرفع علی الخبر وکذلک اخواتہا کذا فی بعض الشروح لمعات

لہ قولہ البین ظلعہا بالسکون یعنی العرج وفی القاموس ظلع البعیر کمنع فہو ظالع فی مشیہ واصلہ الظلع بالضم وارض ذات قوائم الحجارۃ وقال العرجاء التی لا تمشی مع الشاۃ والبقر والبین عرجہا بان یکون ذہب احدی یدیہا کلہا او اکثرہا وقد اختلفت الروایات عن ابی حنیفۃ فی قدر الاکثر وقد ذکر فی الہدایۃ بالتفصیل ذکرہ الشیخ المحدث الدہلوی

لہ قولہ ولا المدابرۃ ہی التی کسر ہما من خلف والشرقاء التی قطع شحمۃ اذنہا والخرقاء التی خرق اذنہا للوسم والخلقاء ہی الناقص الخلق من کثرۃ اللحم او ان یکون لہا قرون لا تنمو وقد یکسر ما فی الاذن والقرن

لہ قولہ لا اضحیۃ الجذع من الضان کذا وجد بخطہ وکذلک اخواتہا کذا فی بعض الشروح لمعات لہ قولہ فی الاضحیۃ الخ لمعات

لہ قولہ من اہراق الدم ولذلک قال علماؤنا التضحیۃ بہا افضل من التصدق من الاضحیۃ لانہا تقع واجبۃ او مسنونۃ والتصدق تطوع فتفضل علیہ لما تلفظ بالفوت وقتا بالصدقۃ توفیہا فی اوقات کلما قربت منزلۃ الطوات والصلوٰۃ فی حق الآفاقی مرقاۃ المفاتیح

Marfat.com

حکیم الامۃ مفتی احمد یار خان رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نبوت نہ زمانہ سے مقید ہے، نہ جگہ کے ساتھ اور نہ ہی کسی قوم کے ساتھ بلکہ آپ ساری مخلوق کے رسول ہیں

یعنی پھر اے پیغمبرو! تمہارے زمانہ میں وہ رسول مطلق حبیب مختار جناب احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم -تشریف لے آئیں جن کی نبوت نہ زمانہ سے مقید ہے نہ جگہ سے نہ کسی قوم سے بلکہ ساری خلقت کے رسول ہیں۔

تفسیر نعیمی جلد۳ صفحہ۶۵۷

Marfat.com

حکیم الامۃ مفتی احمد یار خان رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-
تمام انبیاء کرام-علیہم السلام-کے نبی ہیں اور تمام رسولان
عظام-علیہم السلام-آپ کے امتی ہیں

یہ ہی آیت کریمہ جس سے معلوم ہوا کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-
نبیوں کے بھی نبی ہیں اور سارے پیغمبر آپ کے امتی۔

تفسیر نعیمی جلد۳ صفحہ۴۴۰

Marfat.com

حکیم الامۃ مفتی احمد یار خان رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

سیدنا آدم علیہ السلام جب روح اور جسم کے درمیان تھے اس وقت ہمارے نبی۔فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم حقیقتاً نبی تھے نہ کہ صرف علم الٰہی میں

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ۔رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ۔قَالَ :قَالُوا : یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! مَتَیٰ وَجَبَتْ لَكَ النُّبُوَّةَ ؟ قَالَ :

وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .-رواہ الترمذی-

یعنی جب کہ حضرت آدم کے جسم میں روح پھونکی نہ گئی تھی اس وقت ہم نبی تھے۔ اس حدیث کا مطلب یہ نہیں کہ ہم علم الٰہی میں نبی تھے کہ اللہ تعالیٰ جانتا تھا کہ ہم نبی ہوں گے کیونکہ اللہ تعالیٰ تو تمام انبیاء کرام کی نبوت کو جانتا تھا پھر اس میں حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی خصوصیت کیا۔

مرآۃ شرح مشکاۃ جلد ۸ صفحہ ۲۰

Marfat.com

حکیم الامت سیدنا مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-
ولادت سے قبل عالم ارواح میں نبی تھے

حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو نفسِ علم غیب تو ولادت سے پہلے ہی عطا ہو چکا تھا کیونکہ آپ ولادت سے قبل عالم ارواح میں نبی تھے كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ اور نبی کہتے ہی اس کو ہیں جو غیب کی خبر رکھے۔

جاء الحق جلد ۱ صفحہ ۱۳۵

Marfat.com

حکیم الامت مولانا مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

سیدنا آدم علیہ السلام جب آب وگل میں تھے حضور سیدنا نبی کریم

-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اس وقت بھی نبی تھے

حضرت مولانا مفتی احمد یار خاں نعیمی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- اس وقت نبی ہیں جبکہ آدم علیہ السلام آب وگل میں ہیں خود فرماتے ہیں:

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ

اس وقت حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نبی ہیں بشر نہیں۔

جاء الحق جلد ۱ صفحہ ۱۷۳

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-عالم ارواح میں وصفِ نبوت سے متصف تھے یاد رہے جسمانی نبوت کیلئے شرط ہے کہ نبی انسان ہو روحانی نبوت کیلئے یہ شرط نہیں ہے یا انسانیت کیلئے اولادِ آدم ہونا ضروری نہیں سیدہ حواء انسان ہیں اولادِ آدم نہیں اسی طرح وہ مخلوق جو جنت بھرنے کیلئے پیدا کی جائے گی وہ انسان تو ہوگی لیکن اولادِ آدم نہیں

یہاں مرقات نے فرمایا کہ یہ حدیث مختلف الفاظ سے مروی ہے چنانچہ ابن سعد نے اور ابونعیم نے حلیہ میں طبرانی نے کبیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یوں روایت کی:

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ.

امام احمد نے اور بخاری نے اپنی تاریخ میں اور حاکم نے اور ابونعیم نے دلائل میں

Marfat.com

سیدنا ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعا روایت کی:

كُنْتُ اَوَّلَ النَّبِيِّيْنَ فِى الْخَلْقِ وَآخِرَهُمْ فِى الْبَعْثِ .

ہم پیدائش میں تمام نبیوں سے پہلے ہیں، بعثت میں سب کے بعد۔ دانہ سب سے پہلے زمین میں جاتا ہے اور آخر میں وہی دانہ نمودار ہوتا ہے۔

ہم نے عرض کیا ہے:

باغ رسالت کی ہیں جڑ اور ہیں بہار آخری
مبدا جو اس گلشن کے تھے وہ منتہی یہ ہی تو ہیں

خیال رہے کہ جسمانی نبوت کیلئے شرط ہے کہ نبی انسان ہوں اور انسانی سلسلہ حضرت آدم سے شروع ہوتا ہے۔ روحانی نبوت کیلئے یہ شرط نہیں لہٰذا اس فرمان عالی پر یہ اعتراض نہیں کہ نبی انسان ہونے چاہئیں اس وقت حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-صفت انسانیت سے موصوف نہ تھے یا یوں کہو کہ انسانیت کیلئے اولاد آدم کا ہونا ضروری نہیں ہے۔

حضرت بی بی حوا انسان ہیں مگر اولاد آدم نہیں یوں ہی جو مخلوق جنت بھرنے کیلئے پیدا کی جاوے گی وہ انسان ہوگی مگر اولاد آدم نہ ہوگی لہٰذا اس وقت بھی حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-انسانیت کی صفت سے موصوف تھے۔

مراٰت المناجیح شرح مشکوۃ المصابیح جلد ۸ صفحہ ۱۹، ۲۰

Marfat.com

حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی اشرفی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے مدرسہ
سے تمام انبیاء کرام علیہم السلام تعلیم پا کر دنیا میں تشریف لاتے رہے

عَنْ أَبِی ذَرٍّ الْغِفَارِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : قُلْتُ : یَارَسُولَ اللّٰهِ! کَیْفَ عَلِمْتَ أَنَّكَ نَبِیٌّ حَتَّی اسْتَیْقَنْتَ ؟ فَقَالَ :

یَا أَبَا ذَرٍّ ! أَتَانِی مَلَکَانِ ، وَأَنَا بِبَعْضِ بَطْحَاءِ مَکَّةَ ، فَوَقَعَ أَحَدُهُمَا اِلَی الْأَرْضِ ، وَکَانَ الآخَرُ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ : أَهُوَ هُوَ ؟ قَالَ : نَعَمْ . قَالَ زِنْهُ بِرَجُلٍ ، فَوُزِنْتُ بِهِ فَوَزَنْتُهُ ، ثُمَّ قَالَ : فَزِنْهُ بِعَشَرَةٍ ، فَوُزِنْتُ بِهِمْ فَرَجَحْتُهُمْ ، ثُمَّ قَالَ : زِنْهُ بِمِئَةٍ فَوُزِنْتُ بِهِمْ فَرَجَحْتُهُمْ ، ثُمَّ قَالَ : زِنْهُ بِأَلْفٍ فَوُزِنْتُ بِهِمْ فَرَجَحْتُهُمْ کَأَنِّی أَنْظُرُ اِلَیْهِمْ یَنْتَثِرُونَ عَلَیَّ مِنْ خِفَّةِ الْمِیزَانِ ، قَالَ :

Marfat.com

فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ : لَوْ وَزَنْتَهُ بِأُمَّتِهِ لَرَجَحَهَا .

روایت ہے سیدنا ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہیں: میں نے عرض کی:

یارسول اللہ! آپ نے کیسے جانا کہ آپ اللہ کے نبی ہیں حتی کہ آپ نے یقین کر لیا تو فرمایا:

اے ابوذر! میرے پاس دو فرشتے آئے جبکہ میں مکہ کے بعض پتھریلے علاقہ میں تھا تو ان میں سے ایک تو زمین کی طرف آ گیا اور دوسرا آسمان وزمین کے درمیان رہا تو ان میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا:

کیا یہ وہی ہیں؟ اس نے کہا: ہاں، اس نے کہا کہ انہیں ایک آدمی سے تولو میں اس سے تولا گیا تو میں وزنی ہوا پھر اس نے کہا: انہیں دس سے تولو تو میں ان سے تولا گیا تو میں ان پر وزنی ہوا پھر اس نے کہا کہ انہیں سو سے تولو تو میں ان سے تولا گیا تو میں ان پر بھاری ہوا پھر وہ بولا انہیں ہزار سے تولو تو میں ان سے تولا گیا تو میں ان پر بھاری ہو گیا گویا کہ میں انہیں دیکھ رہا ہوں کہ وہ پلہ ہلکا ہونے کی وجہ سے مجھ پر گرے پڑتے ہیں تو ان میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا کہ اگر تم انہیں ان کی پوری امت سے تولو تو بھی یہ سب پر بھاری ہوں گے۔

-☆-

مسند الدارمی رقم الحدیث (۱۴) جلد ۱ صفحہ ۱۶۴

قال المحقق اسنادہ احمد بن عبد الجبار قال ابن حجر ولکن سماعہ للسیرۃ صحیح

Marfat.com

شرح حدیث:

یعنی حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-آپ نے دنیا میں آ کر اپنی نبوت یہاں کے کس سبب سے پہچانی لہٰذا یہ سوال ان احادیث کے خلاف نہیں جن میں ہے کہ ہم اس وقت نبی تھے جب آدم علیہ السلام آبوگل میں تھے یا بچپن شریف میں ہم کو شجر وحجر سلام کرتے تھے۔آپ کی نبوت کا اعلان آپ کی ولادت پاک سے پہلے ہو چکا تھا۔دنیا بھر نے آپ کو نبی جان لیا تھا پڑھو وہ معجزات جو حمل شریف اور ولادت پاک کے وقت تمام دنیا میں ظاہر ہوئے۔رب فرماتا ہے:

يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَاءَ هُمْ .

انسان اپنے بیٹے کو اس کی ولادت سے پہلے ہی جانتا ہے۔

یعنی کیا یہ وہ ہی نبی ہیں جن کا اعلان فرشتوں میں کیا جا چکا ہے جن پر ایمان لانے کا عہد و پیمان نبیوں سے ہمارے سامنے لیا جا چکا ہے، جن کی دعائیں جناب خلیل نے مانگی، جن کی بشارتیں جناب مسیح نے دی ہیں، جن کے مدرسہ میں سارے نبی تعلیم پا کر دنیا میں آتے رہے جو آگے چل کر سارے جہان کا سہارا مومنوں کی آنکھوں کا تارا ہوں گے وغیرہ وغیرہ۔

مراءت المناجیح شرح مشکوۃ المصابیح جلد ۸ صفحہ ۳۸، ۳۹، ۴۰

Marfat.com

علامہ نور بخش توکلی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی روح پاک کو عالم ارواح میں وصفِ نبوت سے سرفراز فرمادیا گیا تھا

حضرت علامہ نور بخش توکلی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

اور عالم ارواح ہی میں اس روح سراپا نور کو وصف نبوت سے سرفراز فرمایا چنانچہ ایک روز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-سے پوچھا کہ آپ کی نبوت کب ثابت ہوئی؟ آپ نے فرمایا:

وَآدَمَ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

یعنی میں اس وقت بھی نبی تھا جب آدم-علیہ السلام-کی روح نے جسم سے تعلق نہ پکڑا تھا۔

سیرت رسول عربی صفحہ ۱۳ فرید بک سٹال

Marfat.com

صدر الشریعت سیدنا محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

سب سے پہلے مرتبہ نبوت حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو ملا تمام انبیاء کرام علیہم السلام حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے امتی ہیں اس لئے آپ نبی الانبیاء ہیں

سب سے پہلے مرتبہ نبوت حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو ملا، حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نبی الانبیاء ہیں اور تمام انبیاء حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے امتی ہیں۔ سب نے اپنے اپنے عہدِ کریم میں حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نیابت میں کام کیا۔

بہار شریعت حصہ اول، صفحہ ۱۱۳

Marfat.com

سیدنا اعلیٰ حضرت امام اھلسنت رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

ازل سے ابد تک، ارض وسما میں، اولیٰ وآخرت میں، دنیا ودیں میں
روح وجسم میں، چھوٹی یا بڑی، بہت یا تھوڑی جو نعمت کسی کو ملی یا ملتی ہے
یا ملے گی وہ سب حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ
وسلم-کی بارگاہ جہاں پناہ سے بٹی، بٹتی ہے اور ہمیشہ بٹتی رہے گی

قَالَ عَزَّ مَجْدُهٗ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝
اے محبوب! ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کیلئے۔
عالم ماسوی اللہ کو کہتے ہیں جس میں انبیاء وملائکہ سب داخل تو لا جرم حضور پرنور سید
المرسلین-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ان سب پر رحمت ونعمت رب الارباب

تجلی الیقین از سیدنا اعلیٰ حضرت امام اھل سنت صفحہ ۱۸

Marfat.com

ہوئے اور وہ سب حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی سرکار عالم مدار سے بہرہ مند وفیضاب،اس لئے اولیائے کاملین وعلمائے عاملین تصریحیں فرماتے ہیں کہ ازل سے ابد تک ارض وسما میں،اُولیٰ وآخرت میں،دنیا ودین میں،روح وجسم میں،چھوٹی یا بڑی، بہت یا تھوڑی جونعمت ودولت کسی کوملی یا اب ملتی ہے یا آئندہ ملے گی،سب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ جہاں پناہ سے بٹی اور بٹتی ہے اور ہمیشہ بٹے گی۔

كَمَا بَيَّنَّاهُ بِتَوْفِيقِ اللّٰهِ تَعَالٰى فِىْ رِسَالَتِنَا سَلْطَنَةُ الْمُصْطَفٰى فِى مَلَكُوْتِ كُلِّ الْوَرٰى .[1]

نبوت بھی اللہ تعالیٰ کی ایک نعمت ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں اعظم نعمت ہے۔

[1] تجلی الیقین صفحہ ۱۸

Marfat.com

اعلیٰ حضرت امام اھلسنت رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-
اول النبیین بھی ہیں اور آخر النبیین بھی ہیں

فتحِ بابِ نبوت پہ بے حد درود
ختمِ دورِ رسالت پہ لاکھوں سلام

حدائق بخشش از سیدنا اعلیٰ حضرت امام اھل سنت حصہ دوم صفحہ ۵۰

Marfat.com

سیدنا اعلیٰ حضرت امام اھل سنت رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

سیدنا آدم-علیہ الصلاۃ والسلام-حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو یوں یاد کرتے اے ظاہر میں میرے بیٹے اور حقیقت میں میرے باپ

اسی لئے جب ابوالبشر آدم تمہیں یاد کرتے یوں کہتے:

یَا ابْنِیْ صُوْرَۃً وَاَبِیْ مَعْنیً .

اے ظاہر میں میرے بیٹے اور حقیقت میں میرے باپ۔

تجلی الیقین از سیدنا اعلیٰ حضرت امام اھل سنت صفحہ ۳۳

Marfat.com

اعلیٰ حضرت امام اھلسنت رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نبوت ورسالت کا زمانہ سیدنا آدم علیہ السلام سے لیکر قیامت تک تمام مخلوق کو شامل ہے اور كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ اپنے حقیقی معنی میں ہے

امام علامہ تقی الملۃ والدین ابوالحسن علی بن عبدالکافی سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے اس آیت کی تفسیر میں ایک نفیس رسالہ اَلتَّعْظِيْمُ وَالْمَنَّةُ فِي لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّه لکھا اوراس میں آیت مذکورہ سے ثابت فرمایا کہ ہمارے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-سب انبیاء کے نبی ہیں اور تمام انبیاء ومرسلین اوران کی امتیں سب حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے امتی۔حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نبوت ورسالت زمانہ سیدنا ابوالبشر علیہ الصلاۃ والسلام سے روز قیامت تک جمیع خلق اللہ کو عام شامل ہے اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا ارشاد:

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ اپنے معنی حقیقی پر ہے۔

تجلی الیقین از سیدنا اعلیٰ حضرت امام اھل سنت صفحہ ۱۵

Marfat.com

امام اھلسنت سیدنا اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-
کی رسالت تمام اولین وآخرین کو حاوی ہے

حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی رسالت زمانہ بعثت سے مخصوص نہیں بلکہ اولین وآخرین سب کو حاوی۔

تجلی الیقین از سیدنا اعلیٰ حضرت امام اھل سنت صفحہ ۲۲

Marfat.com

سیدنا اعلیٰ حضرت امام اھل سنت رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

جب سیدنا آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے اس وقت حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کیلئے نبوت ثابت ہو چکی تھی بلکہ جس کا خالق اللہ تعالیٰ ہے حضرت محمد مصطفیٰ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اسکے رسول ہیں

ترمذی جامع میں فائدہ تحسین واللفظ لہ اور حاکم وبیہقی وابونعیم ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے اور احمد مسند اور بخاری تاریخ میں اور ابن سعد وحاکم وبیہقی ابونعیم میسرۃ الفجر رضی اللہ عنہ سے اور بزاز وطبرانی وابونعیم عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور ابونعیم بطریق صنابحی امیر المؤمنین عمر الفاروق الاعظم رضی اللہ عنہ اور ابن سعد ابن ابی الجدعاء ومطرف بن عبداللہ بن الشخیر وعامر رضی اللہ عنہم سے باسانید متبانیہ والفاظ متقاربہ راوی حضور پرنور سید المرسلین

Marfat.com

-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- سے عرض کی گئی:

مَتَى وَجَبَتْ لَكَ النُّبُوَّةُ ؟ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کیلئے نبوت کس وقت ثابت ہوئی ؟ فرمایا:

وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ . جبکہ آدم درمیان روح اور جسد کے تھے۔

جبل الحفظ امام عسقلانی نے کتاب الاصابہ میں حدیث میسرہ کی نسبت فرمایا سندہ قوی.....الخ

آدم سروتن بہ آب وگل داشت کوحکم بہ ملک جان ودل برداشت

اس لئے اکابر علماء تصریح فرماتے ہیں کہ جس کا خدا خالق ہے محمد-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- اس کے رسول ہیں۔ [1]

[1] تجلی الیقین از سیدنا اعلیٰ حضرت امام اھل سنت صفحہ ۲۲

Marfat.com

سیدنا اعلیٰ حضرت امام اھل سنت رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ نے حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا اور تمام لوگوں کیلئے بشیر ونذیر بنا کر بھیجا اللہ تعالیٰ نے آپ کا سینہ مبارک کشادہ کر دیا اور آپ کے ذکر کو بلند کر دیا اور آپ کو بابِ رسالت کا فاتح اور دور نبوت کا خاتم بنایا

ابن جریر، ابن مردویہ، ابن ابی حاتم، بزاز، ابویعلی، بیہقی بطریق ابوالعالیہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے معراج کی حدیث طویل میں راوی، انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام نے اپنے رب کی حمد وثناء کی اور اپنے فضائل جلیلہ کے خطبے پڑھے سب کے بعد حضور پرنور خاتم النبیین -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے فرمایا:

كُلُّهُمْ اَثْنٰى عَلٰى رَبِّهٖ وَاِنِّىْ مُثْنٍ عَلٰى رَبِّىْ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ

Marfat.com

اَرْسَلَنِيْ رَحْمَةً لِلْعَالَمِيْنَ وَكَافَّةً لِلنَّاسِ بَشِيْراً وَنَذِيْراً وَاَنْزَلَ عَلَيَّ الْفُرْقَانَ فِيْهِ تِبْيَانٌ لِكُلِّ شَيْءٍ وَجَعَلَ اُمَّتِيْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ وَجَعَلَ اُمَّتِيْ اُمَّةً وَسَطاً وَجَعَلَ اُمَّتِيْ هُمُ الْاَوَّلُوْنَ وَالآخِرُوْنَ وَشَرَحَ لِيْ صَدْرِيْ وَوَضَعَ عَنِّيْ وِزْرِيْ وَرَفَعَ لِيْ ذِكْرِيْ وَجَعَلَنِيْ فَاتِحاً وَخَاتِماً .

تم سب نے اپنے رب کی ثنا کی اور اب میں اپنے رب کی ثنا کرتا ہوں، حمد اس خدا کو جس نے مجھے تمام جہان کیلئے رحمت بنا کر بھیجا اور کافہ ناس کا رسول بنایا خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا اور مجھ پر قرآن اتارا اس میں ہر چیز کا روشن بیان ہے اور میری امت سب امتوں سے بہتر اور امت عادل اور زمانہ میں مؤخر اور مرتبہ میں مقدم کی اور میرے لئے میرا سینہ کھول دیا اور مجھ سے میرا بوجھ اتار لیا اور میرے لئے میرا ذکر بلند فرمایا اور مجھے فاتح باب رسالت وخاتم دور نبوت کیا۔

تجلی الیقین از اعلیٰ حضرت امام احمد رضا صفحہ ۸۰

Marfat.com

سیدنا اعلیٰ حضرت امام اھل سنت رحمۃ اللہ علیہ اور
سیدنا علامہ شمس الدین ابن الجوزی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-خاتم النبیین ہیں قَائِدُ الغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ ہیں، تمام انبیاء ومرسلین کے سردار ہیں آپ اس وقت بھی نبی تھے جب سیدنا آدم علیہ السلام پانی اور مٹی کے درمیان تھے، آپ مومنوں پر رؤوف ہیں اور گناہگاروں کیلئے شفیع-شفاعت کرنے والے-ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام مخلوق کی طرف رسول بنایا ہے

علامہ شمس الدین ابن الجوزی اپنے رسالہ میلاد میں ناقل حضور سید المرسلین-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے حضرت جناب مولیٰ المسلمین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے فرمایا:

Marfat.com

يَا اَبَا الْحَسَنِ ! اِنَّ مُحَمَّداً رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَخَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَسَيِّدُ جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ الَّذِىْ تَنَبَّاَ وَاٰدَمَ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ رَؤُوْفٌ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شَفِيْعٌ لِلْمُذْنِبِيْنَ اَرْسَلَهُ اللّٰهُ اِلٰى كَافَّةِ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ .

اے ابوالحسن ! بے شک محمد-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-رب العالمین کے رسول ہیں اور پیغمبروں کے خاتم اور روشن رو اور روشن دست و پا والوں کے پیشوا تمام انبیاء مرسلین کے سردار، نبی ہوئے جبکہ آدم آب وگل میں تھے مسلمانوں پر نہایت مہربان گناہگاروں کے شفیع اللہ تعالیٰ نے انہیں تمام عالم کی طرف بھیجا۔

تجلی الیقین از سیدنا اعلیٰ حضرت امام اہل سنت صفحہ ۸۷

Marfat.com

سیدنا اعلیٰ حضرت امام اھل سنت رحمۃ اللہ علیہ اور
سیدنا ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ نے حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو تمام انبیاء ومرسلین پر فضیلت بخشی اور جبریل امین نے آپ کو اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَوَّلُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اٰخِرُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ظَاهِرُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَاطِنُ کے مبارک الفاظ سے سلام کیا

علامہ فاضل علی قاری شرح شفاء میں علامہ تلمسانی سے ناقل ، ابن عباس رضی اللہ عنہما نے روایت کی: حضور سید المرسلین -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے فرمایا:

جبریل نے آ کر مجھے یوں سلام کیا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَوَّلُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اٰخِرُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ظَاهِرُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَاطِنُ .

Marfat.com

میں نے کہا کہ اے جبریل یہ تو خالق کی صفتیں ہیں مخلوق کو کیونکر مل سکتی ہیں، عرض کی: میں نے خدا کے حکم سے حضور کو یوں سلام کیا ہے اس نے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو ان صفتوں سے فضیلت اور تمام انبیاء ومرسلین پر خصوصیت بخشی ہے۔اپنے نام وصفت سے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کیلئے نام وصفت مشتق فرمائے ہیں، حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا اول نام رکھا کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-سب انبیاء سے آفرینش میں مقدم ہیں اور آخر اس لئے کہ ظہور میں سب سے مؤخر اور آخر امم کی طرف خاتم الانبیاء ہیں اور باطن اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے باپ آدم کی پیدائش سے دو ہزار برس پہلے ساق عرش پر سرخ نور سے اپنے نام کے ساتھ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا نام لکھا اور مجھے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-پر درود بھیجنے کا حکم دیا میں نے ہزار سال حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-پر درود بھیجی یہاں تک کہ حق جل وعلا نے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو مبعوث کیا، خوشخبری دیتے اور ڈر سناتے اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلاتے اور چراغ تاباں اور ظاہر اس لئے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا نام رکھا کہ اس نے اس زمانہ میں حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو تمام ادیان پر غلبہ دیا اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا شرف وفضل سب آسمان وزمین پر آشکارا کیا تو ان میں کوئی ایسا نہیں جس نے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-پر درود نہ بھیجی۔اللہ تعالیٰ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-پر درود بھیجے، حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا رب محمود ہے اور حضور

Marfat.com

-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-محمد اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا رب اول وآخر وظاہر وباطن ہے اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اول وآخر وظاہر وباطن ہیں۔ یہ عظیم بشارت سن کر حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے ارشاد فرمایا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ فَضَّلَنِیْ عَلٰی جَمِیْعِ النَّبِیِّیْنَ حَتّٰی فِی اِسْمِیْ وَصِفَتِیْ.

حمد اس خدا کو جس نے مجھے تمام انبیاء پر فضیلت دی یہاں تک کہ میرے نام وصفت میں۔

هٰكَذَا نَقَلَ وَقَالَ رَوَى التِّلْمَسَانِیُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَظَاهِرُهُ اَنَّهُ خَرَّجَهُ بِسَنَدِهٖ اِلٰی ابْنِ عَبَّاسٍ فَاِنَّ ذَالِكَ يَدُلُّ عَلَيْهِ رَوَىٰ كَمَا فِی الزَّرْقَانِیْ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ.

تجلی الیقین از سیدنا اعلیٰ حضرت امام اہل سنت صفحہ ۸۷،۸۸

Marfat.com

سیدنا اعلیٰ حضرت امام اھل سنت رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سید العالمین ہیں رسول رب العالمین ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو رحمۃً للعالمین بنایا ہے

ابن ابی شیبہ وترمذی بہ افادہ تحسین اور حاکم بہ تصریح تصحیح اور ابونعیم وخرائطی ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے راوی ابوطالب چند سرداران قریش کے ساتھ ملک شام کو گئے۔ حضور پرنور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- ہمراہ تشریف فرما تھے جب صومعہ راہب یعنی بحیرا کے پاس اترے، راہب صومعہ سے نکل کر ان کے پاس آیا اور اس سے پہلے جو یہ قافلہ جاتا تھا، راہب نہ آتا نہ اصلا ملتفت ہوتا، اب کی بار خود آیا اور لوگوں کے بیچ گزرتا ہوا پُرنور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تک پہنچا۔ حضورِ اقدس-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا دستِ مبارک تھام کر بولا:

هَذَا سَيِّدُ الْعَالَمِيْنَ هَذَا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ يَبْعَثُه اللّٰهُ رَحْمَةً

Marfat.com

لِّلْعَالَمِیْنَ .

یہ تمام جہان کے سردار ہیں یہ رب العالمین کے رسول ہیں ، اللہ تعالیٰ انہیں تمام عالم کیلئے رحمت بھیجے گا۔

سردارانِ قریش نے کہا: تجھے کیا معلوم ہے کہا جب تم اس گھاٹی سے بڑھے کوئی درخت وسنگ نہ تھا جو سجدے میں نہ گرے اور وہ نبی کے سوا دوسرے کو سجدہ نہیں کرتے اور میں انہیں مہرِ نبوت سے پہچانتا ہوں ، ان کے استخوان شانہ کے نیچے سیب کے مانند ہے پھر راہب واپس گیا اور قافلہ کیلئے کھانا لایا ، حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تشریف نہ رکھتے تھے۔آدمی طلب کو گیا تشریف لائے ابر سر پر سایہ گستر تھا ، راہب بولا:

اُنْظُرُوْا عَلَیْهِ غَمَامَةً تُظِلُّهُ . وہ دیکھو ابر ان پر سایہ کئے ہے۔

قوم نے پہلے سے درخت کا سایہ گھیر لیا تھا حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے جگہ نہ پائی دھوپ میں تشریف رکھی ، فوراً پیڑ کا سایہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- پر جھک آیا ، راہب نے کہا:

اُنْظُرُوْا اِلٰی فِیْ الشَّجَرَةِ مَالَ اِلَیْهِ .

وہ دیکھو پیڑ کا سایہ ان کی طرف جھکتا ہے۔

شیخ محقق نے لمعات میں فرمایا:

امام ابن حجر عسقلانی اصابہ میں فرماتے ہیں:

رجالہ ثقات ، اس حدیث کے راوی سب ثقہ ہیں۔

تجلی الیقین از سیدنا اعلیٰ حضرت امام اہل سنت صفحہ ۹۵

Marfat.com

امام اھلسنت سیدنا اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ میں اس وقت بھی نبی تھا جب آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے اپنے حقیقی معنی پر ہے

اور كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ اکابر علماء شریعت کے نزدیک بھی اپنے حقیقی معنی پر ہے۔

تجلی الیقین از سیدنا اعلیٰ حضرت امام اھل سنت صفحہ ۱۵

Marfat.com

امام اھل سنت سیدنا اعلیٰحضر ت رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

جس کا خالق اللہ تعالیٰ ہے محمد-فداہ ابی وامی صلی اللہ

علیہ والہ وسلم-اس کے رسول ہیں

ترمذی جامع میں فائدہ تحسین واللفظ لہ اور حاکم وبیہقی وابونعیم ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے اور احمد مسند اور بخاری تاریخ میں اور ابن سعد وحاکم وبیہقی وابونعیم میسرۃ الفجر رضی اللہ عنہ سے اور بزار طبرانی وابونعیم عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور ابونعیم بطریق صنابحی امیر المؤمنین عمر الفاروق الاعظم رضی اللہ عنہ اور ابن سعد وابن ابی الجد عاء ومطرف بن عبداللہ بن الشخیر وعامر رضی اللہ عنہم سے باسانید متباینہ والفاظ متقاربہ راوی حضور پرنور سید المرسلین -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- سے عرض کی گئی:

مَتَى وَجَبَتْ لَكَ النُّبُوَّةَ ؟

حضور فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کیلئے نبوت کس وقت ثابت ہوئی؟ فرمایا:

Marfat.com

وَآدَمَ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

جبکہ آدم درمیان روح اور جسد کے تھے ۔جبل الحفظ امام عسقلانی نے کتاب الاصابۃ میں حدیث میسرہ کی نسبت فرمایا:

سندہ قوی ،اسی لئے اکابر علماء تصریح فرماتے ہیں کہ جس کا خدا خالق ہے محمد -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اس کے رسول ہیں۔

تصریحات از حضرت مفتی نذیر احمد سیالوی زیدہ مجدہٗ بحوالہ

فتاویٰ رضویہ از اعلیٰ حضرت امام اھل سنت جلد ۳۰ صفحہ ۱۴۹،۱۵۰

Marfat.com

امام المتکلمین سیدنا نقی علی خاں رحمۃ اللہ علیہ والد گرامی

سیدنا اعلیٰحضرت امام اھل سنت رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کی روحِ پاک بھی وصفِ نبوت سے متصف تھی جب سیدنا آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے آپ اس وقت بھی خارج میں نبی تھے

شیخ تقی الدین سبکی فرماتے ہیں:

اس روایت سے معنی دو حدیث کے حل ہوئے ایک بُعِثْتُ اِلَی النَّاسِ کَافَّۃً کہ میں کافۃ اھل زمان ومن بعدھم میں منحصر جانتا تھا اب معلوم ہوا کہ تمام اولین وآخرین مراد ہیں دوسرے کُنْتُ نَبِیًّا وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ کہ میں اس نبوت کو صرف

سرور القلوب بذکر المحبوب صلی اللہ علیہ وسلم صفحہ = /۲۲۲، ۲۲۳

Marfat.com

علم الٰہی میں سمجھتا تھا اب ثابت ہوا کہ خارج میں بھی ہے۔

تنبیہ:

یہاں سے معلوم ہوا کہ روح از وجود باجود بھی متصف برسالت تھی اور بعد انتقال کے بھی متصف ہے۔

Marfat.com

سیدنا نقی علی خاں رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- اس وقت بھی پیغمبر تھے جب سیدنا آدم علیہ السلام کے جسم میں روح نہ پھونکی گئی تھی

ایک بار مولیٰ علی سے فرمایا:

اے ابوالحسن! بیشک محمد رسول رب العالمین اور خاتم النبیین اور قائد الغر المحجلین اور سردار تمام انبیاء ومرسلین کا ہے۔ میں پیغمبر تھا اور آدم درمیان مٹی اور پانی کے۔

سرور القلوب بذکر المحبوب صلی اللہ علیہ وسلم صفحہ ۲۵۰

Marfat.com

سیدنا نقی علی خاں رحمۃ اللہ علیہ والد گرامی امام اھل سنت

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک الاول اور الآخر کا پرتو حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- پر پڑا تو آپ کی نبوت ورسالت بھی محیط ہے آپ ہی اول النبیین ہیں اور آپ ہی آخر النبیین اور خاتم النبیین ہیں

علاوہ بریں جس طرح پہلا اسم یعنی اول ایک اسم الٰہی کی مظہریت پر دلالت کرتا ہے اس اسم یعنی آخر سے دوسرے اسم کی مظہریت ثابت ہوتی ہے اور ان دونوں کے اجتماع سے ایک معنی عجیب پیدا ہوتے ہیں کہ جس طرح پروردگار سب شیء کو محیط ہے کہ اول بھی وہی ہے اور آخر بھی وہی ہے۔اسی طرح بہ سبب اس کے کہ ایک پرتو اس احاطہ کا اس جناب پر بھی وہ جناب بھی نبوت ورسالت کو محیط ہے کہ اول النبیین بھی وہی ہیں اور آخر النبیین اور خاتم النبیین بھی وہی ہیں۔

سرور القلوب بذکر المحبوب صلی اللہ علیہ وسلم صفحہ ۲۵۱

Marfat.com

شیخ المحققین حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-عالم ارواح میں بالفعل نبی تھے نہ کو صرف علمِ الٰہی میں

پس وے صلی اللہ علیہ وسلم نبی مرسل بود در آں عالم بالفعل در خارج نہ در علم الٰہی فقط۔

مزید فرمایا:

انبیاء دیگر در علم الٰہی بود نہ در خارج۔

پس حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اس عالم-عالم ارواح-میں بھی بالفعل نبی مرسل تھے یہ نہیں کہ صرف علم الٰہی میں تھے۔

اور دیگر انبیاء کرام-اس عالم، عالم ارواح میں-علمِ الٰہی میں نبی تھے نہ کہ خارج میں۔

مدارج النبوت جلد۲ صفحہ۳

مدارج النبوت جلد۱ صفحہ۸۴

Marfat.com

شیخ المحققین سیدنا عبدالحق محدث رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-پیدائشی نبی ہیں آپ کی
ولادت کے وقت اور ایام رضاعت میں عجائب کا ظہور ہوا

وسماع ہواتف صارخہ بنبوت وصفات وے صلی اللہ علیہ وسلم وآنچہ نقل کردہ شدہ است دراخبار مشہورہ از ظہور عجائب در وقت ولادت شریف وایام حضانت وبعداز وے تازمان بعث وظہور۔

آپ کی ولادت شریف کے وقت ہواتف غیبیہ نے پکار پکار کر آپ کی نبوت اور آپ کے اوصاف جمیلہ کو مشتہر کیا، اخبار مشہورہ-احادیث مشہورہ-میں وہ عجائبات مذکور ہیں جو آپ کی ولادت کے وقت اور رضاعت کے ایام اور بعثت تک ظہور پذیر ہوئے۔

مدارج النبوت النوریہ الرضویہ پبلشنگ کمپنی لاہور جلد ا صفحہ ۱۷۴

Marfat.com

سیدنا عبدالحق محدث دہلوی شیخ المحققین رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

آنکہ تدلی نجوم وتساقط کواکب وشھب واقع شدہ بداں استدلال بلیل نتواں کردزیراکہ زمان نبوت وولادت زمان ظہور خوارق عادات است پس تواند کہ سقوط نجوم درنہار باشد۔واللہ اعلم

نجوم کا نیچے آنا اور کواکب کا گرنا اور شھاب کا مارا جانا اس بات کی دلیل نہیں کہ آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی ولادت طیبہ رات کو ہوئی ہے اس لئے کہ یہ نبوت وولادت کا زمانہ ہے جس میں خوارق عادات کا ظہور ہوا ہے پس ممکن ہے ستاروں کے گرنے کا واقعہ دن میں ہو۔

واللہ اعلم۔

مدارج النبوت جلد۲ صفحہ ۱۵

Marfat.com

سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا سے خواب میں کہا گیا کہ آپ کے پیٹ میں افضل الخلائق اور پیغمبر خدا-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- ہے

وخواب دیدن آمنہ پیش از ولادت بود کہ درخواب آمد وگفت کہ مے دانی تو کہ حامل شدہ بہ بہترین امت وپیغمبر خدا۔

آپ کی ولادت طیبہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- سے پہلے حضرت آمنہ -رضی اللہ عنہا- نے خواب دیکھا کہ آنے والا آیا اور اس نے کہا کہ آپ کو علم ہے کہ آپ حاملہ ہوگئی ہیں اور یہ حمل افضل الخلائق اور پیغمبر خدا کا ہے۔

اشعۃ اللمعات: جلد۴، صفحہ ۴۷۵

Marfat.com

شیخ المحققین سیدنا عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم اس وقت بھی نبی تھے جب سیدنا آدم-علیہ السلام-روح اور جسم کے درمیان تھے اور حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی ارواح مبارکہ آپ کی روح مقدسہ کے انوار سے مستفیض ہو رہی تھیں

حضور اکرم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی سب سے اعلیٰ واکمل فضیلت یہ ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ نے آپ کی روح پرنور کو ساری مخلوق کی ارواح سے پہلے پیدا فرما کر تمام مکونات کی روحوں کو آپ کی روح سے تخلیق فرمایا اور آپ اس وقت بھی نبی تھے جب حضرت آدم علیہ السلام ہنوز روح وجسد کے درمیان تھے جیسا کہ ترمذی نے حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا اور عالم ارواح میں بھی انبیاء علیہم السلام کی ارواح مقدسہ کو آپ کی روح پرانوار نے مستفیض فرمایا۔

مدارج النبوۃ حصہ اول صفحہ ۲۲۱ مدینہ پبلیشنگ کمپنی کراچی

Marfat.com

حضرت شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اگر یہ کہا جائے کہ حضور فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عالم ارواح میں صرف علمِ الٰہی میں نبی تھے تو اس کا کیا فائدہ تمام انبیاء کرام علمِ الٰہی میں تھے

وَثَبَتَ ذَالِكَ بِاَنَّهُ لَوْ قِيْلَ اَنَّهُ كَانَ نَبِيًّا فِىْ عِلْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ لَمْ يَكُنْ فِى التَّنْصِيْصِ عَلٰى قَوْلِهٖ كُنْتُ نَبِيًّا اَلْحَدِيْثَ فَائِدَةً اِذْهُمْ مُسْتَوْنَ مَعَهُ فِى ذَالِكَ فَتَعَيَّنَ تَقْرِيْرُهُ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا .

اس حدیث کو آپ کے نبی بالفعل ہونے پر محمول کرنے کا سبب یہ ہے کہ اگر یہ کہا جائے کہ آنحضرت-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-اللہ تعالیٰ کے علم میں نبی تھے جبکہ آدم علیہ السلام پانی اور کیچڑ کے درمیان تھے تو آپ کے اس وقت میں نبی ہونے کی تخصیص اور تصریح کا کوئی عظیم فائدہ نہیں ہوسکتا کیونکہ سبھی انبیاء علیہم السلام علم الٰہی میں نبی ہونے کے اعتبار سے آپ کے ساتھ مساوی اور برابر تھے لہٰذا اس حدیث کی یہی تشریح اور تفسیر متعین ہوگئی جو ہم نے ذکر کی ہے۔

Marfat.com

سیدنا الیاس نبی اللہ علیہ الصلاۃ والسلام ایام حج میں اپنی پشت سے
حضور سیدنا نبی کریم۔فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ کے لَبَّیْکَ
اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ کی آواز سنا کرتے تھے

شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے بارے میں نقل فرمایا:

آوردہ اند کہ وے از صلب خود آواز تلبیہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم می شنید۔صلی اللہ علیہ وسلم۔نجح

سیدنا الیاس علیہ السلام موسم حج میں اپنی پشت سے رسول اللہ۔فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ کے تلبیہ کی آواز سنا کرتے تھے جو تلبیہ آپ۔فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔حج کے موقع پر کہا کرتے تھے۔

مدارج النبوت جلد۲ صفحہ۹

Marfat.com

شیخ المحققین سیدنا عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم دنیا میں اعلان نبوت سے پہلے کسی گزشتہ نبی علیہ السلام کی شریعت کی پیروی نہ کرتے تھے بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے رشد وہدایت کا نور آپ کے دل انور پر نازل ہوتا تھا

وظاہر آنست کہ از جانب حق نور رشد وہدایت در دل مے تافتہ بود کہ بداں مقرب ومرضی درگاہ بعمل مے آید بے اتباع شریعتے۔

ظاہر یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے رشد وہدایت کا ایک نور آپ کے قلب اطہر میں تاباں تھا جس کی بدولت آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- ایسی عبادت کرتے تھے جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ احدیت میں قریب کرنے والی اور پسندیدہ تھی آپ کسی بھی شریعت کے پیروکار نہ تھے۔

اشعۃ اللمعات: جلد۳، صفحہ۵۰۶

Marfat.com

محدثِ کبیر سیدنا شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

عالم ارواح میں حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-

کے کمالات ظاہر و باہر تھے، حضرات انبیاء کرام-علیہم السلام-کی ارواح

مقدس آپ سے فیض لیتی تھیں، اس وقت حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ

والہ وسلم-خارج میں نبی تھے جبکہ دیگر انبیاء کرام کی نبوت علمِ الٰہی میں تھی

خارج میں نہ تھی

اگر گویند کہ ہمہ انبیاء را بلکہ ہمہ مردم را ہر چہ دادند پیش از وجود عنصری ایشاں دادہ اند و نصیب کردہ اند پس فضل بآں شود کہ ایشانرا بیشتر دادند از دیگراں نہ پیشتر؟ جوابش آنکہ میگویند کہ نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وکمالات وی صلی اللہ علیہ وسلم در عالم ارواح ظاہر کردہ بودند وارواح انبیاء ازاں استفاضہ نمودہ چنانکہ فرمودہ کنت نبیا الحدیث ونبوت

Marfat.com

انبیاء دیگر در علم الٰہی بود نہ در خارج۔

سوال:

اگر کہیں کہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام بلکہ تمام انسانوں کو جو کچھ عطا فرمایا ہے ان کے وجود عنصری سے پہلے ہی عطا کر دیا ہے-عطا کرنے کا فیصلہ فرما دیا ہے-اور مقدر کر دیا ہے پس حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی فضیلت اس میں تو ہو گی کہ انہیں دوسروں سے زیادہ عطا کریں، اس میں فضیلت نہیں ہو سکتی کہ پہلے عطا کریں -کیونکہ قضاء اور تقدیر کے وجود عنصری سے پہلے ہونے میں سب برابر ہیں اس میں کسی کو ایک دوسرے پر فضیلت نہیں ہو سکتی-

جواب:

اس کا جواب یہ ہے کہ علمائے اعلام اور اکابرین ملت فرماتے ہیں کہ حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نبوت اور آپ کے دوسرے کمالات عالم ارواح میں ظاہر کر دیئے گئے تھے اور حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی ارواح مقدسہ آپ سے فیض حاصل کرتی تھیں جیسا کہ حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے ارشاد فرمایا:

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ.

میں اس وقت نبی تھا جبکہ آدم علیہ السلام ابھی روح اور جسم کے درمیان تھے۔

اور دوسرے انبیاء کرام علیہم السلام کی نبوت علم الٰہی میں تھی خارج میں نہ تھی۔

مدارج النبوۃ جلد ا صفحہ ۴۷

Marfat.com

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ:

حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کو سیدنا آدم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے نبوت حاصل تھی اور وہ نبوت باعتبار حقیقت احمدی کے تھی جس کا تعلق عالم امر سے ہے

اور وہ نبوت جو حضرت آدم علےٰ نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کی پیدائش سے پہلے آنحضرت علیہ الصلاۃ والسلام کو حاصل تھی اور اس مرتبہ کی نسبت خبر دی ہے اور فرمایا ہے کہ

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ .

میں نبی تھا جبکہ آدم ابھی پانی اور کیچڑ میں تھا۔

وہ باعتبار حقیقت احمدی کے تھی جس کا تعلق عالم امر سے ہے۔

مکتوبات امام ربانی جلد اول حصہ سوم صفحہ ۱۴۳

Marfat.com

محبوب سبحانی ،قطبِ ربانی سیدنا مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے کس محبت بھرے انداز سے عالم ارواح میں حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نبوت مبارکہ کو ثابت فرمایا اور فرمایا:

یہ نبوت باعتبار حقیقتِ احمدی کے تھی جس کا تعلق عالمِ امر سے ہے۔

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ حَمْداً كَثِيْراً طَيِّباً مُبَارَكاً فِيْهِ .

Marfat.com

حضرت علامہ ابوالحسن زید فاروقی مجددی قُدِّسَ سِرُّہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اس وقت بھی نبی تھے جب سیدنا آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے، مخلوق میں جو بھی کمال ہے وہ درحقیقت حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے کمالات میں سے ہے

اور وہی تعین اول حقیقت ہے جناب محبوب کبریا-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی، علامہ قسطلانی وملا علی قاری اور دوسرے اکابر نے کہا ہے کہ احادیث صحیحہ سے یہ مضمون ثابت ہے کہ حق تعالیٰ نے اپنے حبیب سے خطاب فرماتے ہوئے کہا ہے کہ:

اگر تو نہ ہوتا تو میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا اور اپنی خدائی کو ظہور میں نہ لاتا۔

پس معلوم ہوا کہ مبدا خلقت آں سرور عالمیاں کا وجود ہے جس کے فیض سے سب

Marfat.com

کا وجود ہوا۔اول آپ کا نور پاک ظہور میں آیا اور اسی نور پر ظہور سے عرش وکرسی ولوح وقلم اور آسمان وزمین اور ملائکہ وجن وانس اور تمام کائنات سب وجود میں آئے چنانچہ ارشاد نبوی -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- میں ہے:

كُنْتُ نَبِيًّا وَاٰدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

میں اس وقت بھی نبی تھا جبکہ آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے۔

ابھی ان کا وجود مکمل نہیں ہوا تھا آں جناب بدرجہ اتم مظہر صفات حضرت احدیت ہوئے اور مخلوق میں جو بھی ظہور کمال ہے حقیقت میں وہ کمال محبوب کبریا-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے کمالات میں سے ہے۔اسی نور کے ظہور سے حضرت آدم علیہ السلام مسجود ملائکہ ہو گئے اور اسی نور کی تجلیات سے کعبہ معظّمہ مسجود خلائق ہوا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ اَفْضَلَ صَلٰوتِكَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ .

مدارج الخیر ومناھج السیر صفحہ ۲۱۰، ۲۱۱

Marfat.com

جامع المعقول علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اپنی روحانی
حالت اور نورانی کیفیت میں تمام ارواح کیلئے نبی تھے

وَنَبِيُّنَا عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ نَبِيًّا فِيْ نَشْأَتِهِ الرُّوْحَانِيَّةِ لِلْاَرْوَاحِ وَمُتَوَسِّطًا فِيْ تَعْيِيْنِ حِصَصِ كَمَالَاتِهِمُ الرُّوْحَانِيَّةِ الَّتِيْ بِحَسْبِهَا يَظْهَرُ كَمَالَاتُهُمُ الْجِسْمَانِيَّةِ كَمَا يُرْوٰى عَنْهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ، اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ نُوْرِيْ .

اور ہمارے نبی- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- اپنی روحانی حالت میں ارواح کیلئے نبی تھے اور روحانی کمالات کے حصص کے تعین میں آپ ہی واسطہ اور وسیلہ تھے جو کمالات ان سے عالم اجسام میں ظاہر ہوئے جیسے کہ حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ

حاشیہ شرح مواقف جلد۴ صفحہ ۲۵۰

Marfat.com

علیہ والہ وسلم- سے اول ما خلق اللہ نوری ہے سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرے نور مسعود کو پیدا فرمایا۔

-☆-

جامع العقول سیدنا عبدالحکیم سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت علماء کرام میں بہت نمایاں ہے۔آج بھی بڑے بڑے علماء وفضلاء اور بڑے بڑے بحر العلوم آپ کا نام آتے ہی اپنی گردنیں جھکا دیتے ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کے مزار پر انوار پر کروڑوں کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے کہ انہوں نے کس وضاحت کے ساتھ عالم ارواح میں حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی نبوت کو تسلیم فرمایا اور قلم مبارک سے اسے قیامت تک آنے والی علمی دنیا کے سامنے ظاھر و باہر بھی فرمایا۔

Marfat.com

برکۃ المصطفیٰ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم فی الھند سیدنا عبدالحق محدث دہلوی-رحمۃ اللہ علیہ-کا عقیدہ، امام اھل سنت سیدنا اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ اور صدر الافاضل سیدنا سید محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تخلیق میں

سب سے پہلے نبی ہیں اور عالم دنیا میں سب سے آخری نبی ہیں

چنانچہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ مدارج النبوت کے خطبہ میں فرماتے ہیں:

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ .

اس عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ جناب رسالت مآب-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی توصیف میں یہ الفاظ کہنا درست اور علمائے امت کا طریقہ ہے بلکہ خود حق تعالیٰ نے رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی توصیف میں یہ الفاظ فرمائے

Marfat.com

ہیں پس اب منکرین جوان کلمات کو جناب رسالت مآب -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی شان میں ناروا جانتے ہیں خدائے کریم پر کیا اعتراض نہ کریں گے کہ اس نے خود حضرت کی شان میں یہ کلمات فرمائے۔

یگانہ زمانہ جناب الحاج مولانا المولوی احمد رضا خاں صاحب فاضل بریلوی نے اپنے رسالہ مبارکہ جزی اللہ عدوّہ بإبائه ختم نبوہ صفحہ ۳۴ میں نقل فرمایا علامہ محمد بن احمد بن محمد بن محمد بن ابی بکر بن مرزوق تلمسانی شرح شفا شریف میں سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے راوی حضور سیدنا رسول اللہ فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم فرماتے ہیں:

جبریل نے حاضر ہوکر مجھے یوں سلام کیا: اَلسَّلَامُ عَلَيكَ يَا اَوَّلُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا آخِرُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاظَاهِرُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَاطِنُ میں نے فرمایا: اے جبریل! یہ صفات تو اللہ کی ہیں کہ اسی کو لائق ہیں مجھ سے مخلوق کی کیونکر ہوسکتی ہیں؟ جبریل نے عرض کی کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم فرمایا ہے کہ حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- پر یوں سلام عرض کروں۔ اللہ نے حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو ان صفات سے فضیلت دی اور تمام انبیاء ومرسلین پر ان سے خصوصیت بخشی اپنے نام ووصف سے حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نام ووصف مشتق فرمائے۔

وَسَمَّاكَ بِالْاَوَّلِ لِاَنَّكَ اَوَّلُ الْاَنْبِيَاءِ خَلْقًا وَسَمَّاكَ بِالآخِرِ لِاَنَّكَ آخِرُ الْاَنْبِيَاءِ فِى الْعَصْرِ خَاتَمُ الْاَنْبِيَاءِ اِلٰى آخِرِ الْاُمَمِ .

حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کا نام اول رکھا کہ حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- سب انبیاء سے آفرینش میں مقدم ہیں اور حضور -فداہ ابی وامی صلی

Marfat.com

اللہ علیہ والہ وسلم -کا آخر نام رکھا کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم -سب پیغمبروں سے زمانہ میں مؤخر وخاتم الانبیاء ونبی امت آخرین ہیں ۔باطن نام رکھا کہ اس نے اپنے نام پاک کے ساتھ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم -کا نام نامی سنہرے نور سے ساق عرش پر آفرینش آدم علیہ السلام سے دو ہزار برس پہلے ابد تک لکھا پھر مجھے حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم -پر درود بھیجنے کا حکم دیا میں نے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم -پر ہزار سال درود بھیجے اور ہزار سال بھیجے یہاں تک کہ اللہ نے حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم -کو مبعوث کیا،خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلاتا اور جگمگاتا سورج۔

حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم -کو ظاہر نام عطا فرمایا کہ اس نے حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم -کو تمام دینوں پر ظہور وغلبہ دیا اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم -کی شریعت وفضیلت کو تمام اھل سموات وارض پر ظاہر وآشکار کیا تو کوئی ایسا نہ رہا جس نے حضور پرنور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم -پر درود نہ بھیجے ہوں ۔اللہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم -پر درود بھیجے۔

فَرَبُّكَ مَحْمُوْدٌ وَاَنْتَ مُحَمَّدُ وَرَبُّكَ الْاَوَّلُ وَالآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَاَنْتَ الْاَوَّلُ وَالآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۔

سید عالم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم -نے فرمایا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ فَضَّلَنِیْ عَلٰی جَمِیْعِ الْخَلْقِ حَتّٰی فِیْ اسْمِیْ وَصِفَتِیْ.

الکلمۃ العلیا از حضرت صدر الافاضل صفحہ ۳۲،۳۳

Marfat.com

حضرت سیدنا علی خواص رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - تمام مخلوق - عالم ارواح میں ہو یا عالم اجسام میں - کی طرف رسول بنا کر بھیجے گئے

سیدنا آدم علیہ السلام سے لیکر قیامت قائم ہونے تک

سَیِّدِی عَلِیُّ الْخَوَّاصُ رَحِمَهُ اللّٰهُ یَقُوْلُ :

كَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَبْعُوْثاً اِلٰى الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ فِى عَالَمِ الْاَرْوَاحِ وَالْاَجْسَامِ مِنْ لَدُنْ آدَمَ اِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ .

سید علی الخواص رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ:

حضور سیدنا رسول اللہ - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - کو تمام مخلوق کی طرف

جواھر البحار جلد ۲ صفحہ ۴۸

Marfat.com

مبعوث فرمایا گیا ہے عالم ارواح میں ہو یا اجسام میں حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر قیام قیامت تک۔

-☆-

سیدنا علی خواص رحمۃ اللہ علیہ کے اس صاف وصریح ارشاد مبارک کے بعد کسی قسم کے شک وتردد کی گنجائش ہی نہیں رہتی کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-عالم ارواح کی تمام مخلوق اور عالم اجسام کی تمام مخلوق کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے۔سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر قیامت کے قائم ہونے تک اس میں تمام انبیاء کرام علیہم السلام اور گزشتہ امتوں کے تمام صلحاء کرام بھی شامل ہیں۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْداً کَثِیْراً طَیِّباً مُبَارَکاً فِیْہِ .

Marfat.com

علامہ محمد فاسی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تمام انبیاء ومرسلین ان کی امتیں اور تمام متقدمین ومتاخرین کیلئے رسول ہیں

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَةً لِّلنَّاسِ .

الشیخ لامام العلامہ محمد الفاسی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

وَالْاَنْبِيَاءُ وَالرُّسُلُ وَجَمِيْعُ اُمَمِهِمْ وَجَمِيْعُ الْمُتَقَدِّمِيْنَ وَالْمُتَأَخِّرِيْنَ دَاخِلُوْنَ فِى كَافَّةً لِلنَّاسِ .

تمام انبیاء اور تمام رسل اور ان کی امتیں اور تمام متقدمین اور متاخرین کافۃ للناس میں داخل ہیں۔

جواھر البحار

Marfat.com

فنافی الرسول-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- علامہ نبھانی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ محقق شیخ احمد بن محمد بن ناصر سلاوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ کنت نبیا وآدم بین الروح والجسد میں اشارہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کی روح مبارکہ اور حقیقت مقدسہ کی طرف ہے اس وقت یہی روح یہی حقیقت مقدسہ نبوت کا محل تھی اور نبوت آپ کے ساتھ قائم تھی

وَاِنَّ الاَشَارَةَ بِحَدِیْثِ کُنْتُ نَبِیًا اِلَی رُوْحِهِ الشَّرِیْف وَاِلَی حَقِیْقَةِ مِنَ الْحَقَائِقِ یَعْلَمُهَا اللّٰهُ سُبْحَانَهُ فَیَکُوْنُ لِلنُّبُوَّةِ مَحَلٌّ اِذْ ذَاكَ قَامَتْ بِهِ.

حدیث پاک کُنْتُ نَبِیًا وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ میں آپ-فداہ ابی

جواہر البحار: جلد۴ صفحہ۲۱۰

Marfat.com

وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی روح شریف کی طرف اشارہ ہے یا آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی حقیقت مبارکہ کی طرف جسے اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہی جانتا ہے؟ پس وہ -آپ کی روح مقدسہ یا حقیقت مبارکہ- نبوت کا محل ہوئی جس کے ساتھ اس نبوت کا قیام وثبات ہوا۔

-☆-

Marfat.com

سیدنا سید احمد عابدین رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ نے حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی روح پاک کو تمام انبیاء کرام کی ارواح سے پہلے پیدا فرمایا اور اس روح مبارکہ کو نبوت خلعت شریف سے مشرف فرمایا اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کیلئے عالم ارواح میں وصفِ نبوت ثابت ہے جو کسی اور کیلئے ثابت نہیں ہے

بَلْ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ رُوْحَهُ قَبْلَ سَائِرِ الْاَرْوَاحِ وَخَلَعَ عَلَيْهَا خَلعَةَ التَّشْرِيْفِ بِالنُّبُوَةِ اَیْ ثَبَتَ لَهَا ذَالِكَ الْوَصْفُ دُوْنَ غَيْرَهَا فِی عَالِمِ الْاَرْوَاحِ .الخ

جواہر البحار: جلد۳ صفحہ۳۵۷

Marfat.com

بلکہ اللہ تعالیٰ نے تمام ارواح سے قبل آپ کی روح اطہر کو پیدا فرمایا اور اس کو نبوت کی خلعت شریفہ سے مشرف فرمایا۔آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کیلئے نبوت کا ثبوت اس وقت سے ہے جبکہ عالم ارواح میں نبوت کا وصف کسی اور نبی اور رسول کو ارزاں نہ ہوا تھا۔

-☆-

Marfat.com

سیدنا عبدالوھاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

تمام انبیاء کرام علیہم السلام یا علماء عظام آپ کی بعثت مبارکہ سے پہلے ہوں یا بعد ان سب کو علم صرف اور صرف مصطفیٰ کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی روحانیت سے ملا ہے اور ملتا رہے گا

فَاِنْ قُلْتَ : هَلْ ثَمَّ اَحَدٌ مِنَ الْبَشَرِ يَنَالُ فِى الدُّنْيَا عِلْمًا مِنْ غَيْرِ وَاسِطَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

فَالْجَوَابُ : لَيْسَ اَحَدٌ يَنَالُ عِلْماً فِى الدُّنْيَا اِلَّا وَهُوَ مِنْ بَاطِنِيَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَوَاءٌ الْاَنْبِيَاءُ وَالْعُلَمَاءُ الْمُتَقَدِّمُوْنَ عَلٰى مَبْعَثِهٖ وَالْمُتَاَخِّرُوْنَ عَنْهُ .

الیواقیت والجواھر فی بیان عقائد الاکابر ۲/۳۴۹

Marfat.com

سوال : کیا کوئی انسان دنیا میں حضور سید العالمین محمد-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے واسطہ کے بغیر علم حاصل کرسکتا ہے؟

جواب : دنیا میں کوئی بھی حضور سیدنا محمد مصطفیٰ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی باطنیت وروحانیت کے بغیر علم حاصل نہیں کرسکتا اگرچہ آپ کی بعثت مبارکہ سے پہلے کے انبیاء کرام علیہم السلام یا علماء عظام علیہم الرحمۃ والراحمون ہوں یا آپ کی بعثت کے بعد آنے والے علماء کرام رحمھم اللہ ہوں۔

Marfat.com

علامہ مُظہر الدین زیدانی کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-
کیلئے نبوت ثابت وواجب ہوگئی تھی جبکہ سیدنا آدم -علیہ
الصلاۃ والسلام- روح اور جسم کے درمیان تھے

قَوْلُهٗ : مَتَى وَجَبَتْ لَكَ النُّبُوَّةَ ؟ قَالَ :
وَآدَمَ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .
مَتَى سُوال عَنِ الزَّمَانِ وَالْوَاو فِى وَآدَم لِلْحَالِ . وَجَبَتْ اَىْ
ثَبَتَتْ نَبُوَّتِى فِىْ حَال اَن آدَمَ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- سے سوال ہوا: مَتَى وَجَبَتْ لَكَ

المفاتیح فی شرح المصابیح جلد ۶ صفحہ ۱۰۳

Marfat.com

النُّبُوَّةَ ؟ آپ کیلئے نبوت کب واجب ہوئی؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا:

وَآدَمَ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

جبکہ سیدنا آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے۔

مَتَى زمانہ سے متعلق سوال کرنے کیلئے آتا ہے وَآدَم میں واؤ حالیہ ہے وَجَبَتْ کا معنی ہے ثَبَتَتْ یعنی میری نبوت ثابت ہوگئی تھی اس حال میں کہ جب سیدنا آدم علیہ السلام روح وجسم کے درمیان تھے۔

Marfat.com

سیدنا عبدالوھاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے انوار رسالت جاری وساری ہیں متقدین اور متاخرین سب کیلئے

فَاِنَّ اَنْوَارَ رِسَالَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرُ مُنْقَطِعَةٍ عَنِ الْعَالِمِ مِنَ الْمُتَقَدِّمِيْنَ وَالْمُتَأَخِّرِيْنَ .

حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے انوار وتجلیات رسالت سارے جہاں میں جاری وساری ہیں اور متقدمین -حضرات انبیاء کرام علیہم السلام- اور متاخرین -حضرات اولیاء کرام علیہم الرحمۃ والرضوان- برابر مستفید ہو رہے ہیں۔

الیواقیت والجواھر للعارف الشعرانی ۲/۳۳۹

Marfat.com

سیدنا عبدالوھاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت علماء اور عرفاء کے درمیان مانی ہوئی شخصیت ہے، علماء کرام آپ کے علوم سے آج تک پیاس بجھاتے آرہے ہیں اور عرفاء آپ کی معرفت کے سامنے سر تسلیم خم کرتے آرہے ہیں۔ یہ مجمع البحرین شخصیت ہے جب ایسی عظیم ہستی حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی نبوت مبارکہ کو اولین وآخرین سب کیلئے مانتی ہے تو ایک کلمہ گو مسلمان کو اب کیا تردد رہ سکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمارا حشر ونشر بھی ایسی پاکیزہ ہستیوں کے ساتھ کرے۔

آمین یارب العالمین۔

Marfat.com

حضرت سید احمد عابدین رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ مبارکہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-عالم ارواح میں اور میثاق انبیاء کے وقت وصفِ نبوت ورسالت سے سرفراز تھے

وَاعْلَمْ اَنَّ اتِّصَافَ حَقِیْقَتِہٖ ۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ۔ بِالْاَوْصَافِ الشَرِیْفَۃِ الْمُفَاضَۃِ عَلَیْہِ مِنَ الْحَضْرَۃِ الْاِلٰھِیَّۃِ حَاصِلٌ لَہٗ مِنْ ذَالِكَ الْوَقْتِ ، اَیْ حَیْثُ کَانَ نَبِیًّا اَوْ حِیْنَ اُخِذَ الْمِیْثَاقُ ۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ۔ .

تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی حقیقت مقدسہ آج بھی ان ہی صفات سے متصف ہے جو اللہ تعالیٰ کے دربار الوہیت سے کُنْتُ نَبِیاًّ وَآدَمُ بَیْنَ الْمَاءِ وَالطِّیْنِ یَا اِذْ اَخَذَ اللّٰہُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ کے وقت عطا

جواہر البحار

Marfat.com

فرمائے گئے تھے۔

عالم ارواح اور میثاق انبیاء علیہم السلام کے وقت آپ وصف نبوت اور رسالت سے متصف تھے یہی اوصاف نبوت اور رسالت ظہور نبوت سے قبل اور ظہور نبوت کے بعد بلکہ برزخ قیامت اور ابدالاباد تک آپ کو حاصل ہیں جو کسی دور، کسی زمانے اور کسی وقت بھی آپ سے سلب ہوئے نہ منقطع۔

Marfat.com

شارح صحیح البخاری سیدنا شھاب الدین قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی طرف رسول بنا کر بھیجے گئے اس وجہ سے آپ نبی الانبیاء ہیں

وَحَاصِلُ مَا ذَكَرَهُ فِى الْمَوَاهِبِ وَغَيْرِهِ اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِىُّ الْاَنْبِيَاءِ مُرْسَلٌ اِلَى الْجَمِيْعِ مَعَ بَقَائِهِمْ وَلِهٰذَا ظَهَرَ فِى الْاٰخِرَةِ جَمِيْعُ الْاَنْبِيَاءِ تَحْتَ لِوَائِهِ وَفِى الدُّنْيَا كَذَالِكَ لَيْلَةَ الْاِسْرَاءِ صَلّٰى بِهِمْ اِمَامًا .

سیدنا شھاب الدین قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ نے جو مواھب اللدنیہ وغیرہ میں ذکر کیا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے:

حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نبیوں کے بھی نبی ہیں، ہر نبی اپنی

Marfat.com

نبوت پر قائم دائم ہیں لیکن اس کے باوجود آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو ان کی طرف بھی نبی بنا کر بھیجا گیا ہے اور اس کا ظہور قیامت کے دن بھی ہوگا کہ تمام انبیاء کرام آپ کے جھنڈے تلے جمع ہوں گے اور دنیا میں اس کا ظہور ہو چکا ہے کیونکہ شب معراج آپ سب کے امام تھے اور امام ہو کر آپ نے تمام انبیاء اور رسل کو نماز پڑھائی تھی۔

-☆-

Marfat.com

عارف باللہ شیخ اکبر محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر قیامت تک سب کیلئے نبی ورسول ہیں اور آپ کی روحانیت تمام انبیاء کرام کی روحانیت کے ساتھ موجود تھی اور ان نفوس قدسیہ کی ارواح کو آپ کی روحانیت مبارکہ سے امداد پہنچتی تھی

وَلِهٰذَا لَمْ يُبْعَثْ اِلَى النَّاسِ عَامَّةً اِلَّا هُوَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً فَهُوَ الْمَلِكُ وَالسَّيِّدُ وَكُلُّ رَسُوْلٍ سَوَاءٌ بُعِثَ اِلَى قَوْمٍ مَخْصُوْصٍ فَلَمْ تعن رَسَالَةُ اَحَدٍ مِنَ الرُّسَلِ سِوَى رِسَالَتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمِنْ زَمَنِ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِلٰى زَمَنِ بعثت مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ملكه وتقدمه فى الاخرة على جميع

Marfat.com

الرسل وسیادته منصوص علیه فی الصحیح ، فَرُوْحَانِیَّتُهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَوْجُوْدَةٌ مَعَ رُوْحَانِیَةِ کُلِّ نَبِیٍّ وَرَسُوْلٍ وَکَانَ الْاِمْدَادُ یَأْتِیْ اِلَیْهِمْ مِنْ تِلْکَ الرُّوْحِ الطَّاهِرَهِ فِیْمَا یظهرون بِهٖ مِنَ الشَّرَائِعِ فِیْ زَمَنِ وُجُوْدِهِمْ رُسُلاً .

اس لئے انسانیت کی طرف آپ کے بغیر کسی کو بھی رسالت عامہ دیکر مبعوث نہیں کیا گیا اور یہ صرف اور صرف آپ کا ہی خاصہ ہے پس آپ ہی پوری انسانیت کے بادشاہ اور سردار ہیں ۔رسول اللہ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے بغیر کسی بھی رسول کو رسالت عامہ کے ساتھ مبعوث نہیں فرمایا گیا بلکہ اس کو مخصوص قوم کیلئے رسول بنایا گیا پس حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ پاک سے لے کر محمد رسول اللہ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے زمانہ بعثت اور قیامت تک آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی بادشاہت ہے ۔حدیث صحیح سے یوم آخرت میں تمام رسولوں سے آپ کی افضیلت اور سرداری پر نص موجود ہے پس آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی روحانیت ہر نبی اور ہر رسول کی روحانیت کے ساتھ موجود رہی اور آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی روح طاہرہ سے بھرپور امداد پہنچتی رہی ۔ہر رسول اور ہر نبی اپنے زمانہ بعثت میں شرعی اور عملی اعتبار سے اس کا اظہار کرتا رہا۔

Marfat.com

عارف باللہ سیدنا عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

سیدنا آدم علیہ الصلاۃ والسلام جب پانی اور مٹی کے درمیان تھے اس وقت سوائے حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے کسی اور کو نبوت سے سرفراز نہیں کیا گیا

فَاِنْ قُلْتَ : هَلْ اُعْطِيَمَ اَحَدٌ النُّبُوَّةَ وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ غَيْرَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟

اگر تم کہو:

کیا حضور سیدنا رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے علاوہ کسی اور کو بھی نبوت دی گئی تھی جب کہ آدم علیہ السلام پانی اور کیچڑ کے درمیان تھے؟:

الیواقیت والجواہر جلد۲ صفحہ ۳۳۸

Marfat.com

فَالْجَوَابُ : لَمْ يَبْلُغْنَا اَحَداً اُعْطِيَ ذَالِكَ اِنَّمَا كَانُوْا اَنْبِيَاءَ اَيَّامَ رِسَالَتِهِمِ الْمَحْسُوْسَةِ .

جواب یہ ہے:

اس کے متعلق ہمیں کوئی خبر یا اطلاع نہیں ہوئی کہ آپ کے علاوہ کوئی اور بھی نبی تھا دیگر انبیائے کرام اپنے اپنے زمانے میں نبی ہوئے ہیں۔

-☆-

Marfat.com

عارف وعابد سیدنا عبدالغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے نور پاک کو پیدا فرمایا پھر اس نور مبارک سے تمام اشیاء کو پیدا فرمایا تمام انبیاء کرام اور رسولان عظام-علیہم الصلاۃ والسلام-بھی حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے نور پاک کی تجلی سے متجلیٰ فرمائے

علامہ عبدالغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ نے مشکل نورہ کے تحت فرمایا:

اَیْ نُوْرِ مُحَمَّدِیْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَمِشْکَاۃٍ کی تفسیر میں فرمایا لِاَنَّہُ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ مِنْ نُوْرِہٖ ثُمَّ خَلَقَ مِنْہُ کُلَّ شَیْءٍ . پھر فرمایا: اِنَّہُ نُوْرُ الْحَقِّ مِنْ حَیْثُ الْحَقِیْقَۃِ . پھر فرمایا: اِذِ الْعَالَمُ بِجَمِیْعِ اَجْزَائِہٖ مَوْجُوْدٌ مِنَ الْعَدْمِ لِتَجَلِّی اللّٰہِ تَعَالٰی

Marfat.com

لَهُ وَيَتَجَدَّدُ لَهُ الْوُجُوْدُ كُلَّ لَمْحَةٍ بِالتَّجَلِّي وَهُوَ نُوْرُ مُحَمَّدٍ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ .

اس لئے کہ جہاں اپنے تمام اجزاء کے ساتھ عدم سے وجود میں اس وقت آیا جب اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے وجود کیلئے تجلی فرمائی اور اس تجلی کی بدولت وجود کائنات ہر لمحہ تبدیل ہونے لگا، وہ تجلی نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى وَهَبَ هٰذَا النُّوْرَ الْاَعْظَمَ لَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ خَلَقَهُ مِنْهُ كُلَّ شَيْءٍ ، فَاَرْسَلَهُ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ فَلَا يُوْجَدُ اِلَّا بِوَاسِطَةِ نُوْرِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَبَضَ مِنْ هٰذَا النُّوْرِ الْاَعْظَمِ الَّذِيْ هُوَ تَجَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى فِى الْعَالَمِ اَنْوَارَ جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ عَلَيْهِمُ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ.

کیونکہ اللہ تعالیٰ نے یہ نور اعظم-تجلی-رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کہ ہبہ فرمایا اور اسی نور اعظم-تجلی-کو عالمین کیلئے رحمت بنا کر بھیجا۔ پس ہر شی آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے نور سے معرض وجود میں آئی ہے، پھر اس نور اعظم جو جہاں میں اللہ کی تجلی تھی تمام انبیاء اور رسولوں کے انوار اس سے قبض فرمائے-صلوات اللہ علیہم-۔

جواھر البحار جلد۳ صفحہ۴۱۱

Marfat.com

حضرت امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تمام انبیاء کرام کے بھی نبی ہیں اور آپ سلطان اعظم کی طرح ہیں اور تمام انبیاء امراء لشکر کی طرح ہیں حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-آدم علیہ السلام سے لیکر قیام قیامت تک تمام مخلوق کی طرف مبعوث ہیں

اِنَّ مُحَمَّداً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَبِیُّ الْاَنْبِیَاءِ فَھُوَ کَالسُّلْطَانِ الْاَعْظَمِ وَجَمِیْعُ الْاَنْبِیَاءِ کَاُمَرَاءِ الْعَسَاکِرِ وَلَوْ اَدْرَکَہُ جَمِیْعَ الْاَنْبِیَاءِ لَوَجَبَ عَلَیْھِمِ اتِّبَاعُہُ اِذْ ھُوَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَبْعُوْثٌ اِلٰی جَمِیْعِ الْخَلْقِ مِنْ لَدُنْ آدَمَ اِلٰی قِیَامِ السَّاعَۃِ .

Marfat.com

بے شک محمد-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-انبیاء کے بھی نبی ہیں آپ سلطان اعظم اور بقیہ انبیاء امراء لشکر ہیں اگر انبیائے کرام آپ کے زمانے میں آپ سے ملافی ہوتے تو آپ کی اتباع ان پر واجب ہوتی کیونکہ آپ کی بعثت شریفہ آدم علیہ السلام سے لے کر قیام قیامت تک ہونے والی سب مخلوق کی طرف ہوئی ہے۔

Marfat.com

عاشقِ رسول -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- علامہ نبھانی -رحمۃ اللہ علیہ- اور شیخ ابو محمد عبدالجلیل القصری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

ہر چیز سے پہلے حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو نبوت سے سرفراز فرمایا گیا آپ نے ارواح کی تخلیق اور انوار کی ابتداء کے وقت مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دی جیسے آپ نے آخر زمانہ میں جسد عنصری کی تخلیق پر اللہ تعالیٰ کی طرف مخلوق کو دعوت دی

اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عُقِدَتْ لَہُ النُّبُوَّۃُ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ وَاِنَّہُ دَعَا الْخَلِیْقَۃَ عِنْدَ خَلْقِ الْاَرْوَاحِ وَبَدْءِ الْاَنْوَارِ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی کَمَا دَعَاھُمْ آخِراً فِیْ خَلْقِۃِ جَسَدِہٖ آخِرَ الزَّمَانِ .

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد ۳ صفحہ ۴۱۶

Marfat.com

بے شک حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو ہر شی سے پہلے نبوت دی گئی ارواح کی تخلیق کے وقت آپ نے روحانی مخلوق کو دعوت دی اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انوار کے ظہور کی ابتداء فرمائی ۔جس طرح آپ نے آخر زمانے میں جسد عنصری کے تخلیق ہونے پر مخلوق کو دعوت دی ہے۔

Marfat.com

حضرت شیخ سلیمان جمل رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تمام اولین و آخرین کیلئے رسول مطلق ہیں آپ کی رسالت عامہ دعوت تامہ اور رحمت شاملہ ہے آپ سے پہلے جتنے انبیاء ورسل-علیہم السلام-تشریف لائے

وہ آپ کے نائب تھے اور آپ ہی علی الاطلاق رسول ہیں

فَهُوَ الرَّسُوْلُ الْمُطْلَقُ لِكَافَّةِ الْخَلْقِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالآخِرِيْنَ فَرِسَالَتُهُ عَامَّةٌ وَدَعْوَتُهُ تَامَّةٌ وَرَحْمَتُهُ شَامِلَةٌ وَكُلُّ مَنْ تَقَدَّمَ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ وَالرُّسُلِ قَبْلَهُ فَعَلٰى سَبِيْلِ النِّيَابَةِ عَنْهُ فَهُوَ الرَّسُوْلُ عَلَى الْاِطْلَاقِ فَاتُّجِهَ اخْتِصَاصُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِسْمَيِ النَّبِيِّ وَالرَّسُوْلِ .

آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-رسول مطلق ہیں ساری مخلوق کیلئے خواہ

Marfat.com

اولین ہوں یا آخرین آپ کی رسالت عامہ ہے اور آپ کی دعوت مکمل اور تام ہے، آپ کی رحمت ساری مخلوق کے شامل حال ہے، آپ سے قبل جتنے رسول اور نبی آئے وہ آپ کے نائب تھے، آپ علی الاطلاق رسول ہیں اسی لئے آپ کو یا ایہا النبی اور یا ایہا الرسول کے الفاظ سے پکارا اور متوجہ کیا گیا ہے۔

Marfat.com

سیدنا فخر الدین رازی امام المفسرین رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقام رسالت سے پہلے کسی نبی کے امتی نہ تھے بلکہ مقام رسالت سے پہلے مقام نبوت پر فائز تھے اور آپ وحی خفی اور کشوف صادقہ کے ذریعے جو ظاہر ہوتا اس پر عمل کرتے تھے

وَالْحَقُّ اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ الرِّسَالَةِ مَا كَانَ عَلَى شَرْعِ نَبِيٍّ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ وَهُوَ الْمُخْتَارُ عِنْدَ الْمُحَقِّقِيْنَ مِنَ الْحَنْفِيَّةِ لِاَنَّهُ لَمْ يَكُنْ اُمَّةُ نَبِيٍّ قَطُّ لٰكِنَّهُ كَانَ فِى مَقَامِ النُّبُوَّةِ قَبْلَ الرِّسَالَةِ وَكَانَ يَعْمَلُ بِمَا هُوَ الْحَقُّ الَّذِىْ ظَهَرَ عَلَيْهِ فِى مَقَامِ نَبُوَّتِهٖ بِالْوَحْيِ الْخَفِيِّ وَالْكُشُوْفِ الصَّادِقَةِ مِنْ شَرِيْعَةِ اِبْرَاهِيْمَ وَغَيْرِهَا كَذَا نَقَلَهُ الْقَوْنَوِىُّ فِىْ شَرْحِ عُمْدَةِ النَّسَفِيِّ .

حاشیہ شرح عقائد

Marfat.com

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

حق بات یہ ہے کہ حضور سیدنا محمد مصطفیٰ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- رسالت سے قبل کسی نبی کی شریعت پر نہ تھے، محققین حنفیہ کے نزدیک یہی مذہب مختار ہے اس لئے کہ آپ کبھی بھی کسی نبی کے امتی نہیں تھے لیکن آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- رسالت سے قبل مقام نبوت میں تھے مقام نبوت پر فائز ہونے کی وجہ سے وحی اور کشوفِ صادقہ کے ذریعے جو حق بات شریعت ابراہیمی یا کسی اور نبی علیہ السلام کی شریعت سے آپ کے سامنے ظاہر ہوتی اس پر عمل فرماتے، شرح عمدۃ النسفی میں امام قونوی نے یہی نقل فرمایا ہے۔

Marfat.com

سیدنا علامہ شھاب الدین خفاجی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

نبوت حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-کی روح پاک کی صفت ہے- جیسے آپ عالم ارواح میں نبی تھے ویسے ہی-آپ اپنے وصال کے بعد بھی نبی ورسول ہیں

وَاِذَا كَانَتِ النُّبُوَّةُ صِفَةَ رُوْحِهٖ عُلِمَ اَنَّهُ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ بَعْدَ مَوْتِهٖ نَبِيٌّ رَسُوْلٌ وَلَا يَضُرُّ انْقِطَاعُ الْاَحْكَامِ وَالْوَحْيِ .

اور جب نبوت آپ کی روح اقدس کی صفت ہے تو اس سے معلوم ہوا کہ حضور سیدنا رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-بعد از وفات بھی نبی ہیں آپ جس طرح عالم ارواح میں نبی تھے۔

جواھر البحار: جلد۳ صفحہ ۳۵۷

Marfat.com

سیدنا عارف باللہ شیخ تیجانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

جب حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے خود فرمادیا کہ میں تخلیق آدم -علیہ السلام- سے پہلے نبی تھا تو یہ محال ہے کہ آپ رسالت ونبوت وکتاب سے بے خبر ہوں، العیاذ باللہ من ذالک

وَيَدُلُّ عَلٰى هٰذَا الَّذِىْ ذَكَرْنَا قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ ، وَحَيْثُ كَانَ فِى ذَالِكَ نَبِيًّا يَسْتَحِيْلُ اَنْ يَجْهَلَ الرِّسَالَةَ وَالنُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ وَمُطَالَبَاتِ الْجَمِيْعِ وَمَا يُؤَوَّلُ اِلَيْهِ كُلُّ مِنْهَا وَمَا يُرَادُ مِنْ جَمِيْعِهَا .

ہمارے اس قول کی دلیل حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کا یہ ارشاد گرامی ہے:

Marfat.com

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ -میں اس وقت بھی نبی تھا جبکہ آدم علیہ السلام پانی اور کیچڑ کے درمیان تھے- کیونکہ جب اس وقت نبی تھے تو یہ امر محال ہے کہ نبی ہونے کے باوجود رسالت ونبوت اور کتاب-قرآن کریم-سے بے خبر ہوں ان کے مطالب تقاضوں سے آگاہ نہ ہوں اور ان کے نتائج اور مقاصد سے باخبر نہ ہوں۔

Marfat.com

سید المفسرین علامہ سید محمود آلوسی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

جب بعض انبیاء کرام کو بچپن میں نبوت ملی جبکہ وہ دو یا تین سال کے تھے تو حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- اس بات کے زیادہ حق دار ہیں کہ بچپن میں آپ پر اس قسم کی وحی نازل کی جائے اور جو خوش قسمت آپ کے مقام و مرتبہ کو جانتا ہے اور آپ کے حبیب اللہ ہونے کی تصدیق کرتا ہے اور مانتا ہے کہ آپ اس وقت بھی نبی تھے جبکہ آدم علیہ السلام پانی اور مٹی میں تھے تو اس کیلئے بچپن میں وحی کا نزول ناممکن نہیں

وَاِذَا كَانَ بَعْضُ اَخْوَانِهٖ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ قَدْ اُوْتِيَ الْحُكْمَ صَبِيًّا ابْنَ سَنَتَيْنِ اَوْ ثَلَاثٍ فَهُوَ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ اَوْلٰى بِاَنْ يُّوْحٰى اِلَيْهِ ذَالِكَ النَّوْعُ مِنَ الْاِيْحَاءِ صَبِيًّا اَيْضًا وَمَنْ عَلِمَ مَقَامَهٗ

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَدَّقَ بِاَنَّهُ الْحَبِيْبُ الَّذِىْ كَانَ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنَ لَمْ يَسْتَبْعَدْ ذَالِكَ .

جب حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے بعض نبی بھائی کو بچپن میں یعنی دوسال یا تین سال کی عمر میں احکامات عطا کیے گئے تو آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- اس بات کے زیادہ حق دار ہیں کہ آپ کو بھی بچپن میں اس طرح کی وحی سے سرفراز فرمایا جائے اور جو آدمی بھی آپ کے مقام اور مرتبے سے آگاہ ہے اور اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ یہ وہی اللہ کے محبوب ہیں جو اس وقت بھی اللہ کے نبی تھے جب آدم -علیہ السلام- پانی اور مٹی، کیچڑ کے درمیان تھے تو وہ آپ کے حق میں اس قسم کی وحی کو بعید نہیں سمجھے گا۔

Marfat.com

شیخ اکبر سیدنا محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضرات انبیاء کرام-علیہم الصلاۃ والسلام-حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نائب تھے اور انبیاء کرام -علیہم الصلاۃ والسلام- کے وجود سے پہلے آپ صاحب نبوت تھے

فَاِنَّهُ قَالَ : كُنْتُ نَبِيًّا وَمَا قَالَ : كُنْتُ اِنْسَانًا وَلَا كُنْتُ مَوْجُوْداً وَلَيْسَتِ النُّبُوَّةُ اِلَّا بِالشَّرْعِ الْمُقَرَّرِ عَلَيْهِ مِنْ عِنْدِاللّٰهِ فَاَخْبَرَ اَنَّهُ صَاحِبُ النُّبُوَّةِ قَبْلَ وُجُوْدِ الْاَنْبِيَاءِ الَّذِيْنَ هُمْ نُوَّابُهُ فِى هٰذِهِ الدُّنْيَا .

حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے كُنْتُ نَبِيًّا فرمایا كُنْتُ اِنْسَانًا اور نہ ہی كُنْتُ مَوْجُوْداً فرمایا۔ نبوت تو اس شریعت کے ساتھ ہے جو منجانب اللہ آپ پر مقرر ہے تو آپ نے خبر دی کہ انبیاء کرام علیہم السلام جو اس دنیا میں آپ کے نائب وخلیفہ ہیں کہ وجود سے پہلے آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- صاحب نبوت تھے۔

Marfat.com

سیدنا عبدالرؤوف مناوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

جب سیدنا آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے اس وقت سے ہی اللہ تعالیٰ نے حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو وصفِ نبوت سے متصف فرما دیا تھا

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَوْلُہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : کُنْتُ نَبِیًّا وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ وَھُوَ حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ قَالَ الْمَنَاوِیْ رَحِمَہُ اللّٰہُ :

قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ حَقِیْقَتَہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَقْصُرُ عَقُوْلُنَا عَنْ مَعْرَفَتِھَا وَاَفَاضَ عَلَیْھَا وَصْفَ النُّبُوَّۃِ مِنْ ذَالِكَ الْوَقْتِ .

Marfat.com

سیدنا عبداللہ ابن عباس-رضی اللہ عنہما-سے مروی حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا ارشاد گرامی:

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

میں اس وقت بھی نبی تھا جبکہ سیدنا آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے اور یہ حدیث صحیح ہے۔

علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

حضور سید نا رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی حقیقت کو اللہ تعالیٰ نے ایسا بنایا ہے کہ ہمارے عقول-عقول انسانیہ-اس کی معرفت سے عاجز اور قاصر ہیں۔ اس حقیقت مقدسہ کے وجود پر اس وقت-عالم ارواح-سے ہی اللہ تعالیٰ نے وصفِ نبوت عطا فرمادیا۔

Marfat.com

سید المفسرین علامہ فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
اللہ تعالیٰ نے زمانہ ماضی میں ہی آپ کر الکوثر عطا فرما دیا تھا
الکوثر سے مراد اسلام، قرآن اور نبوت وغیرہ ہے

جس طرح اِنَّـا اَعْـطَیْـنٰكَ الْـكَـوْثَـر ازلی ابدی کلام باری تعالیٰ ہے اور اس کی صفت ہے امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

لَـمْ یَقُلْ سَنُعْطِیْكَ لِاَنَّ قَوْلَهُ اَعْطَیْنَاكَ یَدُلُّ اَنَّ هٰذَا الْاَعْطَاءَ كَانَ حَاصِلاً فِی الْمَاضِیْ . یعنی یہ اعطاء زمانہ ماضی میں آپ کو حاصل ہے الکوثر سے مراد الخیرات الکثیر ۃ ہے وَهِیَ الْاِسْلَامُ وَالْقُرْآنُ وَالنُّبُوَّةُ .

الخیرات الکثیر ہ یعنی اسلام، قرآن اور نبوت ہے آیت کا معنی یہ ہے کہ اسلام قرآن اور نبوت اللہ تعالیٰ نے آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو زمانہ ماضی روز ازل سے ہی عطا کر رکھے ہیں۔

Marfat.com

فخر العلماء الوارثین سیدنا فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے کیا عمدہ تفسیر فرمائی ہے کہ:

اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب مکرم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو زمانہ ماضی میں ہی الکوثر عطا فرمادی تھی اور الکوثر سے مراد نبوت بھی ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے آپ کو زمانہ ماضی میں جبکہ انسانیت ابھی عالم ارواح میں تھی نبوت سے سرفراز فرمادیا تھا۔

-☆-

Marfat.com

علامہ ناصر سلاوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ نے حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کو تخلیق آدم سے پہلے ہی نبوت کیلئے تیار کرلیا تھا بلکہ اسی وقت ہی وصف نبوت عطا فرمادیا تھا اور انوار وتجلیات کی آپ پر برسات فرمائی تو آپ

اسی وقت مقام نبوت پر فائز ہوگئے

فَحَقِيْقَةُ الْمُصْطَفٰى كَانَتْ قَبْلَ خَلْقِ آدَمَ مُتَهَيِّئَةً لِلنُّبُوَّةِ فَاَتَاهَا اللّٰهُ ذَالِكَ الْوَصْفَ وَاَفَاضَ عَلَيْهَا تِلْكَ الْاَنْوَارَ فَصَارَ نَبِيًّا ، وَكَتَبَ اسْمَهُ عَلَى الْعَرْشِ وَاَخْبَرَ عَنْهُ بِالرِّسَالَةِ لِتَعُّلِمِ الْمَلَائِكَةِ وَغَيْرِهِمْ كَرَامَتَهُ عِنْدَ رَبِّهِ فَحَقِيْقَتُهُ مَوْجُوْدَةٌ مِنْ ذَالِكَ الْوَقْتِ وَاِنْ تَأَخَّرَ جَسَدُهُ الشَّرِيْفُ الْمُتَّصِفُ بِهَا .

جواہر البحار فی فضائل النبی المختار جلد۴ صفحہ ۲۴۹

Marfat.com

حضور سیدنا مصطفیٰ کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی حقیقت مقدسہ کو سیدنا آدم علیہ السلام کی تخلیق سے قبل نبوت کے اہل بنادیا گیا تھا یعنی حقیقت محمدیہ نبوت کی استعداد اور اہلیت رکھتی تھی اللہ تعالیٰ نے حقیقت محمدیہ کو نبوت عطا فرمائی اور اس حقیقت پر انوار وتجلیات کی برسات فرمائی پس آپ نبی ہوئے اور آپ کا اسم گرامی عرش پر لکھا گیا اور آپ کی رسالت کی خبر دگئی تا کہ ملائکہ اور دیگر نوری مخلوق کو آپ کے جو مقام ومرتبہ اللہ کے ہاں ہے اس کا علم ہو جائے-یہ معلوم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کے بعد ان کا مقام ومرتبہ ہے اور آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اللہ کے نبی اور رسول ہیں-آپ کی حقیقت اس وقت سے اس وصف نبوت اور رسالت سے متصف چلی آرہی ہے اگر چہ جسم اقدس اس نبوت اور رسالت سے اتصاف میں متاخر ہے یعنی چالیس کے بعد نبوت کے اظہار کا حکم دیا گیا ہے۔

Marfat.com

حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کے نور پاک سے
انبیاء کرام-علیہم السلام- کے انوار کو پیدا فرمایا گیا اور آپ کا نور
مبارک کمالات کے فیضان سے مکمل فرمایا اور نبوت سے سرفراز فرمایا

وَرُوِیَ اَنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی لَمَّا خَلَقَ نُوْرَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَخْرَجَ مِنْہُ اَنْوَارَ الْاَنْبِیَاءِ وَکَمَّلَہُ بِاِفَاضَۃِ الْکَمَالَاتِ وَالنُّبُوَّۃِ اَمَرَہُ اَنْ یَنْظُرَ اِلٰی اَنْوَارِ الْاَنْبِیَاءِ .

روایت ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے جب نبی محمد-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-کا نور پیدا فرمایا اور اس نور مبارک سے انبیاء کرام کے انوار کو تخریج فرمایا اور محمد-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-کے نور کو کمالات کے فیضان سے مکمل فرمایا اور نبوت عطا فرمائی تو آپ کے نور معہ وصف نبوت کو حکم فرمایا کہ انبیاء کرام کے انوار مقدسہ کو ملاحظہ فرمائیں۔

جواہر البحار جلد ۴ صفحہ ۲۰۰

Marfat.com

شیخ احمد بن محمد بن ناصر سلاوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم۔فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔
کی روح مبارکہ اور حقیقت مقدسہ کو عالم ارواح میں ہی
منصب نبوت سے سرفراز فرما دیا گیا تھا

اِنَّ الْاِشَارَةِ بِحَدِيْثِ كُنْتُ نَبِيًّا اِلٰى رُوْحِهِ الشَّرِيْفَةِ وَاِلٰى حَقِيْقَةٍ مِنَ الْحَقَائِقِ يَعْلَمُهَا اللّٰهُ سُبْحَانَهُ فَيَكُوْنُ لِلنُّبُوَّةِ مَحَلٌّ اِذْ ذَالِكَ قَامَتْ بِهٖ عَلٰى اَنَّ الْاِشْتِرَاطَ الْمَحَلِّ الَّذِىْ تَقُوْمُ بِهِ النُّبُوَّةُ اِنَّمَا هُوَ فِى النُّبُوَّةِ الْمُتَعَلَّقَةِ بِالْجَسَدِ بَعْدَ ارْتِبَاطِ الرُّوْحِ بِهٖ فَلَا يُنَافِىْ اَنَّ اِفَاضَةَ النُّبُوَّةِ عَلَى الرُّوحِ وَوَصْفَهَا حَقِيْقَةً جَائِزٌ لِعَدْمِ اشْتِرَاطِ الْمَحَلِّ الَّذِىْ تَقُوْمُ بِهِ النُّبُوَّةُ وَهُوَ خَارِجٌ عَنْ هٰذَا.

Marfat.com

کنت نبیا میں روح اور آپ کی حقیقت کی طرف اشارہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے، عالم ارواح یہ دو ہی چیزیں نبوت کا محل ہیں اور نبوت کا قیام انہیں دو کے ساتھ تھا۔ جسد عنصری نبوت کا محل اس وقت ہوگا جب روح کا اس کے ساتھ ربط ہوگا لہٰذا روح کا محل نبوت ہونا، جسد عنصری کے محل نبوت ہونے کے لئے منافی نہیں معلوم ہوا روح نبوت کا محل ہے۔ جو روح اور حقیقت عالم ارواح میں نبوت کا محل اور موصوف تھی جسد عنصری میں وہی روح تھی اور وہی نبوت موجود تھی جس کا تحقق اور وجود وجود عنصری کی موجودگی پر پایا گیا چالیس سال بعد نبوت کا قول پھر بھی غلط ہے۔

Marfat.com

بحر العلوم سیدنا ملا علی قاری مکی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

وَذَالِكَ النُّوْرُ عِبَارَةٌ عَنْ ظُهُوْرِ نَبُوَّتِهٖ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبَ وَاضْمَحَلَّ بِهَا ظُلْمَةُ الْكُفْرِ وَالضَّلَالَةِ .

یہ نور آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی نبوت کا ظہور تھا جو مشرق اور مغرب کے درمیان پھیلا، کفر اور گمراہی کی تاریکیاں جس سے کافور ہوئیں۔

Marfat.com

شارح صحیح البخاری سیدنا شھاب الدین قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ اور
سید المفسرین فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے کا حکم دیا
اس کی وجہ یہ تھی کہ سیدنا آدم علیہ السلام کی پیشانی میں نور سیدنا
محمد مصطفیٰ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- چمکتا تھا

وَأَمَّا سُجُوْدُ الْمَلَائِكَةِ لِآدَمَ ، فَقَالَ فَخْرُ الدِّيْنِ الرَّازِيِّ فِيْ تَفْسِيْرِهٖ :
اِنَّ الْمَلَائِكَةَ أُمِرُوْا بِالسُّجُوْدِ لآدَمَ لِاَجْلِ أَنَّ نُوْرَ مُحَمَّدٍ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- كَانَ فِيْ جَبْهَتِهٖ ، وَلِلّٰهِ دَرُّ الْقَائِلِ :
تَجَلَّيْتَ جَلَّ اللّٰهُ فِيْ وَجْهِ آدَمَ فَصَلَّى لَهُ الْأَمْلَاكُ حِيْنَ تَوَسَّلُوْا.

اَلمواھبُ اللُّدُنِّیَّۃ جلد۲ صفحہ۳۰۲

Marfat.com

اور جہاں تک حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے فرشتوں کے سجدہ کرنے کا تعلق ہے تو امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر-تفسیر کبیر- میں فرمایا کہ:

فرشتوں کو حضرت آدم علیہ السلام کیلئے سجدہ کرنے کا حکم اس لئے دیا گیا کہ محمد مصطفیٰ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کا نور ان کی پیشانی میں چمکتا تھا۔ کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

تَجَلَّيْتَ جَلَّ اللّٰهُ فِيْ وَجْهِ آدَمَ فَصَلَّى لَهُ الْأَمْلَاكُ حِيْنَ تَوَسَّلُوْا.

اللہ تعالیٰ بہت بڑا ہے آپ نے حضرت آدم علیہ السلام کے چہرے- پیشانی- میں تجلی فرمائی تو فرشتوں نے آپ کے وسیلہ سے ان کو سجدہ کیا- آپ کے نور کی وجہ سے-۔

Marfat.com

علامہ شھاب الدین قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ اور سیدنا امام سبکی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کی نبوت ورسالت تمام مخلوق کیلئے آدم علیہ السلام کے زمانہ سے لیکر قیامت تک عام ہے اور تمام انبیاء کرام اور ان کی امتیں آپ ہی کی امت ہیں، حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- حضرات انبیاء کرام علیہم السلام سے متقدم بھی ہیں اور آپ ان کے نبی اور رسول بھی ہیں- صلی اللہ علیہ وسلم-

فَتَكُوْنُ نَبُوَّتُهُ وَرِسَالَتُهُ عَامَّةٌ لِجَمِيْعِ الْخَلْقِ ، مِنْ زَمَنِ آدَمَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ، وَتَكُوْنُ الْأَنْبِيَاءُ وَأُمَمُهُمْ كُلُّهُمْ مِنْ أُمَّتِهٖ ، وَيَكُوْنُ قَوْلُهُ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ-:

وَبُعِثْتُ اِلَى النَّاسِ كَافَّةً . لَا يَخْتَصُّ بِهِ النَّاسُ فِىْ زَمَانِهٖ اِلٰى

Marfat.com

يَوْمِ الْقِيَامَةِ ، بَلْ يَتَنَاوَلُ مِنْ قَبْلِهِمْ أَيضاً ، وَاِنَّمَا أَخَذَ لَهُ الْمَوَاثِيْقَ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ لِيَعْلَمُوْا أَنَّهُ الْمُتَقَدِّمُ عَلَيْهِمْ ، وَأَنَّهُ نَبِيُّهُمْ وَرَسُوْلُهُمْ ، وَفِيْ أَخْذِ الْمَوَاثِيْقِ وَهِيَ فِيْ مَعْنَى الْاِسْتِحْلَافِ ، وَلِذَالِكَ دَخَلَتْ لَامُ الْقَسْمِ فِيْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنْصُرُنَّهُ .

پس آپ کی نبوت ورسالت تمام مخلوق کیلئے عمومی ہے اور وہ آدم علیہ السلام کے زمانے سے قیامت تک کیلئے ہے اور انبیاء کرام اور ان کی امتیں سب آپ کی امت ہیں اور نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کا ارشاد گرامی:

وَبُعِثْتُ اِلَى النَّاسِ كَافَّةً .

مجھے تمام لوگوں کی طرف کفایت کرنے والا بنا کر بھیجا گیا۔

یہ صرف آپ کے زمانے کے لوگوں سے متعلق نہیں جو قیامت تک ہوں گے بلکہ پہلے لوگوں کو بھی شامل ہے اور انبیاء کرام سے وعدہ اس لئے لیا کہ آپ کا ان پر مقدم ہونا معلوم ہو جائے نیز یہ کہ آپ ان کے بھی نبی اور رسول ہیں اور وعدہ لینا جو حلف لینے کے معنی میں ہے اسی لئے لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنْصُرُنَّهُ . میں لام قسم داخل ہے۔

اَلمواهبُ اللُّدُنِّيَّة جلد۲ صفحہ۵۲۹

Marfat.com

سیدنا علامہ ابن حجر مکی ھیتمی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

کائنات میں جس کو بھی معجزات وآیات سے نوازا گیا یا کرامات سے سرفراز کیا گیا وہ سب آپ کے نور مبارک سے ہے کیونکہ آپ کا نور نبوت سب سے پہلے پیدا فرمایا گیا ہے

اَنْتَ مِصْبَاحُ كُلِّ فَضْلٍ فَمَا تَصْدُرُ اِلَّا عَنْ ضَوْءِ كَ الْأَضْوَاءُ عَنْ ضَوْئِكَ الَّذِیْ أَكْرَمَكَ اللّٰهُ بِهِ الْاَضْوَاءُ كُلُّهَا ، مِنَ الآيَاتِ وَالْمُعْجَزَاتِ وَسَائِرِ الْمَزَايَا وَالْكَرَامَاتِ ، وَ اِنْ تَأَخَّرَ وَجُوْدُكَ عَنْ وُجُوْدِ الْاَنْبِيَاءِ ؛ لِأَنَّ نُوْرَ نَبُوَّتِكَ مُتَقَدَّمٌ عَلَيْهِمْ ، بَلْ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ .

المنح المکیۃ فی شرح الھمزیۃ صفحہ ۹۳

Marfat.com

یارسول اللہ -فداک ابی وامی صلی اللہ علیک وسلم-! آپ ہر فضل وکمال کا منبع ومصباح ہیں کیونکہ مخلوق میں جتنی بھی روشنی اور نور ہے وہ آپ ہی کے نور مبارک سے صادر ہورہی ہے۔

آپ کی اس روشنی اور نور سے جس سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو محترم ومکرم فرمایا، تمام روشنیوں اور تمام انوار کا صدور آپ ہی کے نور سے ہے وہ انوار آیات ومعجزات ہوں یا باقی خصوصیات وکرامات ہوں۔ اگر چہ آپ کا وجود مسعود انبیاء کرام علیہم السلام کے وجود سے متأخر ہے کیونکہ آپ کا نور نبوت ان پر متقدم ہے بلکہ آپ کا نور تمام مخلوق سے پہلے ہے۔

Marfat.com

برکتِ مصطفیٰ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وٰالہٖ وسلم- فی الھند

سیدنا عبدالحق محدث دہلوی -رحمۃ اللہ علیہ- کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وٰالہٖ وسلم- اس وقت بھی نبی تھے جبکہ سیدنا آدم علیہ السلام پانی ومٹی کے درمیان تھے، عالم ارواح میں تمام انبیاء کرام -علیہم السلام- کو آپ کی روح مبارکہ سے فیض پہنچا حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وٰالہٖ وسلم- افتاب نبوت ہیں اور دیگر انبیاء کرام اس آفتاب عالمتاب کے سیارے ہیں

وفضیلت اعلی واکمل وی صلی اللہ علیہ وسلم آنست کہ پروردگار تعالی روح اورا بیشتر از ارواح خلائق پیدا کردہ وارواح سائر مکونات رااز روح وی منشعب گردانیدہ ہمہ رااز نور وی آفریدہ ووی صلی اللہ علیہ وسلم نبی بودہ وآدم ہنوز میان روح وجسد بود۔

Marfat.com

کما رواہ الترمذی عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ودر عالم ارواح نیز فیض بارواح انبیاء از روح اورسیدہ -شعر:

وَكُلٌّ اٰيٍ آتَى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا

فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُوْرِهٖ بِهِمِ

فَاِنَّهُ شَمْسُ فَضْلٍ هُمْ كَوَاكِبُهَا

يُظْهِرْنَ اَنْوَارُهَا لِلنَّاسِ فِى الظُّلَمِ

وتا آنکہ آفتاب روح او در پردہ غیب بود کہ کواکب ثواقب حضرات انبیاء کہ منور بنور او بود ظہور نمودند وچوں آفتاب نبوت وی ظہور کرد محو ومختفی شدند بعینہ در رنگ ظہور کواکب درشب واختفای ایشاں نزد طلوع آفتاب چنانچہ ابوھریرہ روایت کردہ کہ فرمود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم من اول انبیاءام در خلق وآخر ایشانم در بعث۔

اور آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی اعلیٰ اور اکمل فضیلت یہ ہے کہ پروردگار تعالیٰ نے آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی روح پاک کو باقی مخلوقات کی ارواح سے پہلے پیدا کیا اور باقی مخلوقات کی ارواح کو آپ کی روح اقدس سے پھیلایا تمام کو آپ کے نور پاک سے پیدا کیا اور آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نبی تھے اور آدم علیہ السلام ابھی روح اور جسم کے درمیان تھے۔ جیسا کہ اس حدیث کو امام ترمذی نے سیدنا ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور عالم ارواح میں بھی ارواح انبیاء علیہم السلام کو آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی روح اقدس سے فیض پہنچا ہے۔

مدارج النبوۃ جلد ۱ صفحہ ۱۱۵

Marfat.com

شعر:

وَكُلٌّ اٰيٍ آتَى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا

فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُوْرِهٖ بِهِمِ

فَاِنَّهُ شَمْسُ فَضْلٍ هُمْ كَوَاكِبُهَا

يُظْهِرْنَ اَنْوَارُهَا لِلنَّاسِ فِى الظُّلَمِ

رسل کرام جتنے بھی معجزات لائے ہیں وہ صرف اور صرف حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نور ہی سے ان تک پہنچے ہیں۔ بے شک آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- فضیلت کے آفتاب ہیں اور انبیاء کرام اس آفتاب کے سیارے ہیں جو اندھیروں میں لوگوں کی بھلائی اور انہیں فائدہ پہنچانے کیلئے اس آفتاب کے انوار ظاہر کرتے رہے۔

اور جب تک آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی روح اقدس والا آفتاب پردہ غیب میں تھا تو روشن ستارے حضرات انبیاء سابقین -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- جو آپ ہی کے نور سے منور تھے ظہور پذیر رہے اور جب آپ کی نبوت کے آفتاب نے ظہور فرمایا تو ستارے چھپ گئے۔ بعینہ اس طرح کہ رات میں ستاروں کا ظہور ہوتا ہے اور طلوع آفتاب کے قریب چھپ جاتے ہیں۔ چنانچہ سیدنا ابوھریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

پیدائش میں سب سے پہلا نبی ہوں اور بعثت میں ان کے آخر میں ہوں۔

Marfat.com

برکتِ مصطفیٰ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-فی الھند
سیدنا شیخ عبدالحق محدث دہلوی-رحمۃ اللہ علیہ-کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی عالم ارواح میں نبوت ثابت تھی، حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی روح مبارکہ عالم ارواح میں انبیاء کرام علیہم السلام کی ارواح کی مربی تھی اور ان پر علوم الٰہیہ کا فیض پہنچانے والی تھی اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اس عالم ارواح میں بالفعل نبی مرسل تھے

ونبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ثابت بود دراں عالم چنانچہ فرمودہ کنت نبیا وآدم بین الروح والجسد-تا-اگرچہ در علم الٰہی نبوت تمامہ انبیا ثابت وکائن بود لیکن نبوت آنحضرت ظاہر معلوم بود درمیان ملائکہ وارواح ونبوت ایشان مکنون ومستور بود بلکہ میگویند

Marfat.com

کہ روح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم درآن عالم مربی ارواح انبیاء مفیض علوم الٰہیہ بود برایشاں چنانچہ درنشأہ دنیا مبعوث ومرسل بود برسائر بنی آدم پس وی صلی اللہ علیہ وسلم نبی مرسل بود درآں عالم بالفعل درخارج نہ درعلم الٰہی فقط وتواند کہ اشارت نحن السابقون الآخرون بایں معنی باشد۔

اوراس عالم-عالم ارواح-میں حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نبوت ثابت تھی جیسا کہ آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے فرمایا کہ:

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ.

میں نبی تھا جبکہ آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے-تا-اگرچہ علم الٰہی میں تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی نبوت ثابت تھی لیکن حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نبوت ملائکہ اورارواح کے درمیان ظاہر اور معلوم تھی اور دوسرے انبیاء کرام علیہم السلام کی نبوت مخفی اور مستور تھی بلکہ علمائے اعلام اوراکابرین ملت فرماتے ہیں:

اس عالم-عالم ارواح-میں حضور محبوب کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی روح حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی ارواح کیلئے مربی اور انہیں علوم الٰہیہ کا فیضان پہنچاتی تھی جیسا کہ نشأۃ دنیا میں تمام بنی آدم کی طرف-آپ-مبعوث اور مرسل ہیں پس حضور سرور کونین -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اس عالم-عالم ارواح-میں خارج میں بالفعل نبی مرسل تھے نہ کہ فقط علم الٰہی میں اور ہوسکتا ہے کہ حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے فرمان مقدس نَحْنُ السَّابِقُوْنَ الآخِرُوْنَ کا اشارہ اسی حقیقت کی طرف ہو۔

مدارج النبوۃ جلد۲ صفحہ۳

Marfat.com

محدثِ کبیر سیدنا ابوبکر محمد بن حسین آجری المتوفی سنہ ۳۶۰ھ کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کیلئے تخلیق
آدم علیہ السلام کے وقت ہی سے نبوت ثابت وواجب ہو چکی تھی

باب :

ذِكْرُ مَتٰى وَجَبَتِ النُّبُوَّةُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

باب: حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کیلئے
کب نبوت واجب وثابت ہوئی

عَنْ مَيْسَرَةَ الْفَجْرِ قَالَ :قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَتَى كُنْتُ نَبِيًّا؟قَالَ:
وَآدَمَ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

Marfat.com

ترجمة الحديث:

سیدنا میسرہ فجر -رضی اللہ عنہ- نے فرمایا:

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کب سے نبی ہیں؟ آپ نے ارشاد فرمایا:

-اس وقت سے- جب حضرت آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے۔ [1]

-☆-

عَن مَيْسَرَةَ الْفَجْرِ قَالَ :

سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَتَى كُنْتُ نَبِيًّا ؟ قَالَ :

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ . [2]

ترجمة الحديث:

سیدنا میسرہ فجر -رضی اللہ عنہ- نے فرمایا:

میں نے حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- سے عرض کی:

(۱) مسند الامام احمد رقم الحدیث (۲۰۵۹۶) جلد ۳۴ صفحہ ۲۰۲

قال شعیب الارنووط اسنادہ صحیح، رجالہ ثقات رجال الصحیح غیر صحابیہ میسرۃ الفجر

کتاب الشریعۃ للامام المحدث ابوبکر الآجری رقم الحدیث (۹۴۳) جلد ۳ صفحہ ۱۴۰۵

قال المحقق اسنادہ صحیح

(۲) مسند الامام احمد رقم الحدیث (۲۰۵۹۶) جلد ۳۴ صفحہ ۲۰۲

قال شعیب الارنووط اسنادہ صحیح، رجالہ ثقات رجال الصحیح غیر صحابیہ میسرۃ الفجر

کتاب الشریعۃ للامام المحدث ابوبکر الآجری رقم الحدیث (۹۴۵) جلد ۳ صفحہ ۱۴۰۷

قال المحقق اسنادہ صحیح

Marfat.com

آپ کب سے نبی ہیں؟ آپ نے ارشاد فرمایا:

میں اس وقت بھی نبی تھا جب حضرت آدم -علیہ الصلاۃ والسلام- روح اور جسم کے درمیان تھے۔

-☆-

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ـ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ـ قَالَ :

سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ـ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ مَتَی وَجَبَتْ لَكَ النُّبُوَّةَ ؟ قَالَ :

بَیْنَ خَلْقِ آدَمَ وَنَفْخِ الرُّوْحِ فِیْهِ .

ترجمة الحديث:

سیدنا ابوھریرہ -رضی اللہ عنہ- نے فرمایا:

حضور سیدنا رسول اللہ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- سے پوچھا گیا: آپ کیلئے نبوت کب واجب ولازم کی گئی؟ آپ نے ارشاد فرمایا:

اس وقت جب کہ اللہ عزوجل نے سیدنا آدم علیہ السلام کے جسم پاک کی تخلیق اور اس میں روح پھونکنے کے درمیان۔

-☆-

الخصائص الکبری للسیوطی صفحہ۴

کتاب الشریعۃ للامام المحدث ابوبکر الآجری رقم الحدیث (۹۴۶) جلد۳ صفحہ۱۴۰۷

قال المحقق اسنادہ صحیح

Marfat.com

الامام المحدث ابوبکر محمد بن حسین آجری رحمۃ اللہ علیہ کا سن وصال سنہ ۳۶۰ھ ہے ان بزرگوں نے اپنی کتاب کتاب الشریعہ میں ان احادیث کو باب ذکر متی وجبت النبوۃ للنبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم میں ذکر فرمایا ہے یعنی چوتھی صدی ہجری کے علماء کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے ہاں کتب عقائد میں یہ آچکا ہے یعنی آج سے ہزار بارہ سو سال پہلے ہمارا عقیدہ تھا کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم-عالم ارواح میں بھی نبی تھے اور اس عالم میں آپ کیلئے نبوت ثابت وواجب ہو چکی تھی۔

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ حَمْداً كَثِيْراً طَيِّباً مُبَارَكاً فِيْهِ .

Marfat.com

فانی فی الرسول سیدنا یوسف بن اسماعیل نبھانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے نور محمد مصطفیٰ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو پیدا فرمایا آپ ہی ساری کائنات کی اصل اور ہر سردار کے بھی سردار ہیں اللہ تعالیٰ نے انسانی وجود سے پہلے ہی آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو منصبِ نبوت پر سرفراز فرما دیا تھا حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-وہ بے مثل ذات ہیں کہ تمام کائنات آپ کی فرع ہے

اَوَّلُ خَلَقَ اللّٰهُ نُوْرَ اَحْمَدٍ اَصْلُ الْوَرٰی سَیِّدُ کُلِّ سَیِّدٍ
قِدْماً تَنَبَّأَ قَبْلَ طِیْنِ الْجَسَدِ فَهُوَ اَبٌ لِوَالِدٍ وَوَلَدٍ
مِنْ قَبْلِ خَلْقِ آدَمَ وَبَعْدٍ
قَدْ کَانَ نُوْرُ النَّبِیِّ الْکُلَّ الْعَلُوَّ مِنْهُ خَلَقَهُ وَالسِّفْلُ

Marfat.com

فَالْكَوْنُ فَرْعٌ وَالنَّبِیُّ اَصْلٌ لَیْسَ لَهُ فِی الْعَالَمِیْنَ مَثَلُ
لَوْ لَاهُ مَا اَنْفَكَّ الْوَرٰی فِیْ قَیْدِ

سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے نورِ احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو پیدا فرمایا جو کائنات کی اصل ہیں اور ہر سردار کے سردار ہیں وہ جسمِ انسانی کی خاک بننے سے پہلے ہی منصبِ نبوت پر فائز تھے اور سیدنا آدم-علیہ الصلاۃ والسلام-اور ان کی اولاد کے بھی باپ ہیں۔آپ منصبِ نبوت پر فائز تھے سیدنا آدم علیہ السلام سے پہلے بھی اور بعد میں بھی۔

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا نورِ پاک ہی کل ہے ،اللہ تعالیٰ نے ہر بلند و پست کو آپ کے نور سے پیدا فرمایا ہے تمام کائنات فرع ہے اور اس کی اصل حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم - ہیں اور تمام جہانوں میں آپ کی مثل کوئی نہیں ہے اگر آپ کا وجود اقدس نہ ہوتا تو کائنات پردہ عدم سے وجود میں نہ آتی۔

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد ۳ صفحہ ۵۴۸

Marfat.com

سید احمد عابدین رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی تشریف آوری سے پہلے جب آپکا وجود حسی موجود نہ تھا تو ہر نبی کی شریعت اس نبی کی طرف ہی منسوب کی گئی اگر چہ حقیقت میں وہ شریعت محمدی-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ہی تھی

لٰکِنْ لَمَّا لَمْ یَتَقَدَّمْ فِی عَالَمِ الْحَسِّ وَجُوْدُ عَیْنِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوَّلاً نُسِبَ کُلُّ شَرْعٍ اِلٰی مَنْ بُعِثَ وَھُوَ فِی الْحَقِیْقَۃِ شَرْعُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاِنْ کَانَ مَفْقُوْدَ الْعِیْنِ عِنْدَ بعث لَا یَعْلَمُ کَمَا ھُوَ مَفْقُوْدُ الْعَیْنِ الْاٰنَ .

Marfat.com

لیکن چونکہ عالم حس- دنیا- میں آپ کا وجود عینی پہلے موجود نہ تھا اس لئے ہر نوع شریعت کو نبی مبعوث کی طرف اولا منسوب کیا گیا حالانکہ درحقیقت وہ محمد رسول اللہ- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی شریعت تھی۔ اگرچہ نبی مبعوث کے نزدیک بھی آپ کا حقیقی وجود مفقود تھا جس طرح اس وقت آپ کا وجود عینی مفقود ہے۔

Marfat.com

سیدنا احمد عابدین رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں حضرات انبیاء کرام ورسولان عظام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا تا کہ وہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے ظہور کیلئے مقدمہ ہوسکیں جبکہ ان انبیاء کرام علیہم السلام کی ارواح مبارکہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی روح مبارک کے تابع تھیں

وَاعْلَمْ اَنَّهُ لَمَّا تَعَلَّقَتْ اِرَادَةُ الْحَقِّ بِاِيْجَادِ الْخَلْقِ اَبْرَزَ الْحَقِيْقَةَ الْاَحْمَدِيَّةَ مِنْ كَوْنِ الْحَضْرَةِ الْاَحْدِيَّةِ فَمَيَّزَهُ بِمِيْمِ الْاِمْكَانِ وَجَعَلَهُ رَحْمَةً لِلْعَالَمِيْنَ وَشَرَّفَ بِهٖ نَوْعَ الْاِنْسَانِ بَلْ جَمِيْعَ الْعٰلَمِيْنَ ، ثُمَّ انْبَجَسَتْ مِنْهُ عُيُوْنُ الْاَرْوَاحِ ثُمَّ بَدَا فِىْ عَالَمِ الْاَجْسَادِ وَالْاَشْبَاحِ كَمَا قَالَ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ : اَنَا مِنْ نُوْرِ اللّٰهِ وَالْمُؤْمِنُوْنَ مِنْ فَيْضِ نُوْرِىْ فَهُوَ الْغَايَةُ الْجَلِيْلَةُ مِنْ تَرَتُّبِ الْكَائِنَاتِ كَمَا قَالَ تَعَالٰى فِى الْحَدِيْثِ الْقُدْسِيِّ لَوْلَاكَ لَمَا

Marfat.com

خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ فَيَكْفِيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا شَرَفًا وَفَضْلاً وَاِنَّمَا خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ وَبَعَثَ الْاَنْبِيَاءَ وَالرُّسُلَ لِيَكُوْنَ مُقَدِّمَةً لِظُهُوْرِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ عَالَمِ الْمُلْكِ وَالشَّهَادَةِ فَاَرْوَاحُهُمْ وَاَجْسَادُهُمْ تَابِعَةً لِرُوْحِهِ الشَّرِيْفَةِ وَجِسْمِهِ اللَّطِيْفِ فِيْهِ تَمَّ وَكَمُلَ سَعْدُهُمْ .

جان لو کہ جب اللہ تعالیٰ کا ارادہ مخلوق کی تخلیق سے متعلق ہوا تو حقیقت احمدیہ کو دربار الوہیت سے ظاہر فرمایا گیا اور درجہ امکان میں تمیز بخشی گئی اور اس حقیقت احمدیہ کو عالمین کیلئے رحمت بنایا گیا اور نوع انسانی کو اس کی بدولت شرف ملا بلکہ تمام عالمین اس کی وجہ سے مشرف ہوئے پھر ارواح کی ذوات کو ظاہر کیا گیا، عالم اجساد، عالم اجسام میں جس جس کو ظاہر کرنا تھا اس کا ظہور ہوا جیسا کہ حضور سیدنا رسول اللہ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے فرمایا:

میری حقیقت اللہ کے نور سے ہے اور بقیہ تمام مومنین میرے نور کا فیضان ہے

ترتیب کائنات میں یہ انتہائی بڑائی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے حدیث قدسی میں فرمایا ہے اگر اے رسول آپ کو پیدا نہ کیا جاتا تو یہ آسمانی مخلوق نہ ہوتی۔ حضور سیدنا رسول اللہ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے اشرف المخلوقات اور افضل الخلق ہونے کیلئے یہ حدیث قدسی ہی کافی ہے۔ آپ کو ظاہر کرنے کی خاطر ساری مخلوق کو پیدا اور انبیاء اور رسولوں کو مبعوث فرمایا گیا تا کہ وہ آپ کے ظہور کیلئے مقدمہ ثابت ہوں، عالم ملکوت اور عالم شہادت میں پس انبیاء اور رسولوں کی ارواح آپ کی روح شریفہ کے تابع اور ان کے اجساد مبارکہ آپ کے جسم لطیف کے تابع ہو کر اپنی سعادتوں کا اتمام اور مکمل کر سکیں۔

Marfat.com

خواجہ کبیر سیدنا عبدالعزیز دبّاغ رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

مشاہدہ بقدر معرفت ہوتا ہے حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم-کو یہ اس وقت حاصل تھا جب اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم-کے علاوہ کوئی نہ تھا آپ اول المخلوقات ہیں اور آپ کی روح کریمہ کو انوار قدسیہ اور معارف ربانیہ سے سیراب کیا گیا ہے پس آپ ہر ملتمس کیلئے اصل اور ہر مقتبس کیلئے مادہ و بنیاد بن گئے

اِنَّ الْمُشَاهَدَةَ عَلٰى قَدْرِالْمَعْرِفَةِ حَصَلَتْ لِلنَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ - حِيْنَ كَانَ الْحَبِيْبُ مَعَ الْحَبِيْبِ وَلَا ثَالِثَ مَعَهُمَا فَهُوَ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ - اَوَّلُ الْمَخْلُوْقَاتِ فَهُنَاكَ سُقِيَتْ رُوْحُهُ الْكَرِيْمَةُ مِنَ الْاَنْوَارِ الْقُدْسِيَّةِ وَالْمَعَارِفِ الرَّبَّانِيَّةِ مَا صَارَتْ بِهٖ اَصْلاً

Marfat.com

لِكُلِّ مُلْتَمِسٍ وَمَادَّةً لِكُلِّ مُقْتَبِسٍ .

مشاہدہ معرفت کے مطابق ہوتا ہے حضور نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کومعرفت اس وقت سے حاصل ہے جبکہ حبیب اپنے حبیب-اللہ تعالیٰ-کے پاس تھے اور تیسری کوئی مخلوق وہاں موجود نہ تھی اور آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ہی اول مخلوق ہیں۔اس وقت آپ کی روح کریمہ کوانوار قدسیہ اور معارف ربانیہ سے اس قدر سیراب کیا گیا کہ آپ ان انوار قدسیہ اور معارف ربانیہ کی بدولت ہر طلبگار کیلئے اصل ہر مستفید کیلئے اساس اور مادہ بن گئے۔

-☆-

جواھر البحار: جلد۲ صفحہ ۲۵۳

Marfat.com

شیخ محقق سیدنا احمد بن محمد بن ناصر سلاوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ نے حضور سیدنا نبی کریم فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو عالم ارواح میں جبکہ سیدنا آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے نبوت سے سرفراز فرما دیا تھا اور ارواح انبیاء کرام علیہم السلام کو اس سے مطلع بھی فرما دیا تھا اور آپ کی نبوت کی معرفت اور اس کے اقرار کا حکم بھی دے دیا تھا

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

فَالظَّاهِرُ اَنَّ بَيْنَ ظَرْفُ زَمَانٍ اَیْ فِیْ زَمَانٍ كَانَ بَيْنَ خَلْقِ رُوْحِهٖ وَجَسَدِهٖ فَيُفِيْدُ ظُهُوْرُ نَبُوَّتِهٖ بَعْدَ خَلْقِ رُوْحِهٖ وَقَبْلَ خَلْقِ جَسَدِهٖ اَیْ اَنَّهُ نَبَّاَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ عَالَمِ الْاَرْوَاحِ وَالْمُطَّلِعِ الْاَرْوَاحِ عَلٰی ذَالِكَ وَاَمَرَهَا بِمَعْرِفَةِ نَبُوَّتِهٖ وَالْاِقْرَارِ بِهَا .

جواہر البحار: جلد۴ صفحہ ۲۱۰

Marfat.com

حدیث نبوی: كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْن میں بین ظرف زمان ہے عبارت یوں ہوگی:

اَیْ فِیْ زَمَانٍ كَانَ بَيْنَ خَلْقِ رُوْحِهٖ وَجَسَدِهٖ، میں اس زمانے میں نبی تھا جس وقت آدم علیہ السلام کی تخلیق روح اور جسم کے درمیان تھی، حدیث مبارکہ کا معنوی مفاد یہ ہوگا کہ رسول اللہ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی نبوت روح آدم کی تخلیق کے بعد اور جسم کی تخلیق سے پہلے موجود تھی یعنی اللہ تعالیٰ نے عالم ارواح میں آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو نبی بنایا اور تمام ارواح کو آپ کے نبی ہونے کی اطلاع دی آپ کی نبوت کے پہنچاننے اور اس کا اقرار کرنے کا حکم دیا۔

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا نور پاک اللہ تعالیٰ کی تسبیح کیا کرتا تھا اور فرشتے آپ کی تسبیح کے ساتھ تسبیح کیا کرتے تھے اور اس بات سے عیاں ہوتا ہے کہ آپ فرشتوں کیلئے رسول مکرم تھے اور یہ بات صراحۃ معلوم ہوتی ہے کہ آپ کی نبوت آدم علیہ السلام کی نبوت سے پہلے وجود عینی میں ظاہر ہو چکی تھی اور فرشتے آپ سے پہلے کسی نبی کو نہیں جانتے تھے

وَفِیْ رِوَایَۃٍ :

یُسَبِّحُ ذَالِكَ النُّوْرُ وَتُسَبِّحُ الْمَلَائِكَةُ بِتَسْبِيْحِهٖ وَهٰذَا يُؤَيِّدُ اَنَّهٗ ـصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ مُرْسَلٌ لِلْمَلَائِكَةِ كَغَيْرِهِمْ فَهٰذَا صَرِيْحٌ فِيْ اَنَّهٗ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ ظَهَرَتْ نَبُوَّتُهٗ فِى الْوَجُوْدِ الْعَيْنِيِّ

Marfat.com

قَبْلَ نَبُوَّةِ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَغَيْرِهٖ وَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَمْ تَعْرِفْ نَبِيًّا قَبْلَهُ .

ایک روایت میں ہے کہ وہ نور-رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا نور-تسبیح پڑھتا تھا فرشتے بھی اس کی تسبیح کو سن کر اس کی اقتداء اور اتباع میں تسبیح پڑھتے تھے۔یہ اس بات کی تائید ہے کہ آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-فرشتوں کے بھی رسول ہیں جس طرح دوسری مخلوقات کے رسول ہیں۔یہ روایت اس بات پر صراحت ہے کہ آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نبوت آدم علیہ السلام کی نبوت فرشتوں اور دیگر مخلوقات کی پیدائش سے قبل وجود عینی خارجی میں موجود تھی اور فرشتوں نے اس نور سے قبل کسی نبی کو نہیں جانا تھا۔

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کا ارشاد گرامی کُنْتُ نَبِیًّا وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ یہ اس بات کی طرف واضح اشارہ ہے کہ آپ کی نبوت زمانہ کی تخلیق کی ابتداء میں ہی موجود تھی

آگے فرمایا کہ:

حضور سیدنا سول اللہ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے کُنْتُ نَبِیًّا فرمایا ہے وَلَمْ یَقُلْ کُنْتُ اِنْسَانًا وَلَا کُنْتُ مَوْجُوْدًا اِشَارَۃٌ اِلَی اَنَّ نَبُوَّتَہٗ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کَانَتْ مَوْجُوْدَۃً فِیْ اَوَّلِ خَلْقِ الزَّمَانِ فِیْ عَالَمِ الْغَیْبِ دُوْنَ عَالَمِ الشَّھَادَۃِ اور کُنْتُ اِنْسَانًا یا کُنْتُ مَوْجُوْدًا نہیں فرمایا اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی نبوت عالم غیب میں زمانے کی تخلیق کے اول -ابتداء- میں ہی موجود تھی، عالم شھادت یعنی عالم اجسام میں نہ تھی کیونکہ عالم شھادت ابھی مخلوق ہی نہیں ہوا تھا۔

Marfat.com

سیدنا شہاب الدین ابن حجر ھیتمی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ نے جب مخلوق کو پیدا فرمانے کا ارادہ فرمایا تو نور سے حقیقت محمدیہ کو ظاہر فرمایا پھر اس حقیقت مبارکہ سے تمام عوالم کو وجود بخشا پھر آپ کو بتایا کہ آپ کو نبوت سے سرفراز فرما دیا گیا ہے اور آپ کو رسالت عظمیٰ کی بشارت سے بھی نوازا جبکہ سیدنا آدم علیہ السلام کا وجود مبارک ابھی تخلیق نہ ہوا تھا

اِعْلَمْ اَنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی شَرَّفَ نَبِیَّہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَبْقَ نَبُوَّتِہٖ فِیْ سَابِقِ اَزَلِیَّتِہٖ ، وَذَالِكَ اَنَّہُ تَعَالٰی لَمَّا تَعَلَّقَتْ اِرَادَتُہُ بِاِیْجَادِ الْخَلْقِ اَبْرَزَالْحَقِیْقَۃَ الْمُحَمَّدِیَّۃَ مِنْ مَحْضِ النُّوْرِ قَبْلَ وُجُوْدِ مَا ھُوَ كَائِنٌ مِنَ الْمَخْلُوْقَاتِ بَعْدُ ثُمَّ سَلَخَ مِنْھَا الْعَوَالِمَ كُلَّھَا ثُمَّ اَعْلَمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی بِسَبْقِ نَبُوَّتِہٖ وَبَشَّرَہُ بِعَظِیْمِ رِسَالَتِہٖ كُلُّ ذَالِكَ وَآدَمُ لَمْ یُوْجَدْ ثُمَّ

Marfat.com

انْبَجَسَتْ مِنْهُ ۔ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ۔ عُنْوَانَ الْاَرْوَاحِ فَظَهَرَ بِالْمَلَإِ الْأَعْلٰى اَصْلاً مُمِدًّا لِلْعَوَالِمِ كُلِّهَا .

معلوم ہوا کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو ازل سابق میں ہی نبوت کو سب سے پہلے عطا فرما کر مشرف فرمایا اور یہ ایسے کہ جب اللہ تعالیٰ کا ارادہ مخلوق کی ایجاد سے متعلق ہوا -مخلوق کو پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا -تو حقیقت محمدیہ کو نور خالص سے ساری مخلوقات سے پہلے ظاہر فرمایا پھر اس حقیقت محمدیہ سے تمام عوالم -ساری کائنات- کی تخریج فرمائی پھر اللہ تعالیٰ نے تمام عوالم کو وب سے پہلے نبی ہونے کا بتایا اور یہ خوشخبری دی کہ آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- ساری مخلوق کے رسول عظیم ہیں ۔ابھی تک آدم علیہ السلام کو وجود میں نہیں لایا گیا تھا پھر آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے وجود نوری سے تمام ارواح کی ذوات کو تخلیق فرمایا گیا پھر آپ کا وجود نوری ملائے اعلیٰ -ملائکہ مقربین -کیلئے بطور اصل ظاہر کیا گیا اور تمام عوالم -کائنات- کیلئے معاون اور مددگار بنایا گیا۔

جواھر البحار جلد ۳ صفحہ ۳۳۱

Marfat.com

سیدنا شیخ اجل علامہ جمل رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-کی روح مقدسہ نے عالم ارواح میں تمام ارواح کو دعوت دی اور ان کی اللہ تعالیٰ کی طرف رہنمائی فرمائی اور اللہ تعالیٰ کی توحید اور عرفانِ الٰہی کی دولت سے سرشار فرمایا

وَقَدْ دَعَا ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ الْخَلِيْقَةَ فِىْ عَالَمِ الْاَرْوَاحِ وَالذَّرِّ فَدَعَتْ رُوْحُهُ الشَّرِيْفَةُ جَمِيْعَ الْاَرْوَاحِ وَدَلَّتْهَا عَلٰى اللّٰهِ الْخَلِيْقَةَ فِىْ عَالَمِ الْاَرْوَاحِ وَالذَّرِّ فَدَعَتْ رُوْحُهُ الشَّرِيْفَةُ جَمِيْعَ الْاَرْوَاحِ وَدَلَّتْهَا عَلٰى اللّٰهِ وَعَلٰى تَوْحِيْدِهٖ وَعَرَّفَتْهَا بِرَبِّهَا وَدَعَتْ ذَرَّتُهُ الشَّرِيْفَةُ جَمِيْعَ الذَّرَّاتِ وَاَرْشَدَتْهَا وَعَرَّفَتْهَا بِرَبِّهَا .

جواہر البحار جلد۲ صفحہ ۳۷۳

Marfat.com

حضور سید نا رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے عالم ارواح اور عالم ذر میں مخلوق کو دعوت دی، آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی روح نے تمام ارواح کو دعوت دی اور اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کی توحید کی طرف راہنمائی فرمائی اور انہیں اپنے رب کی پہچان کروائی۔آپ کے مادہ شریفہ نے تمام اجسام کے مواد کو دعوت دی اور انہیں اپنے رب کی طرف راہ نمائی فرمائی اور پہچان کروائی۔

Marfat.com

عارف باللہ سیدنا عبدالرؤوف مناوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے کُنْتُ نَبِیًّا وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ فرمایا یہ اشارہ ہے کہ آپ کی نبوت عالم الغیب میں زمانہ کی تخلیق کے وقت سے ہی موجود تھی جب آپ وجود عنصری سے دنیا میں تشریف لائے تو حکم اسم الباطن سے اسم الظاہر کی طرف منتقل ہو گیا جس سے تمام انبیاء سابقین کی شریعتوں کو منسوخ کر دیا گیا

كُنْتُ نَبِياًّ وَلَمْ يَقُلْ كُنْتُ اِنْسَاناً وَلَا كُنْتُ مَوْجُوْداً اِشَارَةً اِلٰى اَنَّ نَبُوَّتَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ مَوْجُوْدَةً فِىْ اَوَّلِ خَلْقِ الزَّمَانِ فِىْ عَالَمِ الْغَيْبِ دُوْنَ عَالَمِ الشَّهَادَةِ ، فَلَمَّا انْتَهَى الزَّمَانُ بِاِسْمِ الْبَاطِنِ اِلٰى وَجُوْدِ جِسْمِهٖ وَارْتِبَاطِ الرُّوْحِ بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

Marfat.com

انْتَقَلَ حُكْمُ الزَّمَانِ فِی جَرْيَانِهٖ اِلٰی اِسْمِ الظَّاهِرِ فَظَهَرَ بِذَاتِهٖ جِسْماً وَرُوْحًا فَكَانَ الْحُكْمُ لَهُ بَاطِنًا اَوَّلاً فِیْ كُلِّ مَا ظَهَرَ مِنَ الشَّرَائِعِ عَلٰی اَيْدِی الْاَنْبِيَاءِ وَالرُّسُلِ ثُمَّ صَارَ الْحُكْمُ لَهُ ظَاهِراً فَنَسَخَ كُلَّ شَرْعٍ اَبْرَزَهُ الْاِسْمُ الْبَاطِنُ بِحُكْمِ الْاِسْمِ الظَّاهِرِ لِبَيَانِ اخْتِلَافِ حُكْمِ الْاِسْمَيْنِ وَكَانَ الْمُشَرِّعُ وَاحِداً .

حضور سیدنا رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے ارشاد فرمایا:

كُنْتُ نَبِيًّا ، كُنْتُ اِنْسَانًا يا كُنْتُ مَوْجُوْدًا نہیں فرمایا كُنْتُ نَبِيًّا فرما کر آپ نے اس طرف اشارہ فرمایا ہے کہ زمانہ کی تخلیق کے شروع میں آپ کی نبوت موجود تھی۔ عالم شہادت کے علاوہ عالم غیب میں موجود تھی، جب اسم باطن کا زمانہ آپ کے جسم مقدس کے وجود اور روح کے اس کے ساتھ مرتبط ہونے پر انتہا کو پہنچا تو زمانہ باطن کا حکم زمانے کے جریان-تسلسل-کی وجہ سے اسم ظاہر کی طرف منتقل ہوا، آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے جسم اور روح کے ساتھ اپنی ذات کا اظہار فرمایا۔ انبیاء سابقین اور رسولوں کے دوار میں جتنے احکام شرائع ظاہر ہوئے وہ آپ کا حکم باطن تھا۔ ذات اقدس کے ظہور قدسی کے اظہار پر اسم باطن کا حکم اسم ظاہر کی طرف منتقل ہوا تا کہ اسم باطن اور اسم ظاہر کا اختلاف حکم واضح ہو جائے اگر چہ شریعت اور صاحب شریعت ایک ہی ہے۔

جواہر البحار جلد ۲ صفحہ ۱۶۱

Marfat.com

سیدنا شھاب الدین ابن حجر مکی ھیتمی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

عالم ارواح میں حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی روح پاک کیلئے وصفِ نبوت ثابت تھا

وَصَحَّ خَبَرُ : مَتَى كُنْتَ اَوْ مَتَى كُتِبْتَ نَبِيّاً ؟ قَالَ : وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ، وَلَيْسَ الْمُرَادُ مِنْ ذَالِكَ التَّقْدِيْرَ ؛ لَأَنَّ غَيْرَهُ كَذَالِكَ، بَلِ الْإِشَارَةُ اِلٰى كَوْنِ رُوْحِهِ الْعُلْيَةِ ، ثَبَتَ لَهَا ذَالِكَ الْوَصْفُ دُوْنَ غَيْرَهَا فِى عَالَمِ الْاَرْوَاحِ ؛ اِذْ وَرَدَ : اَنَّ الْأَرْوَاحَ خُلِقَتْ قَبْلَ الْأَجْسَادِ بِأَلْفَيْ عَامٍ .

مَتَى كُنْتَ اَوْ مَتَى كُتِبْتَ نَبِيّاً ؟ قَالَ : وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ

آپ کب نبی تھے یا آپ کیلئے کب نبوت کو واجب ولازم کیا گیا؟ تو حضور-فداہ ابی وامی

المنح المکیۃ فی شرح الھمزیۃ صفحہ ۹۴

Marfat.com

صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے فرمایا:

میں اس وقت بھی نبی تھا جب حضرت آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے۔ یہ حدیث پاک صحیح ہے اور اس سے مراد صرف تقدیر الٰہی میں ہونا نہیں ہے کیونکہ آپ کے علاوہ دیگر انبیاء کرام بھی تقدیرِ الٰہی میں نبی تھے بلکہ اشارہ ہے اس بات کی طرف آپ کی روح مبارکہ کیلئے یہ وصف-وصفِ نبوت-عالم ارواح میں ثابت وقائم ہوا بخلاف دیگر انبیاء کرام کی ارواح کے جبکہ حدیث پاک میں وارد ہے کہ ارواح کو اجسام سے دو ہزار سال پہلے پیدا کیا گیا ہے۔

Marfat.com

مفسر قرآن سیدنا اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ نے حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-
کو ولادت سے قبل عالم ارواح میں نبوت سے سرفراز فرمایا تھا آپ کی
یہ فضیلت وخصوصیت اھل ایمان کیلئے کافی ہے

صاحب روح البیان نے تحریر فرمایا:

اَمَّا الْفَضِیْلَةُ الْعُظْمٰی وَالْاٰیَةُ الْکُبْرٰی اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی اَکْرَمَ سَیِّدَ الْمُرْسَلِیْنَ عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمُ السَّلَامُ فِی الصَّبَاوَةِ بِالسَّجْدَةِ عِنْدَ الْوَلَادَةِ بِاَنَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَشَرَحَ الصَّدْرَ وَخَتَمَ النُّبُوَّةَ وَخِدْمَةِ الْمَلَائِکَةِ وَالْحُوْرِ عِنْدَ الْوِلَادَةِ وَاَکْرَمَ بِالنُّبُوَّةِ فِیْ عَالَمِ الْاَرْوَاحِ قَبْلَ الْوِلَادَةِ وَالصَّبَاوَةِ وَکَفٰی بِذَالِكَ اخْتِصَاصًا وَتَفْضِیْلاً .

نبوت مصطفیٰ اور عقیدہ جمہور اکابر علمائے امت صفحہ ۶۴

Marfat.com

بہر حال فضیلت عظمیٰ اور آیت کبریٰ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سید المرسلین-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وعلیہم اجمعین کو بچپن میں ولادت کے وقت-اپنی بارگاہ میں-سجدہ کے شرف سے مشرف فرمایا یہ اس وجہ سے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور آپ کا شرح صدر فرمایا، آپ کو ختم نبوت کا تاج پہنایا اور ولادت کے وقت فرشتوں اور حورِ عین کو خدمت پر مامور فرمایا اور آپ کو ولادت اور صباوۃ سے قبل عالم ارواح میں نبوت سے سرفراز فرمایا یہی آپ کی خصوصیت اور فضیلت کافی ہے۔

Marfat.com

سیدنا جبریل امین علیہ السلام کو جو مقامات رفیعہ حاصل ہوئے وہ حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی صحبت مبارکہ کی برکت سے حاصل ہوئے اگر وہ ساری عمر ریاضت ومجاھدے کرتے رہتے اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی صحبت سے مشرف نہ ہوتے تو کبھی بھی ان مقامات کو حاصل نہ کر سکتے

سیدنا عبدالعزیز الدباغ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

جِبْرِيْلُ وَجَمِيْعُ الْمَلَائِكَةِ وَجَمِيْعُ الْاَوْلِيَاءِ اَرْبَابُ الْفَتْحِ وَحَتّٰى الْجِنُّ يَعْرِفُوْنَ اَنَّ سَيِّدَنَا جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ حَصَلَتْ لَهُ مَقَامَاتٌ فِى الْمَعْرِفَةِ وَغَيْرُهَا بِبَرْكَةِ صُحْبَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَيْثُ لَوْ عَاشَ سَيِّدُنَا جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ طُوْلَ عُمْرِهٖ وَلَمْ يَصْحَبْ سَيِّدَ

Marfat.com

الْوُجُوْدِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَعٰى فِيْ تَحْصِيْلِهَا وَبَذَلَ الْمَجْهُوْدَ وَالطَّاقَةَ مَا حَصَلَ لَهُ مَقَامٌ وَاحِدٌ مِنْهَا .

یعنی بے شک سیدنا جبریل علیہ السلام، تمام ملائکہ، تمام اولیائے کرام اصحاب فتح حتی کہ جن بھی اچھی طرح جانتے ہیں کہ سیدنا جبریل علیہ السلام کو معرفت وغیرھا میں جتنے مقامات حاصل ہیں یہ سب حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی صحبت کی برکت سے ہیں۔ اگر سیدنا جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام تمام عمر جیتے رہتے اور حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- سید الوجود کی صحبت اختیار نہ کرتے اور تمام عمر ان مقامات کے حاصل کرنے میں اپنی تمام کوشش وطاقت خرچ کر ڈالتے پھر بھی کوئی ایک مقام بھی حاصل نہ کر پاتے۔

جواھر البحار: جلد۲ صفحہ ۳۱۰

Marfat.com

سیدنا عبدالعزیز دبّاغ رضی اللہ عنہ کا عقیدہ

غارِ حراء میں سیدنا جبریل -علیہ الصلاۃ والسلام نے حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو اپنے سینے سے لگا کر دبایا تا کہ اللہ تعالیٰ کی ایسی رضا نصیب ہو جائے جس کے بعد ناراضگی نہیں اور تا کہ اپنے آپ کو حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی پناہ اقدس میں دے دیں اور تا کہ اپنے آپ کو حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کا اس عالم شہادت میں بھی امتی بنالیں

فَقَالَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ :

اَلضَّمَّۃُ الْاُوْلٰی لِیَتَوَسَّلَ بِہٖ جِبْرِیْلُ اِلَی اللّٰہِ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی فِیْ حُصُوْلِ الرِّضَا لَہُ الْاَبْدِیِّ الَّذِیْ لَا سَخَطَ بَعْدَہُ ، وَالضَّمَّۃُ الثَّانِیَۃُ

Marfat.com

لِيَدْخُلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِىْ جَاهِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَلُوْذُ حَمَاهُ الشَّرِيْفُ وَالضَّمَّةُ الثَّالِثَةُ لِيَكُوْنَ مِنْ اُمَّتِهِ الشَّرِيْفَةِ .

یعنی غار حرا میں پہلی وحی کے نزول کے وقت سیدنا جبریل علیہ السلام نے پہلی مرتبہ اپنے آپ کو حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے سینہ اقدس کے ساتھ اس لئے لگایا تھا تا کہ اللہ تعالیٰ کی دائمی رضا کے حصول کیلئے حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو بطور وسیلہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں پیش کریں ایسی دائمی رضا کہ جس کے بعد کبھی اللہ تعالیٰ کی ناراضگی نہ ہو۔ دوسری مرتبہ اس لئے تھا کہ اپنے آپ کو حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی پناہ میں دے دیں اور تیسری مرتبہ اس لئے تھا کہ اپنے آپ کو حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی امت میں شامل کر دیں۔

جواھر البحار: جلد ۲ صفحہ ۲۸۲

Marfat.com

عارف باللہ سیدنا پیر مہر علی شاہ تاجدار گولڑہ شریف رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ نبوت کے دو رُخ ہیں ایک بطون جس سے منجانب اللہ فیض حاصل کیا جاتا ہے اور دوسرا ظہور جس کے ذریعے مخلوق کی ہدایت کی جاتی ہے

نبوت ورسالت کیلئے دو رخ ہیں یا یوں کہو بطون وظہور ہے۔ بطون عبارت ہے اخذ کرنے فیضان سے منجانب اللہ جس کو خدا کے ہاں مقربین میں سے ہونا لازم غیر منفک ہے اور ظہور عبارت ہے توجہ الی الخلق سے یعنی تبلیغ شرائع واحکام کی۔ اس ظہور میں تو بسبب تغیر وتبدل شرائع کے انقلاب آ سکتا ہے۔ نبوت کا بطون جس کو قرب الٰہی اور عنداللہ معزز ہونا لازم ہے ہرگز متغیر نہیں ہوتا الحاصل بطون نبوت مع لازم اپنے کے جو قرب ہے کبھی انبیاء ورسل سے زائل نہیں ہوتا بخلاف ظہور نبوت وتبلیغ شرائع اپنے کے کہ یہ محدود ہے۔

سیف چشتیائی: صفحہ ۱۲۳ اشاعت چہارم
نبوت مصطفیٰ اور عقیدہ جمہور اکابر علمائے امت صفحہ ۱۵

Marfat.com

سیدنا حافظ الحدیث جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو تمام انبیاء کرام -علیہم السلام-کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا آپ تمام انبیاء کرام-علیہم السلام-کے نبی ہیں اور سب کی طرف رسول ہیں

قَدْ صَرَّحَ السُّبْکِیُّ فِیْ تَاْلِیْفٍ لَہُ بِاَنَّہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُرْسِلَ اِلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ آدَمَ فَمَنْ بَعْدَہُ وَاَنَّہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَبِیٌّ عَلَیْھِمْ وَرَسُوْلٌ اِلٰی جَمِیْعِھِمْ .

امام سبکی علیہ الرحمۃ نے اپنی تالیف میں تصریح فرمائی ہے کہ حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-حضرت آدم اور ان کے بعد والے تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی طرف مرسل ہیں اور آپ ان کے نبی ہیں اور ان سب کی طرف رسول ہیں۔

الحاوی للفتاویٰ جلد۲/صفحہ۱۴۵

نبوت مصطفیٰ اور عقیدہ جمہور اکابر علمائے امت صفحہ۴۸۴

Marfat.com

سیدنا عبدالوھاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تخلیق میں سب انبیاء کرام سے پہلے ہیں اور آپ اس وقت بھی نبی تھے جبکہ سیدنا آدم -علیہ السلام-پانی اور مٹی کے درمیان تھے

کشف الغمۃ سے علامہ نبہانی علیہ الرحمۃ نے نقل فرمایا ہے:

خُصَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَنَّهُ اَوَّلُ النَّبِيِّيْنَ خَلْقًا وَبِتَقْدِيْمِ نَبُوَّتِهٖ وَكَانَ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ .

حضور سیدنا رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی خصوصیت مبارکہ ہے کہ آپ تخلیق میں سب سے پہلے نبی ہیں اور آپ کی نبوت مبارکہ کو تقدم حاصل ہے جبکہ سیدنا آدم علیہ الصلاۃ والسلام پانی اور مٹی کے درمیان تھے۔

جواھر البحار جلد۲ صفحہ۵۵

Marfat.com

سیدنا تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اجسام سے پہلے اللہ تعالیٰ نے ارواح کو پیدا فرمایا اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا ارشاد میں اس وقت بھی نبی تھا جب آدم علیہ السلام کا وجود نہ بنا تھا، آپ کا اشارہ اپنی روحِ مبارکہ کی طرف تھا، اللہ تعالیٰ نے عالمِ ارواح میں آپ کی روحِ مبارکہ کو اس منصبِ نبوت کیلئے تیار فرمایا اور روحِ مبارکہ کو منصبِ نبوت سے سرفراز بھی فرمادیا

قَالَ : فَإِنْ قُلْتَ : أُرِيْدُ اَنْ اَفْهَمَ ذَالِكَ الْقَدْرَ الزَّائِدَ فَإِنَّ النُّبُوَّةَ وَصْفٌ لَا بُدَّ اَنْ يَكُوْنَ الْمَوْصُوفُ بِهِ مَوْجُوداً وَاِنَّمَا يَكُوْنُ بَعْدَ بُلُوْغِ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً أَيْضاً فَكَيْفَ يُوْصَفُ بِهِ قَبْلَ وُجُوْدِهٖ وَقَبْلَ ارْسَالِهٖ وَاِنْ صَحَّ ذَالِكَ فَغَيْرُهُ كَذَالِكَ . قُلْتُ : اِنَّهُ قَدْ جَاءَ أَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الْأَرْوَاحَ

Marfat.com

قَبْلَ الْأَجْسَادِ ، فَقَدْ تَكُوْنُ الْإِشَارَةُ بِقَوْلِهٖ : ـ كُنْتُ نَبِيًّا ـ اِلَى رُوْحِهِ الشَّرِيْفَةِ ، أَوْ اِلٰى حَقِيْقَةٍ مِنَ الْحَقَائِقِ ، وَالْحَقَائِقُ تَقْصِرُ عُقُوْلُنَا عَنْ مَعْرِفَتِهَا ، وَاِنَّمَا يَعْلَمُهَا خَالِقُهَا وَمَنْ أَمَدَّهُ اللّٰهُ بِنُوْرِ اِلٰهِيٍّ ، ثُمَّ اِنَّ تِلْكَ الْحَقَائِقَ يُؤْتِى اللّٰهُ كُلَّ حَقِيْقَةٍ مِنْهَا مَا يَشَاءُ فِى الْوَقْتِ الَّذِىْ يَشَاءُ ، فَحَقِيْقَةُ النَّبِيِّ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ قَدْ تَكُوْنُ مِنْ حِيْنَ خَلْقِ آدَمَ آتَاهَا اللّٰهُ ذَالِكَ الْوَصْفَ ، بِأَنْ يَكُوْنَ خَلَقَهَا مُتَهَيِّئَةً لِذَالِكَ ، وَأَفَاضَهُ عَلَيْهَا مِنْ ذَالِكَ الْوَقْتِ ، فَصَارَ نَبِيًّا ، وَكَتَبَ اسْمَهُ عَلَى الْعَرْشِ ، وَأَخْبَرَ عَنْهُ بِالرِّسَالَةِ لِيَعْلَمَ مَلَائِكَتُهُ وَغَيْرُهُمْ كَرَامَتَهُ عِنْدَهُ ، فَحَقِيْقَتُهُ مَوْجُوْدَةٌ مِنْ ذَالِكَ الْوَقْتِ وَاِنْ تَأَخَّرَ جَسَدُهُ الشَّرِيْفُ الْمُتَّصِفُ بِهَا .

حضرت شیخ تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اب اگر تم یہ اعتراض کرو کہ میں اس خصوصی قدر و منزلت کو سمجھنا چاہتا ہوں تو اس کی تفہیم یہ ہے کہ نبوت ایک وصف ہے ضروری ہے کہ اس وصفِ نبوت سے متصف موصوف موجود ہو جبکہ نبوت کا بیان ولادت کے چالیس سال بعد ہوا ہے تو پھر اس سے ماقبل یا بعثت سے پہلے کے زمانہ کو اس کے ساتھ کیسے متصف کر سکتے ہیں اور اگر یہ بات آپ کیلئے صحیح و درست ہے تو دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کیلئے بھی یہ بات صحیح و درست ہوگی؟ اس اعتراض کا جواب میں یہ دیتا ہوں کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ:

المواھب اللدنیۃ جلد ۱ صفحہ ۴۲، ۴۳
الخصائص الکبری للسیوطی صفحہ ۵

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے ارواح کو جسموں سے پہلے پیدا فرمایا تو آپ کے ارشاد گرامی: کُنْتُ نَبِیّاً میں اسی روح شریف یا حقائق میں سے ایک حقیقت کی طرف اشارہ ہوگا اور ہماری عقلیں حقائق کی معرفت سے قاصر ہیں۔ان حقائق کو ان کا خالق جانتا ہے اور وہ لوگ جن کو اللہ تعالیٰ اپنے نور کے ذریعے مدد دیتا ہے پھر اللہ تعالیٰ ان حقائق کو جس وقت چاہے جو چاہے عطا فرماتا ہے تو حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی حقیقت کو اللہ تعالیٰ نے تخلیق آدم علیہ السلام کے وقت ہی یہ وصف-وصف نبوت-عطا فرمایا کہ اس نے اس حقیقت کو قبول نبوت کیلئے تیار کیا اور اسی وقت آپ کو عطا فرمایا پس آپ نبی ہوگئے۔اللہ تعالیٰ نے آپ کا اس گرامی عرش پر لکھا اور آپ کی رسالت کی خبر دی تا کہ فرشتوں اور ان کے علاوہ سب کو معلوم ہو جائے گا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کا کتنا بڑا اعزاز ہے۔لہٰذا آپ کی حقیقت اس وصف کے ساتھ اس وقت موجود تھی اگر چہ آپ کا وہ جسم اقدس جو اس صف سے متصف ہے متاخر ہے۔

Marfat.com

عارفِ شہیر سیدنا عبدالعزیز دبّاغ رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

تمام اشیاء سے پہلے جب حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نور پاک کو تخلیق فرمایا گیا تو اسی وقت آپ کو معرفت ربانیہ حاصل ہو چکی تھی

اِنَّ الْمَعْرِفَةَ حَصَلَتْ لِلنَّبِيِّ ۔ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ۔ حِيْنَ كَانَ الْحَبِيْبُ مَعَ الْحَبِيْبِ وَلَا ثَالِثَ مَعَهُمَا فَهُوَ ۔ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ۔ اَوَّلُ الْمَخْلُوْقَاتِ .

جب آپ بحیثیت حبیب اپنے حبیب-اللہ تعالیٰ- کے پاس تھے اور تیسری کوئی مخلوق وہاں موجود نہ تھی اس وقت سے آپ کو معرفت ربانیہ حاصل ہے اور آپ ہی اول الخلق ہیں۔

توضیحات بجواب تحقیقات صفحہ ۳۴

Marfat.com

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم بچپن سے ہی منصب نبوت پر فائز تھے جیسے سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کو بچپن میں ہی نبی بنا دیا گیا تھا

اَقُوْلُ هٰذَا مشْكِلٌ بِعِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ فَاِنَّ اللّٰهَ جَعَلَهُ نَبِيًّا مِنْ اَوَّلِ عُمْرِهٖ اِلَّا اَنَّهُ يَجِبُ اَنْ يُقَالَ اَلْاَغْلَبُ اَنَّهُ مَا جَاءَهُ الْوَحْىُ اِلَّا بَعْدَ اَرْبَعِيْنَ ، وَهٰكَذَا كَانَ الْاَمْرُ فِىْ حَقِّ رَسُوْلِنَا صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

چالیس سال کی عمر سے پہلے نبی کے مبعوث نہ ہونے پر متکلمین کا قول قابل تسلیم نہیں اس پر اشکال ہے بے شک اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے حضرت عیسی علیہ السلام کو بچپن میں ہی نبی بنایا تھا مگر یہ کہنا لازم ہے کہ غالبا ان کے پاس وحی چالیس سال کے بعد آئی تھی ، ہمارے رسول-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے حق میں معاملہ بھی اسی طرح ہے۔

تفسیر کبیر

Marfat.com

سیدنا عبداللہ بن عباس -رضی اللہ عنہما- کا عقیدہ
سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی والدہ ماجدہ کے پیٹ میں ہی
انجیل کو پڑھ لیا تھا اور اسے حفظ کر لیا تھا

سیدنا عبداللہ بن عباس -رضی اللہ عنہما- سے اس حدیث کی تخریج کی ہے کہ:

اِنَّ عِیْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامَ دَرَسَ الْاِنْجِیْلَ وَاَحْکَمَهُ فِیْ بَطْنِ اُمِّهٖ وَذَالِكَ قَوْلُهُ آتَانِیَ الْکِتَابَ .

بے شک عیسیٰ علیہ السلام نے شکم مادر میں انجیل کو پڑھ اور حفظ کر لیا تھا آپ کے قول آتانی الکتاب سے اشارہ اسی کی طرف ہے۔

-☆-

اگر سیدنا عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی یہ عظمت وشان ہے تو جو ہستی سیدنا عیسیٰ علیہ السلام بلکہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وسلم- کی نبی ہے اس کی جلالت شان اور عظمت کا عالم کیا ہوگا۔

Marfat.com

بحر العلوم سیدنا ملا علی قاری-رحمۃ اللہ علیہ-کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا شقِ صدر اور
اس کا معالجہ معجزہ ہے اور آپ کے نبی ہونے کی دلیل ہے

لِاَنَّ تَصَوُّرَ حَيَاتِهٖ بَعْدَ شَقِّ الْبَطْنِ وَمُعَالَجَاته مِنْ خَوَارِقِ الْعَادَةِ وَعَلَامَةِ النُّبُوَّةِ.

شکم مبارک کے شق کئے جانے کے بعد آپ کی زندگی کا تصور-زندہ رہنا-اور علاج کیا جانا معجزہ ہے اور آپ کے نبی ہونے کی دلیل اور علامت ہے۔

مرقات المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح/رقم الحدیث (۵۸۵۲) جلد ۹ صفحہ ۳۷۴۳

Marfat.com

شیخ جلیل نورالدین علی بن زین الدین المعروف بابن الجزار کا عقیدہ حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-عالم ارواح میں بالفعل نبی تھے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کی روح پاک کو حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی ارواح کیلئے رسول بنایا اور وہ سب آپ پر ایمان لائے

وَالْمُرَادُ اَنَّهُ كَانَ نَبِيًّا بِالْفِعْلِ فَاِنَّهُ تَعَالٰى لَمَّا اَطْلَعَ عَلٰى عَالَمِ الْاَرْوَاحِ فِىْ عَالَمِ الذَّرِّ وَقَالَ لَهُمْ : اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ فَاَوَّلُ مَنْ قَالَ بَلٰى مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَهَبَهُ مَوَاهِبَ شَرِيْفَةً تَلِيْقُ بِذَاتِهٖ وَاَرْسَلَ رُوْحَهُ اِلَى اَرْوَاحِ الْاَنْبِيَاءِ فَاٰمَنُوْا بِهَا .

اس حدیث سے مراد یہ ہے کہ آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- عالم ارواح میں بالفعل نبی تھے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے عالم ذرنسمات آدم پر عالم ارواح میں تجلی

Marfat.com

فرمائی اوران سے دریافت کیا:

کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں تو سب سے پہلے جس نے بلی-ہاں کیوں نہیں-کہا وہ حضور سیدنا نبی کریم محمد مصطفیٰ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تھے تو اللہ تعالیٰ نے اسی وقت ان کو عظیم اور بزرگ تحفے اور ہدایا عطا فرمادیئے جوان کی ذت والا ،صفات کے شایان شان تھے، آپ کی روح کو انبیاء کرام علیہم السلام کی ارواح کیلئے نبی اور رسول بنادیا تو وہ سب آپ پر ایمان لے آئے۔

Marfat.com

سیدنا علی ددہ بوسنوی خلیفہ سیدنا مصلح الدین خلوئی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کمالات کا مبدا
ہیں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے آپ کے جوھر شریف کو پیدا فرمایا کائنات
میں جس کو جو نعمت ملی یا ملے گی وہ سب حقیقتِ محمدیہ-فداہ ابی وامی علیہ الصلاۃ
والتسلیم کے واسطہ سے ہے

قَالَ اَهْلُ التَّحْقِيْقِ : لَا شَكَّ اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَبْدَأُ كُلِّ كَمَالٍ وَمَنْشَأُ خَيْرِ خِصَالٍ وَلَهُ السَّبْقُ وَالتَّقَدُّمُ وَالْفَتْحُ وَالْخَتْمُ ظَاهِراً وَبَاطِناً فِىْ جَمِيْعِ الْفَضَائِلِ وَالْكَمَالَاتِ كَمَا وَرَدَ : اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ جَوْهَرَهُ - يَعْنِيْ عُنْصَرُهُ الشَّرِيْفُ مُقَدَّمٌ عَلٰى عَوَالِمِ الْعُنْصَرِيَّةِ رُتْبَةً وَظَهُوْرًا وَرُوْحُهُ الْاَعْظَمُ مُقَدَّمٌ عَلٰى عَوَالِمِ الْاَرْوَاحِ رُتْبَةً وَظَهُوْراً

Marfat.com

وَكَذَالِكَ نُوْرُهُ مُقَدَّمٌ فِى الْأَنْوَارِ وَعَقْلُهُ فِى الْعُقُوْلِ وَكَمَالُهُ الْمُعَبَّرُ عَنْهُ بِالْقَلَمِ فِى الْكَمَالَاتِ فَكَمَا اَنَّ خُطُوْطَ الْعِلْمِ بِوَاسِطَةِ الْأَقْلَامِ تَصْدُرُ الْأَشْيَاءُ بِوَاسِطَةِ الْحَقِيْقَةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ كَمَا اَشَارَ اِلَيْهِ بِقَوْلِهٖ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ :

اِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰهُ مُعْطٍ .

اھل تحقیق علماء عظام رحمہم اللہ نے فرمایا:

لاریب حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ہر کمال کا مبداء اور خیر خصال کا منشأ ہے اور آپ ہی کیلئے سبق وتقدم، فتح وختم، ظاہرا اور باطناً تمام فضائل وکمالات میں ہے جیسے حدیث پاک میں وارد ہوا: اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ جَوْهَرَهُ -سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے جوھر کو پیدا فرمایا-یعنی آپ کا عنصر شریف مرتبہ وظہور کے اعتبار سے تمام عوالم عنصریہ سے مقدم ہے اور آپ کی روح اعظم عالم ارواح میں سب پر مقدم ہے مرتبہ اور ظہور کے اعتبار سے ایسے ہی آپ کا نور تمام انوار میں مقدم ہے۔آپ کی عقل تمام عقلوں میں اور آپ کا کمال جسے قلم سے تعبیر کیا گیا ہے تمام کمالات میں مقدم ہے۔پس جیسے علم کے خطوط اقلام کے واسطہ سے ہیں ایسے ہی تمام اشیاء کا صدور حقیقت محمدیہ کے واسطہ سے ہے جیسے کہ آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے اپنے ارشاد مبارک سے اشارہ فرمایا:

اِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰهُ مُعْطٍ .

میں تقسیم کرنے والا ہوں اور اللہ تعالیٰ عطا فرمانے والا ہے۔

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد۴ صفحہ ۲۰۷

Marfat.com

سیدنا علی دده بوسنوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

عالمِ امر عالمِ خلق سے مقدم ہے اور ارواح عالمِ امر سے ہیں اور سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے روحِ اعظم روحِ محمد مصطفیٰ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم-کو پیدا فرمایا

قَالَ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰی :

اَلَا لَـهُ الْـخَلْقُ وَالْاَمْرُ . سورہ الاعراف:۵۴ وَاتَّفَقُوْا : اَنَّ عَـالَـمِ الْاَمْرِ مُقَدَّمٌ عَلٰی عَالَمِ الْخَلْقِ فَعَالَمُ الْاَرْوَاحِ مِنْ عَالَمِ الْاَمْرِ وَقَالَ : اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنَ الْاَرْوَاحِ الْقُدْسِيَّةِ الرُّوْحَ الْاَعْظَمَ الْمُحَمَّدِیَّ كَمَا اَشَارَ لِذَالِكَ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِقَوْلِهٖ : اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ رُوْحِیْ.

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد۴ صفحہ۲۲۶

Marfat.com

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ . سن لیجئے! اسی کیلئے ھے خلق اور امر اور اس پر علماء کرام رحمہم اللہ نے اتفاق فرمایا کہ عالمِ امر عالمِ خلق سے مقدم ہے۔ پس عالم الارواح عالمِ امر سے ہے اور ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے ارواح قدسیہ میں سے سب سے پہلے روح اعظم روح محمدی علیہ السلام کو سب سے پہلے پیدا فرمایا جیسے اس جانب حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے اپنے اس ارشاد سے اشارہ فرمایا:

اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ رُوْحِیْ .

سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میری روح کو پیدا فرمایا۔

Marfat.com

عارف باللہ سیدنا امیر عبدالقادر جزائری حسنی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
درحقیقت حقیقتِ محمدیہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ہی ہر
سراج منیر حساً اور معنًی کو منور کرنے والی ہے وہ نبی، فرشتہ، ولی، شمس،
قمر اور ستارہ سے کوئی بھی ہو

فَكَذَا الْحَقِيْقَةُ الْمُحَمَّدِيَّةُ هِيَ الْمُنِيْرَةُ لِكُلِّ سِرَاجٍ مُنِيْرٍ حِسّاً وَمَعْنىً مِنْ نَبِيٍّ وَمَلَكٍ وَوَلِيٍّ وَشَمْسٍ وَقَمَرٍ وَنَجْمٍ .

پس ایسے ہی حقیقتِ محمدیہ علیہ الصلاۃ والسلام ہے جو ہر سراج منیر کو منور کرنے والی ہے وہ سراج منیر حسا ہو یا معنی نبی علیہ السلام ہو یا فرشتہ یا ولی شمس وقمر ہو یا ستارہ۔

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد ۳ صفحہ ۳۰۳

Marfat.com

محبوب سبحانی سیدنا مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو جو نبوت سیدنا آدم-علیہ السلام-سے پہلے حاصل تھی اس کا تعلق حقیقت احمدیہ سے ہے اور جو نبوت وجودعنصری سے تعلق رکھتی ہے وہ دونوں حقیقتوں -حقیقتِ احمدیہ اور حقیقتِ محمدیہ-ؐ کے اعتبا سے ہے

ونبوتے کہ پیش از خلق حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام آں سرور را حاصل بودہ واز اں مرتبہ خبر دادہ وگفتہ کنت نبیا وآدم بین الماء والطین باعتبار حقیقت احمدی بودہ است کہ بعالم امر تعلق دارد وہمیں اعتبار حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کہ کلمۃ اللہ بودہ اند وبعالم امر بیشتر مناسبت داشتہ بشارت قدوم آں سرور را علیہ وعلی الہ الصلوات والتسلیمات باسم احمد دادہ وفرمودہ ومبشرا برسول یأتی من بعدی اسمہ احمد ونبوتے کہ بنشأۃ

Marfat.com

عنصری تعلق دار دنہ باعتبار حقیقت محمدی است بلکہ باعتبار حقیقتین است۔

اور جو نبوت حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کے پیدا کئے جانے سے پہلے حضور سرور کونین -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کو حاصل ہوئی ہے اور آپ نے اس مرتبہ کی خبر دی اور فرمایا:

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ .

وہ نبوت باعتبار حقیقت احمدی کے تھی جو -حقیقت احمدی- عالم امر کے ساتھ تعلق رکھتی ہے اور اسی اعتبار سے حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام نے جو کہ کلمۃ اللہ ہیں اور عالم امر کے ساتھ زیادہ مناسبت رکھتے ہیں حضور سرور کونین علیہ وعلیٰ الہ الصلوات التسلیمات کی آمد کی بشارت اسم احمد کے ساتھ دی اور فرمایا:

وَمُبَشِّراً بِرَسُوْلٍ يَأْتِيْ مِنْ بَعْدِي اسْمُهُ اَحْمَدُ .

اور خوشخبری دینے والا اس رسول کی جو میرے بعد تشریف لائیں گے جن کا اسم گرامی احمد ہے۔

اور جو نبوت نشأۃ عنصری کے ساتھ تعلق رکھتی ہے، نہ صرف باعتبار حقیقت محمدی کے ہے بلکہ باعتبار دونوں حقیقتوں کے ہے۔

مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب نمبر ۲۰۹ صفحہ ۳۳۱

Marfat.com

شیخ ابو محمد عبدالجلیل القصری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

ہر چیز سے پہلے حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو نبوت سے سرفراز فرمایا گیا آپ نے ارواح کی تخلیق اور انوار کے ظہور کے وقت مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دی جیسے آپ نے آخر زمانہ میں جسد عنصری کی تخلیق پر اللہ تعالیٰ کی طرف مخلوق کو دعوت دی

قَوْلُهُ عِنْدَ قَوْلِ ابْنِ حَجَرٍ ـ فَنَبِيُّنَا ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ هُوَ الْمَقْصُوْدُ مِنَ الْخَلْقِ وَوَاسِطَةُ عِقْدِهِمْ ـ اَیْ اَعْظَمُهُمْ وَاَنْفَسُهُمْ وَاَعْلَاهُمْ ، اِذِ الْعَقْدُ هُوَ الْقَلَادَةُ مِنَ الْجَوْهَرِ، اَیْ مَنْ لَهُمْ سِيَادَةٌ مِنَ الْخَلْقِ بِمَنْزِلَةِ قَلَادَةٍ مِنْ جَوْهَرٍ ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسِطَتُهَا اَیْ دُرَّتُهَا الْيَتِيْمَةُ الَّتِیْ لَا شَبِيْهَ لَهَا فِی حُسْنِهَا ، فَقَدْ عُقِدَتْ

Marfat.com

لَهُ النُّبُوَّةُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ ، وَ دَعَا الْخَلِيْقَةَ عِنْدَ خَلْقِ الْاَرْوَاحِ وَبَدْءِ الْاَنْوَارِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى ،كَمَا دَعَاهُمْ آخِراً فِيْ خَلْقَةِ جَسَدِهٖ آخِرَ الزَّمَانِ. وَمِنْ هٰذَا الْمَعْنِيْ قَوْلُهُ تَعَالٰى :

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ . سورہ آل عمران:۸۱ الآيَةَ اِلَى قَوْلِهٖ تَعَالٰى : لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهُ . آل عمران:۸۱ اِلٰى آخِرِ الْمَعْنٰى ، فَقَدْ آمَنَ الْكُلُّ بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ اَبُو الْاَرْوَاحِ وَيَعْسُوْبُهَا .

شیخ ابو محمد عبدالجلیل قصری رحمۃ اللہ علیہ نے سیدنا ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کے ارشاد کے وقت فرمایا:

پس ہمارے نبی -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- ہی مقصود خلائق ہیں اور ان کے عقد-ہار- کا واسطہ ہیں یعنی ان میں سے سب سے عظیم ،سب سے قیمتی اور سب سے بلند وبالا ہیں کیونکہ عقد موتی کے ہار کو کہتے ہیں یعنی جسے بھی مخلوق میں سیادت وسرداری ملی وہ ہیرے کے ہار کی طرح ہے اور حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- اس کا واسطہ یعنی اسکا درۃ یتیمہ - بے نظیر موتی - ہیں کہ جس کے حسن وجمال کی کوئی مثال ہی نہیں۔

بے شک حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو ہر شی کے وجود سے پہلے نبوت دی گئی ارواح کی تخلیق کے وقت اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انوار کے

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد۳ صفحہ۴۱۶

Marfat.com

ظہور کی ابتداء کے وقت آپ نے مخلوق کو اللہ کی طرف دعوت دی۔جس طرح آپ نے آخر زمانے میں جسد عنصری کے تخلیق ہونے پر مخلوق کو دعوت دی ہے اور اسی مفہوم کو اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد گرامی بھی واضح کرتا ہے:

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ ـــ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ـــ آخر تک

پس تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی ارواح طیبات آپ پر ایمان لے آئیں پس آپ ابوالارواح اور یعسوب الارواح ہوئے۔

Marfat.com

عارف باللہ سیدنا محی الدین ابن عربی، سیدنا تقی الدین سبکی اور سیدنا احمد عابدین-رحمۃ اللہ علیہم-کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-رسولان عظام کے بھی رسول ہیں صلی اللہ علیہ وعلیہم اجمعین اور حضرات رسولان عظام علیہم السلام آپ کے نائب وخلیفہ ہونے کے اعتبار سے احکامِ الٰہیہ مخلوق تک پہنچانے والے ہیں

وَقَدْ تَكَلَّمَ تَقِيُّ الدِّيْنُ السُّبْكِيُّ عَلٰى هٰذَا الْمَعْنٰى وَقَرَّرَهُ بِرِسَالَةٍ مَخْصُوْصَةٍ ، وَيُؤَيِّدُ ذَالِكَ مَا قَدَّمْنَاهُ عَنِ الْعَارِفِ سَيِّدِىْ مُحْيِى الدِّيْنِ بْنِ الْعَرَبِيِّ ، وَكَيْفَ لَا ، وَهُوَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَسُوْلُ الرُّسُلِ ، الدَّاعِيْنَ الْخَلْقَ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى ، الْقَائِمِيْنَ بِالنِّيَابَةِ عَنْهُ بِتَبْلِيْغِ الْاَحْكَامِ

Marfat.com

الَّتِيْ شَرَعَهَا اللّٰهُ تَعَالٰى لَهُمْ ؟

سیدنا تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے اسی مفہوم پر کلام فرمایا ہے اور اپنے مخصوص رسالہ میں اسے ثبت فرمایا ہے اور اس کی تائید عارف باللہ سیدی محي الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کا وہ ارشاد مبارک ہے جسے ہم نے پہلے ذکر کر دیا ہے۔ایسا کیوں نہیں ہوسکتا جبکہ حضور۔فداہ ابي وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔رسولوں کے بھی رسول ہیں جو رسول مخلوق کو اللہ کی طرف بلانے والے اور آپ کی نیابت میں قائم رہنے والے ہیں اللہ تعالیٰ کے ان احکام پر جو اس نے لوگوں کیلئے مشروع فرمائے۔

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد ۳ صفحہ ۴۱۶

Marfat.com

درحقیقت حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ہی داعی الی اللہ ہیں اور دیگر تمام انبیاء ورسل علیہم السلام آپ کی تبعیت میں مخلوق کو حق کی طرف بلانے والے ہیں، حضرات انبیاء کرام علیہم السلام حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے خلفاء ہیں اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی رسالت آدم علیہ السلام سے لیکر قیامت تک تمام مخلوق بشمول انبیاء کرام علیہم السلام کے عام ہے، ہر نبی علیہ السلام کو جو معجزہ نصیب ہوا وہ درحقیقت آپ کے نور سے ہی انہیں ملا ہے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-فضل وکرم کے سورج ہیں اور حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اس سورج کے سیارے ہیں

فَكَانَ هُوَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَاعِياً بِالإِصَالَةِ ،وَجَمِيْعُ

Marfat.com

الْأَنْبِيَاءِ وَالرُّسُلِ يَدْعُوْنَ الْخَلْقَ اِلَى الْحَقِّ عَنْ تَبْعِيَّتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانُوْا خُلَفَاءَ هُ فِى الدَّعْوَةِ ، لِأَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اَخَذَ الْمِيْثَاقَ عَلَيْهِمْ بِأَنَّهُمْ مِنْ اَتْبَاعِهٖ ، فَرِسَالَتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَّةٌ لِجَمِيْعِ الْخَلْقِ وَالْأَنْبِيَاءِ وَاُمَمِهِمْ مِنْ لَدُنْ آدَمَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ، وحِيْنَئِذٍ يَدْخُلُوْنَ فِى قَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :

وَاُرْسِلْتُ اِلَى النَّاسِ كَافَّةً . وَلِأَجْلِ ذَالِكَ يَكُوْنُ الْأَنْبِيَاءُ كُلُّهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تَحْتَ لِوَائِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاِمَامُ الْبُوْصِيْرِيُّ فِى الْبُرْدَةِ :

وَكُلُّ اٰيٍ اَتَى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا

فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُوْرِهٖ بِهِمِ

فَاِنَّهُ شَمْسُ فَضْلٍ هُمْ كَوَاكِبُهَا

يُظْهِرْنَ اَنْوَارَهَا لِلنَّاسِ فِى الظُّلَمِ

اَيْ كُلُّ مُعْجِزَةٍ ظَهَرَتْ عَلٰى يَدِ رَسُوْلٍ مِنَ الرُّسُلِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ فَاِنَّهَا ظَهَرَتْ بِوَاسِطَةِ نُوْرِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاقْتِبَاسِهِمْ مِنْ نُوْرِهٖ ، فَهُوَ شَمْسُ فَضْلٍ وَهُمْ كَوَاكِبُهَا .

پس اصل میں داعی الی اللہ حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- ہیں اور تمام انبیاء ومرسلین علیہم الصلاۃ والتسلیم آپ کی اتباع میں مخلوق کو حق تعالیٰ کی طرف بلانے والے ہیں۔ پس تمام انبیاء کرام علیہم السلام دعوۃ میں آپ کے خلفاء ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان سے عہد و پیمان لیا ہے کہ وہ حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے متبع ہیں۔ پس حضور -فداہ

Marfat.com

ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی رسالت تمام مخلوق، انبیاء کرام علیہم السلام اوران کی امتوں کو سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر یوم القیامۃ تک عام ہے۔ پس اس وقت وہ داخل ہوجاتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وَاُرْسِلْتُ اِلَی النَّاسِ کَافَّۃً ۔ -مجھے تمام لوگوں کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہے- کے ارشاد گرامی میں۔ سیدنا امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے قصیدہ بردہ میں فرمایا:

وَکُلُّ اٰیٍ اَتَی الرُّسُلُ الْکِرَامُ بِھَا

فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُوْرِہٖ بِھِمْ

فَاِنَّہٗ شَمْسُ فَضْلٍ ھُمْ کَوَاکِبُھَا

یُظْھِرْنَ اَنْوَارَھَا لِلنَّاسِ فِی الظُّلَمِ

وہ تمام معجزات کو حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام لیکر تشریف لائے وہ انہیں حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نور مبارک سے ملے ہیں کیونکہ آپ فضل وکرم کے سورج ہیں اور دیگر انبیاء کرام علیہم السلام سیارے ہیں جو لوگوں میں تاریکیوں کے وقت اسی سورج کا نور بکھیرتے ہیں۔

یعنی ہر وہ معجزہ جو رسولان عظام علیہم السلام میں سے کسی رسول علیہ السلام کے ہاتھوں ظاہر ہوا تو درحقیقت وہ حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نور پاک کے واسطہ سے ظاہر ہوا کیونکہ حضرات رسولان کرام علیہم السلام آپ- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نور سے فیض لیتے ہیں۔ پس حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- فضل وکرم کا سورج ہیں اور وہ انبیاء کرام علیہم السلام اس سورج کے سیارے ہیں۔

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد ۳ صفحہ ۴۱۶

Marfat.com

سیدنا شھاب الدین احمد رملی رحمۃ اللہ علیہ اور
سیدنا تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو تمام انبیاء کرام علیہم السلام کا رسول بنایا گیا اور اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے حضرات انبیاء کرام علیہم السلام سے آپ ؐ سے متعلق عہد و پیمان لیا تھا

صَرَّحَ السُّبْكِيُّ فِيْ تَأْلِيْفٍ لَهُ بِاَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرْسِلَ اِلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ فَاسْتَدَلَّ عَلَيْهِ بِقَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ . وَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : بُعِثْتُ اِلَى النَّاسِ كَافَّةً. قال : وَلِهٰذَا اَخَذَ اللّٰهُ الْمَوَاثِيْقَ عَلَى الْاَنْبِيَاءِ كَمَا قَالَ تَعَالٰى : وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ

Marfat.com

جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ط قَالَ ءَ اَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ط قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوْا وَ اَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ o

سیدنا تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ایک تالیف میں صراحت فرمائی ہے کہ حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی طرف رسول بنایا گیا ہے اور آپ نے حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے ارشادِ گرامی:

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ . -میں اس وقت بھی نبی تھا جبکہ آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے- سے استدلال فرمایا ہے اور حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے اس قول مبارک:

بُعِثْتُ اِلَى النَّاسِ كَافَّةً . -مجھے تمام لوگوں کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہے- سے بھی استدلال فرمایا ہے آپ -یعنی سیدنا سبکی رحمۃ اللہ علیہ- نے ارشاد فرمایا:

اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے حضرات انبیاء کرام علیہم السلام سے عہد و پیمان لئے تھے جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ط قَالَ

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد۴ صفحہ ۱۶۹

سورہ آل عمران:۸۱

Marfat.com

ءَ اَقْرَرْتُمْ وَ اَخَذْتُمْ عَلٰی ذٰلِکُمْ اِصْرِیْ ط قَالُوْا اَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوْا وَ اَنَا مَعَکُمْ مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ ○

اور یاد کرو جب لیا اللہ تعالیٰ نے انبیاء سے پختہ وعدہ کہ قسم ہے تمہیں اس کی جودوں میں تم کو کتاب اور حکمت سے پھر تشریف لائے تمہارے پاس وہ رسول جو تصدیق کرنے والا ہو ان کتابوں کی جو تمہارے پاس ہیں تو تم ضرور ضرور ایمان لانا اس پر اور ضرور ضرور مدد کرنا اس کی ۔-اس کے بعد-فرمایا کیا تم نے اقرار کر لیا اور اٹھا لیا تم نے اس پر میرا بھاری ذمہ؟ سب نے عرض کی ہم نے اقرار کیا-اللہ نے-فرمایا تو گواہ رہنا اور میں-بھی- تمہارے ساتھ گواہوں میں سے ہوں۔

Marfat.com

سیدنا شھاب الدین احمد رملی شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور
سیدنا تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حدیث صحیح سے معلوم ہوا کہ سیدنا آدم-علیہ السلام-کی تخلیق کے وقت حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-مرتبہ نبوت پر فائز تھے پھر اللہ تعالیٰ نے حضرات انبیاء کرام علیہم السلام سے عہد و پیمان لیا تا کہ انہیں معلوم ہو جائے کہ وہ ان سے متقدم ہیں اور وہ ان کے نبی اور رسول ہیں

قَالَ السُّبْكِيُّ :

عَرَفْنَا بِالْخَبَرِ الصَّحِيْحِ حُصُوْلَ الْكَمَالِ مِنْ خَلْقِ آدَمَ لِنَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ رَبِّهٖ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى اَنَّهُ اَعْطَاهُ النُّبُوَّةَ مِنْ ذَالِكَ الْوَقْتِ ، ثُمَّ أَخَذَ الْمَوَاثِيْقَ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ لِيَعْلَمُوْا أَنَّهُ الْمُتَقَدِّمُ

Marfat.com

عَلَيْهِمْ ، وَأَنَّهُ نَبِيُّهُمْ وَرَسُوْلُهُمْ ، وَفِيْ أَخْذِ الْمَوَاثِيْقِ وَهِيَ فِيْ مَعْنَى الْاِسْتِحْلَافِ ، وَلِذَالِكَ دَخَلَتْ لَامُ الْقَسْمِ فِيْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنْصُرُنَّهُ ، لَطِيْفَةٌ اُخْرٰى وَهِيَ كَأَنَّ اَيْمَانُ الْبَيْعَةِ الَّتِيْ تُؤْخَذُ أُخِذَتْ مِنْ هُنَا ، فَانْظُرْ هٰذَا التَّعْظِيْمَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ رَبِّهٖ ، فَالنَّبِيُّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ- نَبِيُّ الْأَنْبِيَاءِ ، وَلِهٰذَا ظَهَرَ فِي الْآخِرَةِ جَمِيْعُ الْأَنْبِيَاءِ تَحْتَ لِوَائِهٖ ، وَفِي الدُّنْيَا كَذَالِكَ كَانَ لَيْلَةَ الْاِسْرَاءِ صَلَّى بِهِمْ .

سیدنا تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

ھم حدیث صحیح سے پہچان گئے کہ ہمارے نبی -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو سیدنا آدم علیہ السلام کی تخلیق سے ہی ان کے رب تعالیٰ کی طرف کمال حاصل ہو چکا تھا یہ کہ انہیں اس وقت اللہ تعالیٰ نے نبوت عطا فرما دی تھی پھر تمام انبیاء کرام علیہم السلام سے عہد و پیمان لئے تا کہ انہیں معلوم ہو جائے کہ وہ ان سے متقدم ہیں اور وہ ان کے نبی اور رسول ہیں علیہ الصلاۃ والسلام اور عہد و پیمان لینا یہ دراصل ان سے حلف لینا ہے اسی وجہ سے لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنْصُرُنَّهُ میں لام قسم داخل ہوا۔

ایک اور نکتہ:

وہ یہ ہے کہ گویا بیعت پر حلف لینا یہیں سے اخذ کیا گیا ہے- پس اب دیکھئے حضور

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد ۴ صفحہ ۱۶۹

Marfat.com

سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کیلئے اس تعظیم وتکریم کو ان کے رب تعالیٰ کی جانب سے پس حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نبی الانبیاء -تمام نبیوں کے نبی- ہیں۔ اسی وجہ سے قیامت کے دن تمام انبیاء کرام علیہم السلام آپ کے جھنڈے کے نیچے ظاہر ہوں گے اور ایسے ہی دنیا معراج کی رات ہوا کہ حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی امامت کروائی۔

-☆-

Marfat.com

سیدنا شیخ المحدثین جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
سیدنا سلیمان بن سیدنا داود-علیہما السلام- کی انگوٹھی کا نقش
لا الہ اللہ محمد رسول اللہ تھا اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ آپ
نبیوں کے نبی اور ان کی طرف رسول ہیں-فداہ ابی وامی صلی
اللہ علیہ والہ وسلم-اور آپ فرشتوں کے بھی رسول ہیں

قَالَ الْجَلَالُ وَيَدُلُّ لِكَوْنِهٖ مُرْسَلاً اِلَى الْاَنْبِيَاءِ اَنَّهُ كَانَ نَقْشُ خَاتَمِ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَاِذَا تَقَرَّرَ اَنَّهُ نَبِيُّ الْاَنْبِيَاءِ، وَرَسُوْلٌ اِلَيْهِمْ وَاَنَّهُمْ اَفْضَلُ مِنَ الْمَلَائِكَةِ لَزِمَ اَنْ يَكُوْنَ رَسُوْلاً اِلَى الْمَلَائِكَةِ وَاَنْ تَكُوْنَ مِنْ اَتْبَاعِهٖ .

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد۴ صفحہ ۱۷۰

Marfat.com

سیدنا جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے انبیاء کرام علیہم السلام کی طرف رسول بنائے جانے پر یہ بات بھی دلالت کرتی ہے کہ سیدنا سلیمان بن سیدنا داؤد علیہما السلام کی انگوٹھی کا نقش لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ تھا اور جب یہ بات ثابت ہوگئی کہ آپ نبی الانبیاء -تمام نبیوں کے نبی- ہیں اور ان کی طرف رسول ہیں اور حضرات انبیاء کرام علیہم السلام فرشتوں سے افضل ہیں تو یہ بات لازم آتی کہ حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- فرشتوں کی طرف بھی رسول ہوں اور فرشتے بھی آپ کے متبع ہوں۔

Marfat.com

شیخ المحدثین سیدنا جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تخلیق میں سب سے پہلے نبی ہیں اور آپ کی نبوت تمام انبیاء کرام کی نبوتوں سے متقدم ہے

بَابُ خَصُوْصِيَّةِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ - بِكَوْنِهٖ اَوَّلَ النَّبِيِّيْنَ فِى الْخَلْقِ وَتَقَدُّمِ نَبُوَّتِهٖ وَاَخْذِ الْمِيْثَاقِ عَلَيْهِ .

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی خصوصیت کا باب:

سب نبیوں سے پہلے آپ کے پیدا کئے جانے اور آپ کی نبوت کے-سب انبیاء کرام علیہم السلام کی نبوت سے-پہلے ہونے اور آپ کیلئے-حضرات انبیاء کرام علیہم السلام سے-عہد و پیمان لینے کے ساتھ۔

الخصائص الکبری جلد ۱ صفحہ ۳

Marfat.com

عاشقِ مصطفیٰ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-
سیدنا شرف الدین بوصیری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

وَكُلُّ اٰيٍ آتى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُوْرِهٖ بِهِم

وہ تمام معجزات جو حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام لیکر تشریف لائے وہ انہیں حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے نور مبارک سے ملے ہیں۔

فَاِنَّهُ شَمْسُ فَضْلٍ هُمْ كَوَاكِبُهَا

يُظْهِرْنَ اَنْوَارَهَا لِلنَّاسِ فِى الظُّلَمِ

آنحضرت-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-بزرگی کے آفتاب ہیں اور تمام انبیاء کرام علیہم السلام اس آفتاب سے نور لینے والے سیارے ہیں-سیارے لوگوں کو اس سورج کی روشنی تاریکی میں دیکھایا کرتے ہیں--

قصیدہ بردہ شریف

Marfat.com

عارف باللہ سید محمد نیک عالم شاہ-رحمۃ اللہ علیہ-کا عقیدہ

حضرات انبیاء کرام-علیہم السلام-کو جو معجزات مبارکہ ملے یا حضرات اولیاء کرام کو جو کرامات نصیب ہوئیں وہ سب حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے نورِ پاک کی ان پر بخشش وعطا کے طفیل ہے

جو جو ملے خوارق نبیاں یا ولیاں نوں بھائی
اوہ سبھ بخشش اوہناں اُتّے اوسے نور اُتّم دی

شمس منور سرور عالم اوہ سبھ تارے اس دے
ظاہر کردے نور نبی دا اندر رات ظلم دی

قصیدہ طیبہ پنجابی

Marfat.com

عارف کامل سیدنا مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو جو بھی معجزات ملے وہ سب
حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-
کے نور پاک سے ملے ہیں

ہر چہ آور دند مجموع رسل از معجزات
آں ز نور مصطفیٰ آمد بایشاں لاجرم

تمام انبیاء کرام علیہم السلام جو بھی معجزات لے کر آئے وہ سب نورِ مصطفیٰ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- سے لے کر آئے۔

قصیدہ مبارکہ فارسی

Marfat.com

او بود خورشید فضل و دیگراں سیارگاں
روشنی سیارگاں ظاہر کنند اندر ظلم

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-فضل وکرم کے آفتاب عالمتاب ہیں اور دیگر انبیاء کرام-علیہم السلام-سیارے ہیں اور تاریکی میں سیارے آفتاب کی روشنی کو ظاہر کرتے ہیں۔

-☆-

Marfat.com

سیدنا علامہ بیجوری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نورِ محمدی کے اعتبار سے تمام انبیاء کرام-علیہم السلام- سے پہلے ہیں اور تمام رسولان کرام کو جو معجزات ملے وہ سب حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے نور پاک سے ملے ہیں

لَا يُقَالُ : كَيْفَ تَكُوْنُ الْمُعْجَزَاتُ الَّتِىْ اُتِىَ بِهَا الرُّسُلُ الْكِرَامُ لِاُمَمِهِمْ مِنْ نُوْرِهٖ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ مَعَ اَنَّهُمْ مُتَقَدِّمُوْنَ عَلَيْهِ فِى الْوُجُوْدِ ؟ لِاَنَّا نَقُوْلُ : هُوَ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ مُتَقَدِّمٌ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ مِنْ حَيْثُ النُّوْرِ الْمُحَمَّدِيِّ .

البردۃ بشرح الباجوری صفحہ ۹۶

Marfat.com

یہ نہیں کہا جا سکتا کہ:

وہ معجزات مبارکہ رسولان کرام علیہم السلام کو ان کی امتوں کیلئے دیئے گئے وہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے نورِ پاک کے فیض سے کیسے قوع پذیر ہوئے جبکہ حضرات رسولان کرام علیہم السلام وجود میں آپ سے متقدم ہیں کیونکہ ہم اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نور محمدی-صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے اعتبار سے تمام انبیاء کرام علیہم السلام سے متقدم ہیں۔

Marfat.com

شارح بردہ علامہ خربوتی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو جتنے معجزات مبارکہ ملے وہ سب ہمارے نبی -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نور پاک کی وجہ سے ملے ہیں

بِاَنْ يُّقَالَ نَبِيُّنَا خَيْرُ الْاَنْبِيَاءِ كُلِّهِمْ لِاَنَّ نَبِيَّنَا عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ كُلُّ اٰيٍ اَتَى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُوْرِهٖ بِهِمْ وَكُلُّ مَنْ شَأْنُهٗ كَذَالِكَ فَهُوَ خَيْرُ الْاَنْبِيَاءِ كُلِّهِمْ .

یہ عقیدہ رکھا جائے گا کہ حضور سیدنا محمد رسول اللہ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- جو ہمارے نبی ہیں وہ خیر الانبیاء کلھم -تمام انبیاء کرام -علیہم السلام سے بہتر وافضل ہیں کیونکہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو جو بھی معجزات مبارکہ ملے وہ ہمارے نبی -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نور پاک سے انہیں ملے جس کی یہ شان ہو وہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام سے افضل وبرتر ہے۔

شرح الخربوتی علی البردۃ صفحہ ۹۹

Marfat.com

شارح بردہ سیدنا خربوتی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو جو معجزات مبارکہ ملے وہ حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نور اصلی کے فیض سے ملے ہیں اور حضرات انبیاء کرام -علیہم السلام- درحقیقت آپ کے نائب وخلیفہ ہیں

حَاصِلُ مَعْنَى الْبَيْتِ اَنَّ جَمِيْعَ مَا اُتِىَ الرُّسُلُ وَالْاَنْبِيَاءُ مِنْ خَوَارِقِ الْعَادَاتِ فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ وَحَصَلَتْ تِلْكَ الْاٰيَاتُ الظَّاهِرَةُ وَالْمُعْجَزَاتُ الْبَاهِرَةُ مِنْ اَثْرِنُوْرِهِ الْاَصْلِيِّ فَمُعْجَزَاتُ السَّابِقِيْنَ مُعْجِزَةٌ لَهٗ كَمَا اَنَّ كَرَامَاتِ اللَّاحِقِيْنَ كَرَامَةٌ لَهُ فَالسَّابِقُوْنَ وَاللَّاحِقُوْنَ اِنَّمَا هُمْ فِى الْحَقِيْقَةِ لَهٗ نَائِبُوْنَ .

شرح الخربوتی علی البردۃ صفحہ ۹۹، ۱۰۰

Marfat.com

اس شعر کا حاصل یہ ہے کہ:

تمام رسولان کرام اور انبیاء عظام علیہم السلام کو جو بھی معجزات مبارکہ ملے وہ سب آیات ظاہرہ اور معجزات باہرہ انہیں حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے اصلی نور کے فیض سے ملے اور حاصل ہوئے پس انبیاء سابقین علیہم السلام کے معجزات درحقیقت حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کا ہی معجزہ ہیں جسے بعد میں آنے والے اولیاء کرام کی کرامات آپ ہی کی کرامت و معجزہ ہیں پس سابقین انبیاء کرام اور لاحقین اولیاء کرام سب درحقیقت حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نائب ہیں۔

Marfat.com

شارح بردہ سیدنا علامہ عمر بن احمد خربوتی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

تمام انبیاء کرام-علیہم السلام-کو جو بھی معجزات مبارکہ ملے وہ حضور

-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے نور پاک سے ملے ہیں

کیونکہ دونوں جہاں میں جو کچھ ہے وہ حضور-فداہ ابی وامی صلی

اللہ علیہ والہ وسلم-کے نور پاک سے ہے

فَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عُلِمَ اَنَّ كُلَّ اٰيٍ وَصَلَ اِلٰى سَائِرِ الْاَنْبِيَاءِ فَهُوَ مِنْ نُوْرِهٖ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ لِاَنَّ كُلَّ مَا فِى الْكَوْنَيْنِ مِنْ نُوْرِهٖ.

حدیث سیدنا جابر-رضی اللہ عنہ-کو ذکر فرمانے کے بعد سیدنا خربوتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

شرح الخربوتی علی البردۃ صفحہ ۱۰۰

Marfat.com

پس اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام تک جو بھی معجزات مبارکہ پہنچے پس وہ حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نور پاک سے ہیں کیونکہ دونوں جہاں میں جو کچھ بھی ہے وہ سب حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نور پاک سے ہے۔

Marfat.com

قائد المحدثین فی عصرہ سیدنا جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم - کا ایک اسم گرامی
سیدنا فاتح علیہ الصلاۃ والسلام ہے کیونکہ آپ سب سے پہلے رسول تھے

حضرت امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

آپ - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم - کا نام فاتح ہونا درست ہے کیونکہ آپ - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم - نے رسولوں کا آغاز کیا یعنی پیدائش میں آپ - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم - سب سے پہلے رسول تھے یا آپ - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم - شفاعت کرنے والوں میں سب سے پہلے ہوں گے۔

ان معانی کا قرینہ یہ ہے کہ یہ اسم دوسرے اسم خاتم کے ساتھ ملا ہوا - حدیث

اسماء النبی - صلی اللہ علیہ والہ وسلم صفحہ ۴۱۰

Marfat.com

میں -وارد ہے تو ان کے معانی بھی اسمائے مبارکہ اول اور آخر کی مانند ہوں گے۔

میں کہتا ہوں یہ تمام صفات سرکارِ دو عالم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی ذات پاک میں مجتمع ہیں۔

-☆-

Marfat.com

مفسرِ قرآن اور محدثِ ذی شان سیدنا ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ابتداء میں ہی نبی الانبیاء ہوئے جیسے شب معراج آپ امام الانبیاء ہوئے اور آپ قیامت کے دن شفیع الانبیاء ہوں گے

قَدْ وَرَدَ اَنَّهٗ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ اَوَّلُ مَنْ قَالَ بَلٰى ، وَذَالِكَ لِظُهُوْرِ نُوْرِهٖ اَوَّلاً بَلْ وَلَا كَانَ وَجُوْدُ مَوْجُوْدٍ لَوْ لَا اَوَانُ هٰذَا فِى عَالَمِ الْاَرْوَاحِ قَبْلَ ظَهُوْرِ الْاَشْبَاحِ كَمَا يُشِيْرُ اِلَيْهِ قَوْلُهٗ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ : كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ ، فَهُوَ نَبِىُّ الْاَنْبِيَاءِ فِىْ عَالَمِ الْاِبْتِدَاءِ كَمَا صَارَ اِمَامَ الْاَنْبِيَاءِ فِىْ لَيْلَةِ الْاِسْرَاءِ وَيَكُوْنُ شَفِيْعَ الْاَنْبِيَاءِ يَوْمَ اللِّقَاءِ حِيْنَ اجْتِمَاعُهُمْ تَحْتَ اللِّوَاءِ رَزَقَنَا

Marfat.com

اللّٰهُ ذَالِكَ الْإِيْوَاء .

یقیناً یہ بھی روایت میں آیا ہے کہ حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے سب سے پہلے -اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ کے جواب میں -بَلٰی کہا ایسا اولاً آپ کے نور پاک کے ظہور کی وجہ سے ہوا بلکہ اس وقت کسی موجود -مخلوق- کا وجود تک نہ تھا ایسا عالم ارواح میں اجسام کے ظہور سے پہلے ہوا جیسے اسی جانب حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کا ارشاد گرامی ہے:

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

میں اس وقت بھی نبی تھا جب آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے پس آپ عالم ابتداء میں نبیوں کے نبی ہیں جیسے آپ لیلۃ المعراج میں امام الانبیاء ہوئے اور آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- قیامت کے دن شفیع الانبیاء ہوں گے جب ان کا لواء الحمد کے نیچے اجتماع ہوگا۔

تفسیر ملا علی القاری المسمی انوار القرآن واسرار العرفان جلد ۱ صفحہ ۳۰۳، ۳۰۴

Marfat.com

سیدنا عبدالوھاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو دو مرتبہ علم عطا فرمایا گیا، ایک مرتبہ آدم علیہ الصلاۃ السلام کی تخلیق سے پہلے اور دوسری مرتبہ آپ کی رسالت کے ظہور سے پہلے

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث کنت نبیا وآدم بین الماء والطین کے تحت فرمایا:

فَكُلُّ نَبِيٍّ تَقَدَّمَ فِيْ زَمَنِ ظُهُوْرِهٖ فَهُوَ نَائِبٌ عَنْهُ فِيْ بَعْثِهٖ بِتِلْكَ الشَّرِيْعَةِ وَيُوَيِّدُ ذَالِكَ قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثٍ وَضَعَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَدَهٗ بَيْنَ ثَدَيَّ اَیَ كَمَا يَلِيْقُ بِجَلَالِهٖ فَعَلِمْتُ عِلْمَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ اِذِالْمُرَادُ بِالْاَوَّلِيْنَ هُمُ الْاَنْبِيَاءُ الَّذِيْنَ تَقَدَّمُوْهُ فِي الظُّهُوْرِ عِنْدَ غَيْبَةِ جِسْمِهِ الشَّرِيْفِ وَاَيْضَاحُ ذَالِكَ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُعْطِيَ الْعِلْمَ مَرَّتَيْنِ مَرَّةً قَبْلَ خَلْقِ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَمَرَّةً قَبْلَ ظَهُوْرِ

Marfat.com

رِسَالَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا اُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلَيْهِ اَوَّلاً مِنْ غَيْرِ جِبْرِيْلَ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْهِ بِهٖ جِبْرِيْلُ مَرَّةً اُخْرٰى وَلِذَالِكَ قَالَ تَعَالٰى لَهٗ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُقْضٰى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ : طٰهٰ اَىْ لَا تَعْجَلْ بِتِلَاوَةِ مَا عِنْدَكَ مِنْهُ قَبْلَ اَنْ تَسْمَعَهٗ مِنْ جِبْرِيْلَ بَلِ اسْمَعْهُ مِنْ جِبْرِيْلَ وَاَنْتَ مُنْصِتٌ اِلَيْهِ كَاَنَّكَ مَا سَمِعْتَهٗ قَطُّ .

آپ کے زمانہ ظہور سے قبل ہر نبی اس شریعت میں جس کیلئے اس کو مبعوث کیا گیا تھا آپ کا نائب تھا اس بات کی تائید آپ کے اس قول سے ہوتی ہے جو حدیث کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ اپنی جلالت شان کے لائق میرے سینے پر رکھا مجھے اولین اور آخرین کے علوم کا علم ہوگیا۔ میں واقع ہوا ہے کیونکہ اولین سے مراد وہ انبیائے کرام ہیں جو آپ کے جسم شریف کے ظہور سے قبل آپ کی غیبوبت میں پہلے ہوگزرے ہیں اس کی توضیح یہ ہے کہ آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کو دو مرتبہ علم سے نوازا گیا ایک مرتبہ تخلیق آدم سے قبل اور ایک مرتبہ آپ کی رسالت کے ظہور سے قبل جیسے پہلے جبریل علیہ السلام کی وساطت کے بغیر آپ پر قرآن کو اتارا گیا پھر دوسری مرتبہ بواسطہ جبریل اتارا گیا اور اسی لئے ارشاد باری تعالیٰ ہوا وحی مکمل ہونے سے پہلے آپ قرآن کی تلاوت میں عجلت سے کام نہ لیں یعنی جو قرآن آپکے پاس پہلے سے موجود ہے اس کو جبریل سے سننے سے قبل اس کی تلاوت میں جلدی نہ کریں بلکہ جبریل کی زبانی اس کو سنیں اور خود چپ رہیں گویا کہ آپ نے اسے سماعت ہی نہیں کیا۔

الیواقیت والجواہر

Marfat.com

سیدنا شیخ ابوعثمان فرغانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حقیقت احمدیہ علیہ الصلاۃ والسلام ہی تمام انبیاء کی اصل ہے اور حضرات انبیاء کرام علیہم السلام آپکی حقیقت کے اجزاو تفاصیل کی طرح ہیں حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو کافۃ للناس کیلئے رسول بنا کر بھیجا گیا تو کافۃ للناس میں تمام انبیاء ورسل، ان کی امتیں اور تمام متقدمین ومتاخرین داخل ہیں

وَلَمْ يَكُنْ دَاعِياً حَقِيْقَةً مِنَ الْاِبْتِدَاءِ اِلَى الْاِنْتِهَاءِ اِلَّا هٰذِهِ الْحَقِيْقَةُ الْاَحْمَدِيَّةُ الَّتِىْ هِىَ اَصْلُ جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَهُمْ كَالْاَجْزَاءِ وَالتَّفَاصِيْلِ لِحَقِيْقَتِهِ فَكَانَ دَعْوَتُهُمْ مِنْ حَيْثُ جُزْئِيَّتِهِمْ عَنْ خِلَافَةٍ مِنْ كُلِّهِمْ لِبَعْضِ اَجْزَائِهِ وَكَانَتْ دَعْوَتُهٗ دَعْوَةُ الْكُلِّ لِجَمِيْعِ اَجْزَائِهِ

Marfat.com

اِلٰی کُلِّیَّتِہٖ ، وَالْاِشَارَۃُ اِلٰی ذَالِكَ قَوْلِہٖ تَعَالٰی :

وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ . وَالْاَنْبِیَاءُ وَالرُّسُلُ وَجَمِیْعُ اُمُمِھِمْ وَجَمِیْعُ الْمُتَقَدِّمِیْنَ وَالْمُتَاَخِّرِیْنَ دَاخِلُوْنَ فِیْ كَآفَّةِ النَّاسِ وَكَانَ ھُوَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَاعِیًا بِالْاِصَالَةِ وَجِمْیَعُ الْاَنْبِیَاءِ وَالرُّسُلِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ یَدْعُوْنَ الْخَلْقَ اِلَی الْحَقِّ عَنْ تَبْعِیَّتِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَكَانُوْا خُلَفَاءَ ہُ وَنُوَّابَہُ فِی الدَّعْوَةِ وَفِی الْبُرْدَةِ :

وَكُلُّ اٰیٍ اَتَی الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِھَا

فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُوْرِہٖ بِھِمِ

فَاِنَّہُ شَمْسُ فَضْلٍ ھُمْ كَوَاكِبُھَا

یُظْھِرْنَ اَنْوَارَھَا لِلنَّاسِ فِی الظُّلَمِ

ابتداء سے لے کر انتہا تک داعی حقیقی، حقیقت احمدیہ ہے جو تمام انبیاء کرام کی اصل ہے اور انبیاء کرام اس حقیقت کے اجزاء اور تفاصیل - حصے - ہیں ۔ انبیاء کرام کی دعوت اجزاء ہونے کے لحاظ سے بعض اجزاء کی دعوت ہے جبکہ آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی دعوت سب انبیاء کی دعوت ہے کیونکہ یہ دعوت کل ہے اللہ تعالیٰ کے فرمان:

وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ . میں اسی عموم کی طرف اشارہ ہے۔ انبیاء ورسل علیہم السلام اور ان کی تمام امتیں اور تمام متقدمین اور متاخرین کافۃ الناس میں داخل ہیں ۔ نبی مکرم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- اپنے دونوں ادوار میں اصل اور مستقل نبی اور رسول ہونے کے لحاظ سے دعوت دینے والے تھے۔ دوسرے انبیاء ورسل علیہم السلام

Marfat.com

حق کی طرف مخلوق کو دعوت دیتے تھے تو آپ کے نائب اور خلیفہ ہونیکی حیثیت سے اور آپ کی اتباع میں اسی لئے الداعی کا لقب صرف اور صرف آپ کے ہی شایان شان ہے۔

قصیدہ بردہ شریف میں ہے:

وَكُلُّ اٰيٍ اَتَى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا

فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُوْرِهٖ بِهِمِ

فَاِنَّهُ شَمْسُ فَضْلٍ هُمْ كَوَاكِبُهَا

يُظْهِرْنَ اَنْوَارَهَا لِلنَّاسِ فِى الظُّلَمِ

رسل کرام جتنے بھی معجزات لائے ہیں وہ سب آپ کے نور کی کرنیں ہیں بے شک آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- بزرگی کے آفتاب ہیں انبیاء کرام اس کے ستارے ہیں جو اندھیروں میں سورج کے انوار لوگوں پر بکھیرتے ہیں۔

-☆-

Marfat.com

سید العشاق سیدنا قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے وجود مسعود کے دنیا میں تشریف لانے سے پہلے ہی مختلف معجزات اور آپ کے وجود کا نور ظاہر ہو چکا تھا

قَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ اَلْمُرَادُ بِالنُّوْرِ الثَّانِيّ هُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَوْلُهُ تَعَالٰى مَثَلُ نُوْرِهِ اَیْ نُوْرِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَثَلُ نُوْرِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ كَانَ مُسْتَوْدَعًا فِى الْاَصْلَابِ كَمِشْكَاةٍ صِفَتُهَا كَذَا وَ اَرَادَ بِالْمِصْبَاحِ قَلْبُهُ وَبِالزُّجَاجَةِ صَدْرُهُ اَیْ كَاَنَّهُ كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ لِمَا فِيْهِ الْاِيْمَانُ وَالْحِكْمَةُ يُوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ اَیْ مِنْ نُوْرِ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَظْهَرًا

Marfat.com

وَنَسْلاً وَدَعْوَةً فَضَرَبَ الْمَثَلَ بِالشَّجَرَةِ الْمُبَارَكَةِ وَقَوْلُهُ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْءُ اَىْ تَكَادُ نَبُوَّةُ مُحَمَّدٍ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبَيَّنَ لِلنَّاسِ قَبْلَ كَلَامِهٖ وَظَهَرَتْ اَنْوَاعُ مُعْجِزَاتِهٖ دَعْوَتِهٖ وَنُوْرُ وَجُوْدِهٖ قَبْلَ وَجُوْدِهٖ .

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

دوسرے نور سے مراد اس مقام پر حضور سیدنا محمد مصطفیٰ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فرمان مثل نورہ سے مراد نور محمد مصطفیٰ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- ہے پھر کہا نور محمد مصطفیٰ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی مثال جب اصلاب اور پشتوں میں ودیعت رکھا گیا تھا مشکوۃ کی طرح تھا جس کی شان یہ ہے مصباح سے مراد دِل اور زجاجہ سے مراد آپ کا سینہ اقدس ہے گویا وہ ایک چمکتا ہوا ستارہ ہے کیونکہ سینہ اور دل اقدس ایمان اور حکمت سے لبریز ہے۔ جس دل کو شجرہ مبارکہ یعنی ابراہیم علیہ السلام کے نور سے روشن اور درخشاں کیا گیا ہے یہ نور سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے نور کا مظہر، سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی نسل اور دعا ہے جس کی شجرہ مبارکہ سے مثال دی گئی ہے اور ارشاد باری تعالیٰ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْءُ سے مراد یہ ہے کہ حضور سیدنا محمد مصطفیٰ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی نبوت اس قدر درخشاں اور بلندی پر ہے کہ آپ کے اعلان نبوت سے قبل لوگوں کے سامنے ظاہر ہونیکی قوت رکھتی ہے اور آپ کے گوناگوں معجزات کی حالت یہ ہے کہ دعوی نبوت سے پہلے ہی ظاہر ہونے کی کیفیت میں ہیں اور آپ کے وجود کا نور آپ کی موجودگی سے قبل ظاہر ہو جانے کی طاقت رکھتا ہے۔

شفاء شریف جواہر البحار

Marfat.com

سیدنا ابن حجر ھیتمی مکی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم-کو رسالت عامہ سے سرفراز فرمایا گیا ہے، حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم-تمام انبیاء کرام علیہم السلام کے بھی نبی ہیں-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم-

فَتَكُوْنُ رِسَالَتُهُ عَامَّةً لِجَمِيْعِ الْخَلْقِ ، فَهُوَ نَبِيُّ الْاَنْبِيَاءِ ، وَلِذَا كَانُوا كُلُّهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تَحْتَ لِوَائِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

پس حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی رسالت مبارکہ عام ہے تمام مخلوق کیلئے پس آپ نبی الانبیاء-تمام نبیوں کے نبی-ہیں اور اسی وجہ سے تمام انبیاء کرام علیہم السلام قیامت کے دن آپ-فداہ ابی وانی صلی اللہ علیہ وسلم کے لواء الحمد کے نیچے ہوں گے۔

المنح المکیۃ فی شرح الھمزیۃ صفحہ ۹۴

Marfat.com

مفسرِ قرآن شارح بخاری و مسلم علامہ غلام رسول سعیدی زیدہ مجدہ کا عقیدہ حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تمام ممکنات کیلئے فیضِ الٰہی کا واسطہ ہیں اسی لئے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-

کا نورِ مبارک اول المخلوقات ہے

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کیلئے رحمت ہونا اس اعتبار سے ہے کہ آپ تمام ممکنات پر ان کی صلاحیت کے اعتبار سے فیض الٰہی کیلئے واسطہ ہیں اسی لئے آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا نور اول المخلوقات ہے اور حدیث میں ہے:

اے جابر! سب سے پہلے اللہ نے تمہارے نبی کے نور کو پیدا کیا اور حدیث میں ہے کہ:

اللہ عطا کرنے والا ہے اور میں تقسیم کرنے والا ہوں۔

تبیان القرآن جلد ۷ صفحہ ۶۸۴

Marfat.com

تمام مفسرین علیہم الرحمۃ والرضوان کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-
ہر ہر عالم کیلئے رحمت ہیں خواہ وہ فرشتے ہوں یا انسان،
اولیاء کرام ہوں یا انبیاء عظام-علیہم الصلاۃ والسلام-

اسی طرح مفسرین کا اس پر بھی اتفاق ہے کہ سیدنا محمد مصطفیٰ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- ہر ہر عالم کیلئے رحمت ہیں خواہ فرشتوں کا عالم ہو، جنات کا عالم ہو، انسانوں کا عالم ہو اور خواہ انسانوں میں سے کافر ہوں، مسلمان ہوں، اولیاء ہوں یا انبیاء علیہم السلام ہوں آپ سب کیلئے رحمت ہیں اور خواہ حیوانوں کا عالم ہو، نباتات کا عالم ہو یا جمادات کا عالم ہو آپ ہر ہر عالم کیلئے رحمت ہیں۔

تبیان القرآن جلد ۷ صفحہ ۶۸۴

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تمام انبیاء کرام-علیہم السلام-اور اولیاء کرام رحمۃ اللہ علہم کیلئے رحمت ہیں

اور ابن القیم نے مفتاح السعادۃ میں لکھا ہے کہ:

اگر نبی نہ ہوتے تو جہان میں کوئی چیز کسی کو نفع نہ دیتی، نہ کوئی نیک عمل ہوتا، نہ روزی حاصل کرنے کا کوئی جائز طریقہ ہوتا اور نہ کسیٔ حکومت کا قیام ہوتا اور تمام لوگ جانوروں اور درندوں کی طرح ہوتے، ایک دوسرے پر حملہ کرتے اور ایک دوسرے سے چھین کر کھا جاتے۔سو دنیا میں جو بھی خیر اور نیکی ہے وہ آثار نبوت سے ہے اور جو شر اور برائی ہے وہ آثار نبوت کے مٹ جانے یا چھپ جانے کی وجہ سے ہے۔پس یہ عالم ایک جسم ہے اور نبوت اس کی روح ہے۔

تبیان القرآن جلد ۷ صفحہ ۶۸۴

Marfat.com

ابتداء آفرینش سے لیکر قیامت تک جس کو بھی جو نعمت ملتی ہے
وہ آپ کی تقسیم سے ملتی ہے

مکلّف ہو یا غیر مکلّف انسان ہو، جن ہو یا فرشتہ ہو، حیوان ہو یا شجر ہو آپ سب کیلئے رحمت ہیں۔ اللہ تعالیٰ ربّ العالمین ہے اور آپ رحمۃ لعالمین ہیں جس جس چیز کیلئے اللہ تعالیٰ کی ربوبیت ہے اس اس چیز کیلئے آپ رحمت ہیں وجود عین جود ہے اور ہر چیز کو وجود آپ کے واسطہ سے ملا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو عطا کرنے والا ہے اور آپ ہر چیز کو تقسیم کرنے والے ہیں۔ آپ کی کنیت ابوالقاسم صرف اس لئے نہیں تھی کہ آپ کے فرزند ارجمند کا نام قاسم تھا بلکہ ابوالقاسم کا معنی ہے سب سے زیادہ تقسیم کرنے والے اور ابتداء آفرینش عالم سے لے کر قیامت تک جس کو بھی جو نعمت ملتی ہے وہ آپ کی تقسیم سے ملتی ہے۔ تمام دینی اور دنیاوی امور میں آپ ابتداء آفرینش عالم سے تقسیم کرنے والے ہیں۔

تبیان القرآن جلد ۷ صفحہ ۶۸۴

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-خیر الخلق ہیں اور آپ کے کمال سے بڑھ کر کوئی کمال نہیں اور آپ کے مرتبہ سے بڑھ کر کوئی مرتبہ نہیں، اللہ تعالیٰ نے سیدنا آدم علیہ السلام کی تخلیق سے پہلے ہی آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو منصب نبوت عطا فرما دیا تھا اور انبیاء کرام سے اللہ تعالیٰ نے عہد و پیمان لیا تا کہ انہیں معلوم ہو جائے کہ آپ ان سے مقدم ہیں اور آپ ان کے نبی اور رسول ہیں

وَالنَّبِیُّ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَیْرَ الْخَلْقِ فَلَا کَمَالَ لِمَخْلُوْقٍ اَعْظَمُ مِنْ کَمَالِہٖ وَلَا مَحَلَّ أَشْرَفُ مِنْ مَحَلِّہٖ فَعَرَفْنَا بِالْخَبْرِ الصَّحِیْحِ حُصُوْلَ ذَالِكَ الْکَمَالِ مِنْ قَبْلِ خَلْقِ آدَمَ لِنَبِیِّنَا - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ - مِنْ رَبِّہٖ سُبْحَانَہٗ وَاَنَّہٗ أَعْطَاہُ النُّبُوَّۃَ مِنْ ذَالِكَ الْوَقْتِ ثُمَّ

Marfat.com

اَخَذَ لَهُ الْمَوَاثِيْقَ عَلَى الْاَنْبِيَاءِ لِيَعْلَمُوْا اَنَّهُ الْمُقَدَّمُ عَلَيْهِمْ وَاَنَّهُ نَبِيُّهُمْ وَرَسُوْلُهُمْ وَفِى اَخْذِ الْمَوَاثِيْقِ وَهِى فِى مَعْنَى الِاسْتِخْلَافِ وَلِذَالِكَ دَخَلَتْ لَامُ الْقَسَمِ فِىْ- لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنْصُرُنَّه - الْآيَة. وَهِىَ كَاَنَّهَا اَيْمَانُ الْبَيْعَةِ الَّتِى تُؤْخَذُ لِلْخُلَفَاءِ وَلَعَلَّ اَيْمَانُ الْخُلَفَاءِ اُخِذَتْ مِنْ هُنَا .

حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی شان یہ ہے کہ آپ خیر الخلق ہیں لہٰذا کسی مخلوق کا کمال آپ کے کمال سے برتر نہیں اور نہ کسی کا مقام آپ کے مقام سے اعلیٰ تر۔

یہ بات ہم نے صحیح حدیث کے ذریعے جانی کہ یہ کمال آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو تخلیق آدم علیہ السلام سے پہلے حاصل تھا جسے حق تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے عطا فرمایا۔ علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ نے آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کیلئے انبیاء کرام علیہم السلام سے عہد و پیمان لئے تا کہ وہ سب جان لیں کہ آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- ان پر مقدم ہیں اور آپ ان کے بھی نبی اور رسول ہیں اور اللہ عزوجل نے جو عہد اور میثاق لیا ہے اس میں آپ ہی کا خلیفہ بنانا بیان کیا گیا ہے اور اس کا مقصود آپ ہی کی ذات ہے اسی بناء پر آیہ کریمہ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنْصُرُنَّه الْآيَة میں لام قسم کیلئے آیا ہے۔ انبیاء علیہم السلام سے جو عہد و پیمان لیا گیا گویا وہ اس بیعت کی مانند ہے جو خلفاء کے نائبوں سے بوقت استقرار خلافت لی جاتی ہے اور عین ممکن ہے کہ نائبین سے جو حلف لیا جاتا ہے اس کی اصل یہی ہو۔

الخصائص الکبری للسیوطی صفحہ ۶

Marfat.com

جامع المعقول علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اپنی روحانی حالت اور نورانی کیفیت میں تمام ارواح کیلئے نبی تھے

وَنَبِیُّنَا عَلَیْہِ السَّلَامُ کَانَ نَبِیّاً فِیْ نَشْأَتِہِ الرُّوْحَانِیَّۃِ لِلْاَرْوَاحِ وَمُتَوَسِّطًا فِیْ تَعْیِیْنِ حِصَصِ کَمَالَاتِہِمُ الرُّوْحَانِیَّۃِ الَّتِیْ بِحَسْبِہَا یَظْہَرُ کَمَالَاتُہُمُ الْجِسْمَانِیَّۃِ کَمَایُرْوٰی عَنْہُ عَلَیْہِ السَّلَامُ ،اَوَّلُ مَاخَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ.

اور ہمارے نبی-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اپنی روحانی حالت میں ارواح کیلئے نبی تھے اور روحانی کمالات کے حصص کے تعین میں آپ ہی واسطہ اور وسیلہ تھے جو کمالات ان سے عالم اجسام میں ظاہر ہوئے جیسے کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- سے مروی ہے اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرے نور مسعود کو پیدا فرمایا۔

حاشیہ شرح المواقف جلد ۸ صفحہ ۲۵۰

Marfat.com

محدثِ کبیر سیدنا جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-عالم ارواح میں صرف علم الٰہی میں نبی نہیں تھے بلکہ آپ اس عالم میں بھی حقیقۃً

وصفِ نبوت سے سرفراز تھے

قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ ، كُنَّا نَظُنُّ أَنهُ بِالْعِلْمِ فَبَانَ أَنَّهُ زَائِدٌ عَلٰى ذَالِكَ مَا شَرَحْنَاهُ .

حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا ارشاد گرامی:

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

الخصائص الکبری للسیوطی صفحہ ٦

Marfat.com

میں اس وقت بھی نبی تھا جبکہ سیدنا آدم علیہ السلام روح وجسم کے درمیان تھے۔

اس کا مطلب پہلے ہم یہ سمجھتے تھے کہ آپ صرف علم الٰہی میں نبی تھے پھر ہم پر ظاہر ہوا کہ معاملہ اس سے زائد ہے جس کی ہم نے تشریح کر دی ہے یعنی حضور-فداہ اَبی واُمّی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-صرف علم الٰہی میں نبی نہیں تھے بلکہ آپ اس وقت، عالم ارواح میں بالفعل نبی تھے۔

Marfat.com

سبحان اللہ! حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وسلم- کا کیا مقام رفیع ہے کہ آپ لباس اولین میں بھی ظاہر ہوئے اور آپ کی حقیقت مقدسہ تمام انبیاء ومرسلین علیہم السلام کے حقائق سے سبقت وبازی لے گئی جیسے آپ آخر میں ظاہر وباھر ہوئے آپ کے سر انور پر رحمۃً للعالمینی کا تاج چمکتا ہے سیدنا ابراہیم علیہ السلام جلنے سے اور موسیٰ علیہ السلام غرق ہونے سے آپ ہی کی برکت ورحمت سے بچ گئے

لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوفٌ رَّحِيْمٌ ○ سورۂ توبہ:۱۲۸

فَيَا سَعَادَةَ اَهْلِ هٰذَا الْمَقَامِ الْأَنِيْقِ ، وَلَقَدْ ظَهَرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلِبَاسِ الْأَوَّلِيْنَ ، وَسَبَقَتْ حَقِيْقَتُهُ حَقَائِقَ الْأَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ،

Marfat.com

كَمَا هُوَ ظَاهِرٌ بِالآخِرِيْنَ ، فَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ ، وَلِهٰذَا نَجَا بِهٖ اِبْرَاهِيْمُ مِنَ الْحَرِيْقِ ، وَمُوْسٰى مِنَ الْغَرِيْقِ .

یقیناً تمہارے پاس تشریف لائے تمہیں میں سے عظیم الشان رسول-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تمہارا مشقت میں پڑ جانا ان پر گراں گزرتا ہے وہ تمہارے- بھلائی و نجات کے-حریص ہیں اور مومنوں پر رؤوف ورحیم ہیں۔

سبحان اللہ! اس مقام انیق ورفیع پر فائز ذات اقدس-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کیلئے کیا سعادت وخوش بختی ہے! یقیناً حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- اولین کے لباس میں ظاہر ہوئے اور آپ کی حقیقت مبارکہ تمام انبیاء ورسل علیہم السلام کی حقیقتوں سے سبقت لے گئی جیسے آپ آخرین میں ظاہر ہوئے تو حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تمام جہانوں کیلئے رحمت ہیں اسی لئے سیدنا ابراہیم علیہ السلام آپ ہی کی برکت سے-نار نمرود میں-جل جانے سے بچ گئے اور سیدنا موسیٰ علیہ السلام غرق ہونے سے محفوظ رہے۔

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد۳ صفحہ۳۲۳

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے فیض سے تمام انبیاء کرام، مرسلین عظام اور ملائکہ مقربین کو ظاہر و پیدا فرمایا

اِذْ هُوَ مِنْ فَيْضِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْرَزَ الرَّبُّ جَلَّ جَلَالُهُ، وَعَزَّ جَمَالُهُ جَمِيْعَ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ، وَالْمَلَائِكَةَ الْمُقَرَّبِيْنَ .

رب تعالیٰ جل جلالہ وعز جمالہ نے حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے فیض سے تمام انبیاء و مرسلین اور ملائکہ مقربین کو ظاہر و پیدا فرمایا۔

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد۳ صفحہ۳۷۲

Marfat.com

تمام انبیاء کرام علیہم السلام حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے خلفاء ہیں ان میں سے ہر ایک حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے دریائے نور میں تیرنے والا اور آپ کے سمندر رحمت سے مدد لینے والا ہے اور حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تمام دوائر خیرات، رسالات ونبوات، حقائق عیانیہ اور اسرار توحید کے جامع ہیں

وَهُمْ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ صُوْرَةُ تَفْصِيْلِهٖ وَخُلَفَاؤُهُ ، وَمَظَاهِرُ تَعَيُّنَاتِهٖ ؟ فَمَا مِنْهُمْ اِلَّا وَهُوَ سَابِحٌ فِيْ نُوْرِهٖ ، وَمُسْتَمِدٌّ مِنْ بَحْرِهٖ كُلٌّ عَلٰى حَسْبِ مَقَامِهٖ كُلَّ خَيْرٍ وَبَرَكَةٍ ، وَعَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِمْتَدَّ الْوَجُوْدُ كُلُّهُ كَمَا امْتَدَّتِ الشَّجَرَةُ مِنَ الْبَزْرَةِ ، فَهُوَ ـ صَلَّى

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ اَصْلُ الْوُجُوْدِ وَاَقْرَبُ مَوْجُوْدٍ وَيَعْسُوْبُ الْاَرْوَاحِ ، وَهُوَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّوْحُ الْاَعْظَم ، وَآدَمُ الْاَكْبَرُ ذُوالْكَلِمَةِ الْجَامِعَةِ وَالرِّسَالَةِ الْمُحِيْطَةِ ، وَهُوَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَامِعُ لِلْخَلْقِ عَلٰى اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْجَامِعُ لِدَوَائِرِ الْخَيْرَاتِ وَالرِّسَالَاتِ وَالنُّبُوَّاتِ وَالْحَقَائِقِ الْعَيَانِيَةِ ، وَاَسْرَارِ التَّوْحِيْدِ الرَّبَّانِيَّةِ .

اور وہ حضرات انبیاء کرام علیہ وعلیہم الصلاۃ والسلام آپ کی صورت مبارکہ کی تفصیل اور آپ کے خلفاء ہیں اور آپ کے تعینات کے مظاہر ہیں ۔ان میں سے ہر ایک آپ کے دریائے نور میں تیرنے والا ہے اور آپ کے سمندر سے مدد لینے والا ہے ہر ایک ایک اپنے مقام ومرتبہ کے موافق ، اور آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- سے ساری موجودات کا وجود ظاہر ہوا جیسے بیج سے درخت ظاہر ہوتا ہے۔

پس حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- وجود کا اصل اور موجود میں سب سے زیادہ مقرب اور یعسوب الارواح ہیں اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- روح اعظم ، آدم اکبر ، الکلمۃ الجامعہ اور ایسی رسالت والے ہیں جو تمام عالمین کا احاطہ کئے ہوئے ہے اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تمام مخلوق کے جامع اور آپ خیرات ورسالات اور نبوات کے دوائر کے جامع ہیں اور حقائق عیانیہ اور اسرار توحید ربانیہ کے منبع ہیں۔

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد۳ صفحہ۴۰۵

Marfat.com

سیدنا شیخ ابراہیم کورانی اور سیدنا شیخ عارف قشاشی رحمۃ اللہ علیہما کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی نبوت مبارکہ
لوح وقلم وغیرھما کی تخلیق سے پہلے کی ہے یعنی اس زمانہ مبارکہ سے ہے
جب آپ کی روح پاک مقام قربِ الٰہی جل جلالہ پر فائز تھی

قَالَ الشَّيْخُ اِبْرَاهِيْمُ الْكَوْرَانِيُّ :

وَاَمَّا عَلٰى مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ شَيْخُنَا يَعْنِي الْعَارِفَ الْقَشَاشِيَّ مِنْ اَنَّ نَبُوَّتَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ سَابِقَةً عَلٰى خَلْقِ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ وَمَا بَعْدَهُمَا ، فَلَعَلَّ الْمُرَادَ الزَّمَنُ الْمُتَقَدِّمُ عَلٰى حِيْنَ اِقَامَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَقَامِ الْقُرْبِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ .

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد ۳ صفحہ ۴۱۵

Marfat.com

سیدنا شیخ ابراہیم کورانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

ہمارے شیخ یعنی عارف قشاشی رحمۃ اللہ علیہ کا مذھب یہ ہے کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نبوت مبارکہ لوح وقلم اور مابعد کی تخلیق سے پہلے کی ہے شاید اس سے مراد وہ متقدم زمانہ ہے جب آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-قربِ الٰہی جل جلالہ کے مقام ومرتبہ پر فائز تھے واللہ اعلم۔

Marfat.com

حافظ الحدیث سیدنا جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نبوت و رسالت سیدنا آدم علیہ السلام سے لیکر قیامت تک تمام مخلوق کو شامل ہے حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اوران کی امتیں حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی ہی امت ہیں

فَتَكُوْنُ نَبُوَّتُهُ وَرِسَالَتُهُ عَامَّةٌ لِجَمِيْعِ الْخَلْقِ مِنْ زَمَنِ آدَمَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَتَكُوْنُ الْاَنْبِيَاءُ وَاُمَمُهُمْ مِنْ اُمَّتِهٖ ، قَدْ جَاءَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى خَلَقَ الْاَرْوَاحَ قَبْلَ الْاَجْسَادِ ، فَتَكُوْنُ الْاِشَارَةُ بِقَوْلِهٖ : كُنْتُ نَبِيًّا اِلٰى رُوْحِهِ الشَّرِيْفَةِ اَوْ اِلٰى حَقِيْقَتِهٖ ، فَعَرَفْنَا بِالْخَبَرِ الصَّحِيْحِ حَصُوْلَ ذَالِكَ الْكَمَالِ مِنْ قَبْلِ آدَمَ لِنَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ رَبِّهٖ سُبْحَانَهُ وَاَنَّهُ اَعْطَاهُ النُّبُوَّةَ مِنْ ذَالِكَ الْوَقْتِ فَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

Marfat.com

وَسَلَّمَ هُوَ نَبِیُّ الْاَنْبِیَاءِ .

پس حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نبوت ورسالت سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر یوم القیامۃ تک تمام مخلوق کو شامل ہے۔حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام اوران کی امتیں آپ ہی کی امت ہیں۔حدیث پاک میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ارواح کو اجسام سے پہلے پیدا فرمایا ہے تو حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا ارشاد گرامی:

کنت نبیا آپ کی روح شریفہ اور حقیقۃ مقدسہ کی طرف اشارہ ہے۔پس ہمیں صحیح حدیث سے معلوم ہوگیا کہ ہمارے نبی-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو یہ کمال -کمال نبوت ورسالت-ان کے ربّ سبحانہ وتعالیٰ کی طرف سے سیدنا آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے پہلے حاصل ہو چکا تھا اور اللہ جل جلالہ نے آپ کو اس وقت ہی نبوت عطا فرما دی تھی۔پس نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تمام نبیوں کے نبی ہیں۔

الخصائص کبری،۱/۴،۵

Marfat.com

شارح بردہ علامہ بیجوری-رحمۃ اللہ علیہ-کا عقیدہ

گزشتہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے نائب وخلیفہ ہیں اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-گزشتہ امتوں کے بھی رسول ہیں

وَظَاهِرُ هٰذَا الْبَيْتِ : اَنَّهٗ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ مُرْسَلٌ لِلْاُمَمِ السَّابِقَةِ، لٰكِنْ بِوَاسِطَةِ الرُّسُلِ، فَهُمْ نُوَّابٌ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَبِهٰذَا قَالَ الشَّيْخُ السُّبْكِيُّ وَمَنْ تَبِعَهٗ اَخْذًا مِنْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى:
وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ط قَالَ ءَ اَقْرَرْتُمْ وَ اَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ط قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوْا وَ اَنَا

Marfat.com

مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ○

قصیدہ مبارکہ کے اس شعر سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- گزشتہ امتوں کے بھی رسول ہیں لیکن رسولان کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے واسطہ سے ہیں وہ رسول حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نائب وخلیفہ ہیں اور یہی مفہوم بیان فرمایا ہے علامہ سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے اوران کے تبعین نے اس آیت کریمہ سے استدلال کرتے ہوئے۔

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ط قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ط قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ○

اور یاد کرو جب لیا اللہ تعالیٰ نے انبیاء سے پختہ وعدہ کہ قسم ہے تمہیں اس کی جودوں میں تم کو کتاب اور حکمت سے پھر تشریف لائے تمہارے پاس وہ رسول جو تصدیق کرنے والا ہو ان کتابوں کی جو تمہارے پاس ہیں تو تم ضرور ضرور ایمان لانا اس پر اور ضرور ضرور مدد کرنا اس کی ۔-اس کے بعد-فرمایا کیا تم نے اقرار کرلیا اور اٹھالیا تم نے اس پر میرا بھاری ذمہ؟ سب نے عرض کی ہم نے اقرار کیا-اللہ نے-فرمایا تو گواہ رہنا اور میں-بھی- تمہارے ساتھ گواہوں میں سے ہوں۔

البردۃ بشرح الباجوری صفحہ ۹۶

Marfat.com

تمام انبیاء کرام علیہم السلام نے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نور سے ہی فیض حاصل کیا ہے کیونکہ آپ کا نور پاک تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام سے متقدم ہے

وَلِذَا شَبَّهَهٗ بِالشَّمْسِ الظَّاهِرِ نُوْرُهَا ظَهُوْراً تَامّاً ، مُزِيْلاً لِجَمِيْعِ الظُّلَمِ بِالْكُلِّيَّةِ . وَلَمَّا لَمْ يَبْقَ مَعَ الشَّمْسِ عِنْدَ ظُهُوْرِهَا اَثْرُ الشَّيْءِ مِنَ الْكَوَاكِبِ ، كَذَالِكَ آيَاتُهٗ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ وَشَرِيْعَتُهٗ ؛ لَمَّا بَدَتْ نَسَخَتْ سَائِرَ الشَّرَائِعِ . لَا يُقَالُ هُوَ مُتَأَخِّرُ الْوُجُوْدِ عَنْهُمْ وَاَنْوَارُ كُلٍّ مِنْهُمْ مُتَقَدِّمٌ عَلَيْهِ ، فَكَيْفَ يَسْتَمِدُّ اَنْوَارُهُمْ مِنْ نُوْرِهٖ ؟ لِاَنَّا نَقُوْلُ نُوْرُهٗ مُتَقَدِّمٌ وَاِنْ تَأَخَّرَ وُجُوْدُ ذَاتِهٖ .

اور اسی لئے حضرت علامہ بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ

الذخر والعدۃ فی شرح البردۃ صفحہ ۶۰

Marfat.com

علیہ والہ وسلم-کوسورج سے تشبیہہ دی ہے جس کا نور مکمل طور پر ظاہر و باہر ہے اور ظلمات کو کلیتہً زائل کرنے والا ہے اور جب سورج کے ظہور کے ساتھ کواکب وسیارگان کا کچھ بھی اثر باقی نہیں رھتا ایسے حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم -کے معجزات مبارکہ اور شریعت مطہرہ ہے جب آپ کی شریعت مطہرہ ظاہر ہوئی تو تمام پہلی شریعتیں منسوخ ہوگئیں ایسا نہیں کہا جائے گا کہ آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا وجود مبارک ان سے متاخر ہے اور ان میں سے ہر ایک کے انوار متقدم ہیں تو کیسے ان کے نور نے آپ کے نور پاک سے مدد واعانت حاصل کی کیونکہ ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا نور پاک ان سے متقدم ہے اگر چہ آپ کا وجودِ ذات ان سے متاخر ہے۔

Marfat.com

صاحبِ تفسیر کبیر سیدنا فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ اور
صاحبِ مرقاۃ سیدنا ملا علی قاری مکی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- اپنی ولادت کے دن سے ہی وصف نبوت سے متصف تھے بلکہ حدیث پاک کُنْتُ نَبِیًّا وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ آپ عالم ارواح میں بھی وصف نبوت سے متصف تھے

فِیْهِ دَلَالَةٌ عَلٰی اَنَّ نَبُوَّتَهُ لَمْ تَکُنْ مُنْحَصِرَةً فِیْمَا بَعْدَ الْاَرْبَعِیْنَ کَمَا قَالَهُ جَمَاعَةٌ بَلْ اِشَارَةٌ اِلٰی اَنَّهُ مِنْ یَوْمِ وِلَادَتِهٖ مُتَّصِفٌ بِنَعْتِ النُّبُوَّةِ بَلْ یَدُلُّ حَدِیْثُ کُنْتُ نَبِیًّا وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ عَلٰی اَنَّهُ مُتَّصِفٌ بِوَصْفِ النُّبُوَّةِ فِیْ عَالَمِ الْاَرْوَاحِ.

Marfat.com

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام میں یہ دلیل موجود ہے کہ چالیس سال کے بعد آپ کی نبوت منحصر نہیں -یعنی یہ درست نہیں کہ- چالیس سال کے بعد آپ کو نبی بنایا گیا جیسا کہ ایک جماعت کا قول ہے بلکہ اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ آپ روز ولادت سے ہی وصف نبوت سے متصف ہیں بلکہ حدیث کُنْتُ نَبِیًّا وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ دلالت کرتی ہے کہ آپ عالم ارواح میں بھی وصف نبوت سے متصف تھے۔

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو بچپن میں ہی بے لباس ہو کر چلنے سے منع کر دیا گیا

امام بیہقی نے سیدنا عبداللہ بن عباس-رضی اللہ عنہما-کی روایت سے یہ واقعہ نقل کیا ہے کہ:

جب قریش نے خانہ کعبہ کی تعمیر شروع کی تو دو دو آدمیوں پر مشتمل افراد کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔حضور سیدنا رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے ساتھی سیدنا عباس رضی اللہ عنہ تھے۔حضرت عباس کا بیان ہے کہ:

لوگوں نے اپنے ازار اتارے ہوئے تھے،ازار پتھر کے نیچے رکھ کر لا رہے تھے۔ حضور سیدنا رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے بھی اپنا ازار اتار کر کندھے پر رکھا ہوا تھا اور آپ میرے آگے آگے جا رہے تھے۔اچانک آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-گر پڑے اور منہ کے بل گرے،میں نے اپنا پتھر پھینک دیا اور دوڑتا ہوا آپ

Marfat.com

کے پاس آیا آپ ٹکٹکی باندھ کر آسمان کی طرف دیکھ رہے تھے۔ میں نے عرض کی:

کیا ہوا؟ آپ اٹھے اور ازار باندھا اور فرمایا:

اِنِّیْ نُھِیْتُ اَنْ اَمْشِیَ عُرْیَانًا .

مجھے بے لباس ہو کر چلنے سے منع کر دیا گیا ہے۔

صحیحین میں واقعہ عبدالرزاق کی زبانی بیان ہوا ہے:

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو بچپن میں ازار اتار کر چلنے سے منع کیا گیا۔

سوال یہ ہے کہ یہ کس نے منع کیا؟ جواب واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا یہ بھی آپ کے پیدائشی طور پر نبی ہونے کی دلیل ہے ہمارے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو اللہ تعالیٰ نے پیدا ہوتے ہی نہیں بلکہ عالم ارواح سے ہی منصبِ نبوت پر سرفراز فرمایا ہے۔

البدایہ والنہایہ: جلد۲، صفحہ ۲۶۷

Marfat.com

علامہ عبدالحی لکھنوی کا عقیدہ

حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- سے چاند جھولے میں کلام کرتا تھا اور آپ جب شکم مادر میں تھے لوحِ محفوظ پر چلنے والے قلم کی آواز سن لیتے تھے

سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یارسول اللہ! چاند آپ کے ساتھ کیا معاملہ کرتا تھا اور آپ ان دنوں چہل روزہ تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا:

مادرِ مشفقہ نے میرا ہاتھ مضبوط باندھ دیا تھا اس کی اذیت سے مجھے رونا آتا تھا اور چاند منع کرتا تھا۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی:

آپ ان دنوں چہل روزہ تھے یہ حال کیوں کر معلوم ہوا فرمایا:

لوح محفوظ پر قلم چلتا تھا اور میں سنتا تھا حالانکہ شکم مادر میں تھا، بلفظہ

مجموعۃ الفتاویٰ: جلد۲ صفحہ ۹۷ مطبوعہ یوسفی واقع لکھنو

Marfat.com

سیدنا امام العشاق قاضی عیاض مالکی - رحمۃ اللہ علیہ - کا عقیدہ حضور سیدنا نبی کریم - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم - کی ولادت باسعادت کے وقت معجزات وخوارق کا ظہور آپ کی نبوت ورسالت پر دلالت کرتا ہے

،

- وَمِنْ ذَالِكَ - اَیْ مِمَّا یَدُلُّ عَلٰی نَبُوَّتِهٖ وَرِسَالَتِهٖ - مَا ظَهَرَ مِنَ الْاٰیَاتِ - اَیْ خَوَارِقِ الْعَادَاتِ - عِنْدَ مَوْلِدِهٖ - اَیْ قُرْبَ وِلَادَتِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ - وَمَا حَكَتْهُ - اَیْ آمِنَةُ بِنْتُ وَهْبٍ اَنَّهَا اتیت فَقِیْلَ لَهَا قَدْ حَمَلْتِ بِسَیِّدِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ فَاِذَا خَرَجَ فَقُوْلِیْ اُعِیْذُهُ بواحد مِنْ شَرِّ كُلِّ حَاسِدٍ - وَكَوْنُهُ رَافِعًا رَاْسَهُ - اَیْ لِلدُّعَاءِ - عِنْدَ مَا وَضَعَتْهُ شَاخِصًا بِبَصَرِهٖ اِلَی السَّمَاءِ - كَمَا رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ عَنِ الزُّهْرِیِّ مُرْسَلاً - وَمَا رَاَتْهُ

Marfat.com

۔اَیْ اُمُّـهُ ۔مِنَ النُّوْرِ الَّـذِیْ خَـرَجَ مَعَـهُ عِنْدَ وِلَادَتِـهٖ ۔حَتّٰی رُؤِیَتْ قُصُوْرُ بُصْرٰی کَمَا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَیْهَقِیُّ عَنِ الْعِرْبَاضِ وَاَبِیْ اُمَامَةَ ۔وَمَا رَاَتْهُ اِذْ ذَاكَ ۔اَیْ وَقْتَ وِلَادَتِهٖ ۔اُمُّ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی الْعَاصِ ۔اَیِ الثَّقَفِیِّ ۔مِنْ تَدَلِّی النُّجُوْمِ ۔اَیْ تَنْزُوْلُهَا وَدُنُوُّهَا تَبَرُّكًا بِحَضْرَتِهٖ ۔ وَظُهُوْرُ النُّوْرِ ۔اَیْ الَّذِیْ سَطَعَ مِنْهُ بِاَشِعَّتِهٖ ۔عِنْدَ وِلَادَتِهٖ حَتّٰی مَا تَنْظُرُ ۔اَیْ اُمُّ عُثْمَانَ ۔اِلَّا النُّوْرَ ۔وَفِیْ رِوَایَةٍ اِلَّا النُّوْرَ كَمَا رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ وَالطَّبْرَانِیُّ عَنِ ابْنِهَا عَنْهَا .

آپ کی نبوت اور رسالت پر دلائل میں سے وہ خوارق عادات بھی ہیں جن کا ظہور قرب ولادت باسعادت کے وقت ہوا ان میں سے ایک وہ روایت ہے جس کو آمنہ بنت وھب نے روایت کیا ہے کہ:

اضواء البیان فی ایضاح القرآن بالقرآن	جلد ۸	صفحہ ۳۸۳	مختصراً
الموسوعۃ القرآنیۃ	جلد ۱	صفحہ ۲۴	مختصراً
الحاوی فی تفسیر القرآن الکریم کاملا	جلد ۲۵	صفحہ ۶۶	مختصراً
تتمۃ اضواء البیان للشیخ عطیۃ محمد سالم	جلد ۲	صفحہ ۶	مختصراً
شعب الایمان للبیہقی	جلد ۲	صفحہ ۵۱۴	مختصراً
سیرۃ ابن اسحاق	جلد ۱	صفحہ ۱۲۲	مختصراً
دلائل النبوۃ للبیہقی موافقا للمطبوع	جلد ۱	صفحہ ۸۲	مختصراً
دلائل النبوۃ للبیہقی موافقا للمطبوع	جلد ۱	صفحہ ۱۱۱	مختصراً
مرقات المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح	جلد ۹	صفحہ ۳۶۸۵/ بالفاظ مختلفۃ	

Marfat.com

آنے والا آیا اور اس نے کہا کہ آپ اس امت کے سردار سے حاملہ ہیں جب دنیا میں آئے تو یہ کہنا کہ ہر حاسد کے شر سے میں اس کو اللہ وحدہ کی پناہ میں دیتی ہوں اور جو آپ کی ولادت باسعادت کے وقت حاضر تھے انہوں نے عجیب قسم کے واقعات بیان کیے ہیں کہ ولادت باسعادت جب ہو چکی تو آپ اپنا سر مبارک اوپر اٹھائے ٹکٹکی باندھ کر آسمان کی طرف دیکھ رہے تھے جیسا کہ امام بیہقی نے امام زھری سے حدیث مرسل روایت کی ہے:

آپ کی والدہ ماجدہ نے ولادت کے وقت دیکھا کہ آپ کے ہمراہ ایک ایسا نور نکلا ہے جس کی روشنی میں بصریٰ کے محلات دیکھ لئے جیسا کہ امام احمد اور محدث بیھقی نے عرباض بن ساریہ اور ابوامامہ سے روایت کیا ہے:

حضرت عثمان بن ابی العاص کی والدہ نے بوقت ولادت دیکھا کہ ستارے قریب آ گئے ہیں یعنی آپ کے دربار اقدس سے حصول تبرک کیلئے قریب ہو گئے ہیں اور ایک ایسا نور چمکا جس کی چمک سے ام عثمان کو ہر طرف نور ہی نور دکھائی دینے لگا۔ ایک روایت میں ہے کہ:

اس نور نے ہر شیء کو منور کر دیا ہے جیسا کہ محدث بیہقی اور طبرانی نے حضرت عثمان سے ان کی والدہ کی زبانی روایت کیا ہے۔

-☆-

Marfat.com

سند المحققین سیدنا ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ اور فخر المفسرین سیدنا فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے یوم ولادت سے ہی وصف نبوت سے متصف تھے بلکہ آپ اس وقت بھی وصفِ نبوت سے متصف تھے جبکہ سیدنا آدم علیہ السلام رُوح وجسم کے درمیان تھے

قَالَ الْاِمَامُ فَخْرُ الدِّیْنِ الرَّازِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ :

اَلْحَقُّ اَنَّ مُحَمَّداً صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ الرِّسَالَةِ مَا کَانَ عَلٰی شَرْعِ نَبِیٍّ مِنَ الْاَنْبِیَاءِ وَهُوَ الْمُخْتَارُ عِنْدَ الْمُحَقِّقِیْنَ مِنَ الْحَنْفِیَّةِ لِاَنَّهُ لَمْ یَکُنْ اُمَّةَ نَبِیٍّ قَطُّ لٰکِنَّهُ کَانَ فِی مَقَامِ النُّبُوَّةِ قَبْلَ الرِّسَالَةِ وَکَانَ یَعْمَلُ بِمَا هُوَ الْحَقُّ الَّذِیْ ظَهَرَ عَلَیْهِ فِی مَقَامِ نَبُوَّتِهٖ بِالْوَحْیِ الْخَفِیِّ

Marfat.com

وَالْكُشُوْفِ الصَّادِقَةِ مِنْ شَرِيْعَةِ اِبْرَاهِيْمَ وَغَيْرِهَا كَذَا نَقَلَهُ الْقَوْنَوِيُّ فِيْ شَرْحِ عُمْدَةِ النَّسَفِيِّ وَفِيْهِ دَلَالَةٌ عَلٰى اَنَّ نَبُوَّتَهُ لَمْ تُكُن مُنْحَصِرَةً فِيْمَا بَعْدَ الْاَرْبَعِيْنَ كَمَا قَالَ جَمَاعَةٌ بَلْ اِشَارَةٌ اِلٰى اَنَّهُ مِنْ يَوْمِ وِلَادَتِهِ مُتَّصِفٌ بِنَعْتِ نَبُوَّتِهٖ بَلْ يَدُلُّ حَدِيْثُ كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ عَلٰى اَنَّهُ مُتَّصِفٌ بِوَصْفِ النُّبُوَّةِ فِى عَالِمِ الْاَرْوَاحِ قَبْلَ خَلْقِ الْاَشْبَاحِ وَهٰذَا وَصْفٌ خَاصٌّ لَهُ لَا اَنَّهُ مَحْمُوْلٌ عَلٰى خَلْقِهِ النُّبُوَّةِ وَاسْتِعْدَادِ لِلرِّسَالَةِ .

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

حق بات یہ ہے کہ محمد-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-رسالت سے قبل کسی نبی کی شریعت پر نہ تھے، محققین حنفیہ کے نزدیک یہی مذہب مختار ہے اس لئے کہ آپ کبھی بھی کسی نبی کے امتی نہیں تھے لیکن آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-رسالت سے قبل مقام نبوت میں تھے مقام نبوت پر فائز ہونے کی وجہ سے وحی اور انکشافات صادقہ کے ذریعے جو حق بات شریعت ابراہیمی سے یا کسی اور نبی کی شریعت سے آپ کے سامنے ظاہر ہوتی اس پر عمل فرماتے، شرح عمدۃ النسفی میں امام قونوی نے یہی نقل فرمایا ہے اور اس میں یہ دلیل موجود ہے کہ آپ کی نبوت چالیس سال کے بعد میں منحصر نہیں جیسا کہ ایک جماعت کا قول ہے بلکہ اس میں اشارہ ہے کہ آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-یوم

شرح الفقہ الاکبر للعلامۃ علی القاری =/۱۸۰

مطبع دار البشائر الاسلامیۃ

Marfat.com

ولادت سے ہی وصف نبوت سے متصف ہیں بلکہ حدیث کُنْتُ نَبِیًّا وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ دلالت کرتی ہے آپ عالم ارواح سے ہی وصف نبوت کے ساتھ متصف چلے آرہے ہیں جبکہ اجساد موجود نہ تھے اور عالم ارواح سے نزول وحی تک وصف نبوت سے متصف چلے آنا یہ آپ کا ہی خاصہ ہے اس حدیث کا یہ معنی نہیں کہ آپ کو نبی بنایا جائے گا اور رسالت کی استعداد بھی آپ کی حقیقت مقدسہ میں ودیعت رکھی گئی ہے۔

Marfat.com

عارف باللہ سیدنا عبدالوھاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-تمام انبیاء کرام -علیہم الصلاۃ والسلام-اور اولیاء عظام-علیہم الرحمۃ والرضوان-کی امداد فرمانے والے ہیں اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-کے انوار رسالت بعثت مبارکہ سے پہلے بھی اور بعد میں بھی جاری وساری ہیں

اِنَّ مُسْتَمَدَ جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ مِنْ رُوْحِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذْ ھُوَ قُطْبُ الْاَقْطَابِ فَھُوَ مُمِدٌّ لِجَمِیْعِ النَّاسِ اَوَّلاً وَآخِراً فَھُوَ مُمِدُّ کُلِّ نَبِیٍّ وَوَلِیٍّ سَابِقٍ عَلٰی ظُھُوْرِہٖ حَالَ کَوْنِہٖ فِی الْغَیْبِ وَمُمِدٌّ اَیْضًا لِکُلِّ وَلِیٍّ لَاحِقٍ بِہٖ فَیُوْصِلُہٗ بِذَالِکَ الْاِمْدَادِ اِلٰی مَرْتَبَۃِ کَمَالِہٖ فِیْ حَالِ کَوْنِہٖ مَوْجُوْداً فِی عَالِمِ الشَّھَادَۃِ وَفِیْ حَالِ

Marfat.com

كَوْنِهٖ مُنْتَقِلاً اِلَى الْغَيْبِ الَّذِىْ هُوَ الْبَرْزَخُ وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ فَاِنَّ اَنْوَارَ رِسَالَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرُ مُنْقَطِعَةٌ عَنِ الْعَالَمِ مِنَ الْمُتَقَدِّمِيْنَ وَالْمُتَاَخِّرِيْنَ .

بے شک تمام انبیاء کرام اور رسولان عظام علیہم الصلاۃ والسلام کے مدد لینے کا مقام حضور سیدنا محمد مصطفیٰ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی روح مبارکہ ہے کیونکہ آپ ہی قطب الاقطاب ہیں۔ پس آپ ہی تمام اولین وآخرین انسانوں کی مدد فرمانے والے ہیں۔ پس آپ ہر نبی علیہم السلام اور ہر ولی علیہم الرحمۃ والرضوان جو آپ کے ظہور سے قبل جبکہ آپ عالم غیب میں تھے مدد واعانت فرمانے والے ہیں اور اسی طرح آپ ہر اس ولی کی مدد فرمانے والے ہیں جو آپ کے بعد آنے والا ہے پس یہی امداد اسے اس کے مرتبہ کمال تک پہنچاتی ہے جبکہ آپ عالم شہادۃ میں موجود اور آپ کے عالم غیب میں منتقل ہونے کی حالت میں بھی جو عالم برزخ اور دارِ آخرت ہے کیونکہ آپ کے انوار رسالت ونبوت جاری وساری ہے متقدمین ومتاخرین کے تمام عالم میں۔

-☆-

الیواقیت والجواہر للشعرانی ۳۳۹/=

Marfat.com

عارف باللہ سیدنا امام عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو تمام انبیاء کرام-علیہم الصلاۃ والسلام-سے پہلے نبوت عطا فرمادی گئی

فَاِنْ قُلْتَ : فَلِمَ قَالَ : كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ وَلَمْ يَقُلْ : كُنْتُ اِنْسَاناً اَوْ كُنْتُ مَوْجُوْداً .

اگر تم یہ کہو کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے كُنْتُ نَبِيًّا کیوں فرمایا: كُنْتُ اِنْسَاناً یا كُنْتُ مَوْجُوْداً کیوں نہیں فرمایا؟

فَالْجَوَابُ : اِنَّمَا خَصَّ النُّبُوَّةَ بِالذِّكْرِ دُوْنَ غَيْرِهَا اِشَارَةٌ اِلٰى اَنَّهُ اُعْطِيَ النُّبُوَّةَ قَبْلَ جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ فَاِنَّ النُّبُوَّةَ لَا تَكُوْنُ اِلَّا بِمَعْرِفَةِ الشَّرْعِ

الیواقیت والجواھر فی بیان عقائد الاکابر 338/2

Marfat.com

الْمُقَدَّرِ عَلَيْهِ مِنْ عِنْدِاللّٰهِ تَعَالٰى .

اس کا جواب ارشاد یہ ہے کہ:

حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے انسانا یا موجودا کی بجائے نبوۃ کا ذکر خاص فرمایا یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ آپ کو تمام انبیاء کرام علیہم السلام سے پہلے نبوت عطا فرما دی گئی کیونکہ نبوت شریعت کی معرفت کے بغیر نہیں ہوتی جو شریعت اللہ کے ہاں اس نبوت کیلئے مقدر ہو چکی ہے۔

Marfat.com

سیدنا عبدالوھاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-باطن میں اول النبیین اور ظاہر میں سب سے آخر النبیین ہیں جو آپ کی بعثت مبارکہ سے پہلے تشریف لانے والے انبیاء کرام علیہم السلام آپ کے نائب ہیں

فَاِنْ قُلْتَ : فَمَا الدَّلِيْلُ عَلٰى كَوْنِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ مُمِدُّ الْاَنْبِيَاءِ السَّابِقِيْنَ فِى الظُّهُوْرِ عَلَيْهِ مِنَ الْقُرْآنِ ؟

فَالْجَوَابُ : مِنَ الدَّلِيْلِ عَلٰى ذَالِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى : اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ . الانعام:۹۰ اَىْ اِنَّ هُدَاهُمْ هُوَ هُدَاكَ الَّذِىْ سَرَى اِلَيْهِمْ مِنْكَ فِى الْبَاطِنِ فَاِذَا اهْتَدَيْتَ فَبِهُدَاهُمْ فَاِنَّمَا ذَالِكَ اهْتَدَاءٌ بِهُدَاكَ اِذَا الْاَوَّلِيَّةُ لَكَ بَاطِناً وَالآخِرِيَّةُ لَك ظَاهِراً وَلَوْ اَنَّ الْمُرَادَ

Marfat.com

بِهُدَاهُمْ غَيْرُ مَا قَرَّرْنَاهُ لَقَالَ تَعَالَى لَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبِهِمُ اقْتَدِوَ تَقَدَّمَ حَدِيْثُ كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ ، فَكُلُّ نَبِيٍّ تَقَدَّمَ عَلٰى زَمَنِ ظَهُوْرِهٖ فَهُوَ نَائِبٌ عَنْهُ فِيْ بِعْثَتِهٖ بِتِلْكَ الشَّرِيْعَةَ وَيُؤَيِّدُ ذَالِكَ قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثٍ وَضَعَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَدَهٗ بَيْنَ ثَدَيَىَّ اَيْ كَمَا يَلِيْقِ بِجَلَالِهٖ فَعَلِمْتُ عِلْمَ الْأَوَّلِيْنَ وَالآخِرِيْنَ ، اِذِ الْمُرَادُ بِالْأَوَّلِيْنَ وَهُمُ الْاَنْبِيَاءُ الَّذِيْنَ تَقَدَّمُوْهُ فِى الظُّهُوْرِ عِنْدَ غَيْبَةِ جِسْمِهِ الشَّرِيْفِ وَاِيْضَاحُ ذَالِكَ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُعْطِيَ الْعِلْمَ مَرَّتَيْنِ مَرَّةً قَبْلَ خَلْقِ آدَمَ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ، وَمَرَّةً بَعْدَ ظُهُوْرِ رِسَالَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

اگر تم یہ کہو کہ اس بات پر قرآن کریم سے کیا دلیل ہے کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اپنے ظہور سے قبل حضرات انبیاء کرام کی مدد واعانت فرمانے والے تھے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ اس پر دلیل اللہ جل شانہ کا یہ ارشاد ہے:

اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ . حضرات انبیاء کرام وہ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی پس آپ ان کو ملنے والی ہدایت کی پیروی کیجئے یعنی ان کی ہدایت آپ ہی کی ہدایت ہے جو درحقیقت آپ ہی سے ان کے طرف باطن میں گئی ہے۔ پس جب آپ ان کی ھدایت کی پیروی کریں گے تو دراصل یہ آپ کا اپنی ہی ھدایت پر

الیواقیت والجواھر فی بیان عقائد الاکابر ۳۳۹/۲

Marfat.com

چلنا ہے کیونکہ باطناً آپ کو اولیت حاصل ہے اور ظاھراً آپ کو آخریت حاصل ہے جو ہم نے وضاحت کی ہے۔ اگر اس کے علاوہ مراد ہوتی تو اللہ تعالیٰ آپ سے ارشاد فرماتا:

فَبِهِم اقْتَدِه -ان کی پیروی کیجئے-اور پہلے حدیث کنت نبیا الخ گزر چکی ہے پس جو ہر نبی علیہ السلام جو آپ کے زمانہ ظہور سے پہلے ہوا ہے وہ آپ ہی کا نائب ہے اور آپ کی اس شریعت مطہرہ کے ساتھ بعثت پر حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی یہ حدیث پاک تائید کرتی ہے:

وَضَعَ اللّٰهُ تَعَالٰی يَدَه بَيْنَ ثَدَيَیَّ اَيْ كَمَا يَلِيْقِ بِجَلَالِهٖ فَعَلِمْتُ عِلْمَ الْأَوَّلِيْنَ وَالآخِرِيْنَ اللہ تعالیٰ نے اپنا دست مبارک جیسے اس کی شان کے لائق ہے میرے دونوں کندھوں کے درمیان رکھا تو مجھے اولین وآخرین کا علم حاصل ہوگیا۔ اولین سے مراد حضرات انبیاء کرام علیہم السلام ہیں جو آپ سے پہلے تشریف لا چکے جبکہ آپ کا جسم شریف غیب تھا اور اس کی وضاحت حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے اس ارشاد مبارک سے بھی ہوتی ہے کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو دو مرتبہ علم عطا فرمایا گیا۔ ایک مرتبہ تخلیق آدم علیہ السلام سے پہلے اور دوسری مرتبہ آپ کی رسالت کے ظہور کے بعد-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-۔

Marfat.com

عارف ربانی سیدنا عبدالوھاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

سیدنا آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے لیکر سیدنا عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام تک تمام انبیاء کرام اور رسولان عظام علیہم الصلاۃ والسلام حضور سید العالمین -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نائب ہیں

اِنَّمَا كَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ لِاَنَّ جَمِيْعَ الْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ نُوَّابٌ لَهُ مِنْ لَدُنْ آدَمَ اِلٰى آخِرِ الرُّسُلِ وَهُوَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ .

حضور سیدنا نبی کریم- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- تمام اولاد آدم کے سردار ہیں کیونکہ تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام، سیدنا آدم علیہ السلام سے لیکر -حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی دنیا میں تشریف آوری سے پہلے -آخری رسول سیدنا عیسیٰ علیہ السلام تک سب آپ ہی کے نائب وخلیفہ ہیں۔

الیواقیت والجواھر فی بیان عقائد الاکابر ۳۴۲/۲

Marfat.com

سیدنا عبدالوھاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کے انوار رسالت جاری وساری ہیں متقدین اور متاخرین سب کیلئے

فَاِنَّ اَنْوَارَ رِسَالَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرُ مُنْقَطِعَةٍ عَنِ الْعَالِمِ مِنَ الْمُتَقَدِّمِيْنَ وَالْمُتَأَخِّرِيْنَ .

حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے انوار وتجلیات رسالت سارے جہاں میں جاری وساری ہیں اور متقدمین-حضرات انبیاء کرام علیہم السلام-اور متاخرین -حضرات اولیاء کرام علیہم الرحمۃ والرضوان- برابر مستفید ہو رہے ہیں۔

الیواقیت والجواھر للعارف الشعرانی ۲/۳۳۹

Marfat.com

عارف باللہ سیدنا عبدالوھاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ہر نبی اور ہر ولی کیلئے اپنے ظہور قدسی سے پہلے عالم الغیب میں مدد واعانت فرمانے والے ہیں

فَهُوَ مُمِدٌّ لِجَمِيْعِ النَّاسِ اَوَّلاً وَآخِراً فَهُوَ مُمِدٌّ لِكُلِّ نَبِيٍّ وَوَلِيٍّ سَابِقٍ عَلٰى ظُهُوْرِهٖ حَالَ كَوْنِهٖ فِى الْغَيْبِ .

پس حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اولین وآخرین سب لوگوں کی مدد واعانت فرمانے والے ہیں پس آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ہر اس نبی علیہ السلام اور ولی علیہ الرحمۃ والرضوان کیلئے جو آپ کے عالم الغیب میں ہونے کی حالت میں آپ کے ظہور قدسی سے پہلے آنے والے ہیں کی مدد واعانت فرمانے والے ہیں۔

الیواقیت والجواھر للعارف الشعرانی ۲/۳۳۹

Marfat.com

سیدنا سلیمان جمل رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-
عالم ارواح ونور میں بالفعل منصب رسالت پر فائز تھے

اِنَّهُ نَبِیٌّ فِی عَالِمِ الْاَرْوَاحِ وَالنُّوْرِ وَاُرْسِلَ اِلَیْهَا بِالْفِعْلِ وَدَعَاهَا وَدَلَّهَا ثُمَّ نُبِّیَ وَاُرْسِلَ ثَانِیاً فِی عَالِمِ الْاَجْسَادِ بَعْدَ بُلُوْغِهٖ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً مِنْ عُمْرِهٖ فَامْتَازَ عَنِ الْاَنْبِیَاءِ وَالرُّسُلِ بِاَنَّهُ نَبِیٌّ مَرَّتَیْنِ وَاُرْسِلَ مَرَّتَیْنِ الْاُوْلٰی فِی عَالِمِ الْاَرْوَاحِ لِلْاَرْوَاحِ وَثَانِیَةً فِیْ عَالِمِ الْاَجْسَادِ لِلْاَجْسَادِ فَقَدْ دَعَا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَدَلَّلَ عَلَی اللّٰهِ تَعَالٰی فِیْ کُلٍّ مِنَ الْحَالَتَیْنِ کَمَا تَقَدَّمَ وَالْاِشَارَةُ اِلٰی ذَالِكَ بِقَوْلِهٖ تَعَالٰی : وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا کَافَّةً لِّلنَّاسِ وَالْاَنْبِیَاءُ وَالرُّسُلُ وَجَمِیْعُ اُمُمِهِمْ وَجَمِیْعُ

Marfat.com

الْمُتَقَدِّمِيْنَ وَالْمُتَأَخِّرِيْنَ دَاخِلُوْنَ فِی كَآفَّةِ النَّاسِ وَكَانَ هُوَ دَاعِيًا بِالْاِصَالَةِ وَجَمِيْعُ الْاَنْبِيَاءِ وَالرُّسُلِ يَدْعُوْنَ الْخَلْقَ اِلَى الْحَقِّ عَنْ تَبْعِيَّتِهٖ وَكَانُوْا خُلَفَاءَ هُ وَنُوَّابَهُ فِیْ الدَّعْوَةِ ۔

بے شک حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-عالم ارواح ونور میں نبی تھے اور آپ کو اس عالم کی طرف بالفعل رسول بنایا گیا اور آپ نے اس عالم کے مکینوں کو اللہ کی طرف بلایا بھی اور ان کی اس جانب راہ نمائی بھی فرمائی پھر آپ کو عالم اجسام میں اپنی عمر مبارک کے چالیس سال بعد دوسری مرتبہ نبوت ورسالت سے سرفراز فرمایا گیا پس آپ تمام انبیاء ورسل سے مُمتاز ہو گئے اس وجہ سے کہ آپ دو مرتبہ نبی ہوئے اور دو مرتبہ رسالت سے سرفراز فرمایا گیا ۔ پہلی مرتبہ عالم ارواح میں روحوں کیلئے اور دوسری مرتبہ عالم اجسام میں جسموں کیلئے پسحضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے دعوت دی اور اللہ تعالیٰ کی طرف راہنمائی فرمائی ان دونوں حالتوں میں اور اسی جانب اشارہ ہے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد مبارک کا:

وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِلنَّاسِ ہم نے آپ کو تمام لوگوں کیلئے رسول بنایا ہے پس تمام انبیاء کرام اور رسولان عظام اور ان کی امتیں اور تمام متقدمین ومتاخرین کافۃ الناس میں داخل ہیں اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ہی درحقیقت داعی الی اللہ ہیں باقی تمام انبیاء کرام اور رسولان عظام علیہم الصلاۃ السلام آپ کی نیابت میں مخلوق کو حق کی طرف بلاتے رہے پس وہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے خلفاء اور نائب ہیں دعوت الی اللہ میں۔

جواھر البحار جلد۲

Marfat.com

شیخ اکبر سیدنا محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ شیخ المحدثین سیدنا جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور عارف صادق سیدنا عبدالوھاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-اس وقت بھی نبی الانبیاء تھے جب انبیاء کرام علیہم السلام سے اللہ تعالیٰ نے میثاق لیا اور ہر نبی آپ کے ظہور کے زمانہ سے پہلے آنے والے وہ آپ ہی کے نائب ہیں

وَقَالَ الشَّيْخُ فِى الْبَابِ السَّابِعِ وَالثَّلَاثِيْنَ وَثَلَاثُمِائَةَ فِى حَدِيْثٍ : لَوْ كَانَ مُوْسٰى حَيًّا مَا وَسِعَهُ اِلَّا اَنْ يَتَّبَعَنِىْ اِعْلَمْ اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِىُّ الْاَنْبِيَاءِ لِلْعَهْدِ الَّذِىْ اُخِذَ عَلَى الْاَنْبِيَاءِ بِسِيَادَتِهٖ عَلَيْهِمْ وَنَبُوَّتِهٖ فِىْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى : وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَا اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتَابٍ وَّحِكْمَةٍ . الاية فَعَمَّتْ رِسَالَتُهُ وَشَرِيْعَتُهُ كُلَّ النَّاسِ فَلَمْ

Marfat.com

يَخُصَّ نَبِيٌّ بِشَيْءٍ اِلَّا اَنْ كَانَ ذَالِكَ الشَّيْءُ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاِصَالَةِ انتهى فَكُلُّ نَبِيٍّ تَقَدَّمَ عَلٰى زَمِنِ ظَهُوْرِهٖ فَهُوَ نَائِبٌ لَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بِعْثَتِهٖ بِتِلْكَ الشَّرِيْعَةِ .

ذكره الشيخ تقى الدين السبكى نقله عنه الجلال الدين السيوطى فى اول الخصائص

شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب الفتوحات المکیہ کے باب تین سو سینتیس-۳۳۷-حدیث پاک لَوْ كَانَ مُوْسٰى حَيّاً مَا وَسِعَهُ اِلَّا اَنْ يَتَّبِعَنِيْ -اگر سیدنا موسیٰ علیہ السلام اپنی اس دنیاوی زندگی کے ساتھ بقید حیات ہوتے تو انہیں بھی میری اتباع و پیروی کے بغیر کوئی چارہ نہ ہوتا-کے تحت فرماتے ہیں:

جان لیجئے کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نبی الانبیاء ہیں اس عہد و پیمان کی وجہ سے جو حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام سے ان پر آپ کی سیادت ونبوت کا لیا گیا اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی میں:

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَا اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتَابٍ وَّحِكْمَةٍ . آل عمران

تو حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی رسالت وشریعت ہر انسان کو شامل ہوئی پس جس بھی نبی علیہ السلام کو کوئی چیز-معجزہ وآیت-عطا کی گئی تو درحقیقت وہ حضور سیدنا محمد رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی ہی ہے۔پس تمام انبیاء کرام آپ کے ظہور قدسی سے پہلے تشریف لانے والے وہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے ہی نائب وخلیفہ ہیں اس شریعت میں جسے وہ لے کر مبعوث ہوئے۔

الیواقیت والجواہر

Marfat.com

شیخ اکبر سیدنا محی الدین ابن عربی-رحمۃ اللہ علیہ-اور
عارف صادق سیدنا عبدالوھاب شعرانی-رحمۃ اللہ علیہ-کا عقیدہ
تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر
سیدنا عیسیٰ علیہ السلام تک حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ
علیہ والہ وسلم-کے نائب وخلیفہ ہیں حضرات انبیاء کرام کی شریعتیں
درحقیقت آپ ہی کی شریعت ہے

وَقَالَ فِی الْبَابِ الْعَاشِرِ مِنَ الْفَتُوْحَاتِ فِیْ قَوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ آدَمَ وَلَا فَخْرَ ، اِنَّمَا کَانَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَیِّدُ وُلْدِ آدَمَ لِاَنَّ جَمِیْعَ الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْهِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ نُوَّابٌ لَهٗ

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ لَدُنْ آدَمَ اِلٰى آخِرِ الرُّسُلِ وَهُوَ عِيْسٰى عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ كَمَا اَبَانَ عَنْ ذَالِكَ الْحَدِيْثِ:

لَوْ كَانَ مُوْسٰى حَيّاً مَا وَسِعَهٗ اِلَّا اتِّبَاعِىْ ،وَصَدَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى ذَالِكَ فَاِنَّهٗ لَوْ كَانَ مَوْجُوْدًا بِجِسْمِهٖ مِنْ لَدُنْ آدَمَ اِلٰى زَمَانِ وَجُوْدِهٖ لَكَانَ جَمِيْعُ بَنِىْ آدَمَ تَحْتَ شَرِيْعَتِهٖ حِسًّا وَهٰذَا لَمْ يُبْعَثْ نَبِىٌّ اِلَى النَّاسِ عَامَّةً اِلَّا هُوَ خَاصَّةً ، فَجَمِيْعُ شَرَائِعِ الْاَنْبِيَاءِ هِىَ بِالْحَقِيْقَةِ شَرْعُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ نے فتوحات مکیہ کے باب ۱۰ میں حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے ارشاد مبارک اَنَا سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ وَلَا فَخْرَ کے تحت فرمایا:

حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- تمام اولاد آدم کے سردار و پیشوا ہیں کیونکہ سیدنا آدم علیہ السلام سے لیکر سیدنا عیسیٰ علیہ السلام تک تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام آپ کے نائب وخلیفہ ہیں جیسے حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے اس حدیث میں خود وضاحت فرمادی:

لَوْ كَانَ مُوْسٰى حَيّاً مَا وَسِعَهٗ اِلَّا اتِّبَاعِىْ .

اگر موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام اس دنیاوی زندگی میں زندہ ہوتے تو انہیں میری اتباع وپیروی کے بغیر کوئی چارہ نہ ہوتا اور حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے اس بابت بالکل حق وسچ فرمایا کیونکہ اگر آپ اپنے وجود مسعود کے ساتھ آدم علیہ السلام سے

Marfat.com

لیکر اپنے وجود کے زمانہ تک موجود ہوتے تو تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام حِسّاً آپ کی شریعت کے تحت ہوتے ۔اس سے معلوم ہوا کہ کوئی بھی نبی علیہ السلام تمام لوگوں کیلئے مبعوث نہیں ہوا بلکہ مخصوص لوگوں کیلئے مبعوث ہوا۔پس درحقیقت تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی شریعتیں حقیقت میں حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی ہی شریعت ہیں۔

-☆-

Marfat.com

عارف باللہ سیدنا عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم جسم عنصری سے پہلے بھی نبی تھے

اَیْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَبِیًّا وَجَرَتْ عَلَیْہِ اَحْکَامُ النُّبُوَّۃِ مِنْ ذَالِکَ الْحِیْنِ بِخَلَافِ الْاَنْبِیَاءِ السَّابِقِیْنَ ، فَاِنَّ الْاَحْکَامَ جَرَتْ عَلَیْھِمْ بَعْدَ الْبِعْثَۃِ کَمَا قَالَ مَولَانَا الْجَامِیُّ اِنَّہُ عَلَیْہِ السَّلَامُ کَانَ نَبِیاً قَبْلَ النَّشْأَۃِ الْعُنْصَرِیَّۃِ.

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- اس وقت-جبکہ سیدنا آدم علیہ السلام کی تخلیق نہ ہوئی تھی- نبی تھے اور اس وقت ہی آپ پر نبوت کے احکام جاری ہوئے بخلاف انبیاء سابقین علیہم الصلاۃ والسلام کے کہ ان پر ان کی بعثت کے بعد نبوت کے احکام جاری ہوئے جیسے عارف باللہ سیدنا مولانا جامی قدس سرہ نے فرمایا کہ:

حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-جسم عنصری سے پہلے ہی نبی تھے۔

العرف الشذی ابواب المناقب ۵/۵۲۴

Marfat.com

سند المحققین سیدنا ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-رسالت سے پہلے مقام نبوت پر فائز تھے اور آپ کسی نبی کے امتی نہیں تھے بلکہ وحی خفی کے سچے کشوف کے ذریعے آپ عمل کرتے تھے خواہ وہ شریعت ابراہیمی کے موافق ہو جائے یا کسی اور شریعت کے

لِاَنَّهُ لَمْ يَكُنْ اُمَّةُ نَبِيٍّ قَطُّ لٰكِنَّهُ كَانَ فِي مَقَامِ النُّبُوَّةِ قَبْلَ الرِّسَالَةِ وَكَانَ يَعْمَلُ بِمَا هُوَ الْحَقُّ الَّذِيْ ظَهَرَ عَلَيْهِ فِي مَقَامِ نَبُوَّتِهٖ بِالْوَحْيِ الْخَفِيِّ وَالْكُشُوْفِ الصَّادِقَةِ مِنْ شَرِيْعَةِ اِبْرَاهِيْمَ وَغَيْرِهَا .

حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اعلان نبوت سے پہلے-کبھی بھی کسی

شرح فقہ اکبر: مطبع سعیدی کراچی

Marfat.com

نبی کے امتی نہیں ہوئے بلکہ آپ رسالت سے پہلے مقام نبوت پر فائز تھے اور آپ پر آپ کے احکام نبوت میں جو حق ظاہر ہوتا وحی خفی کے ذریعے یا مکاشفات صادقہ کے ذریعے وہ شریعت ابراہیمی کے مطابق ہوتا یا کسی اور کی شریعت کے مطابق اس پر عمل کرتے۔

Marfat.com

سند المحققین سیدنا ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-ولادت کے دن سے ہی وصفِ نبوت سے متصف تھے بلکہ آپ اجسام سے پہلے عالم ارواح میں بھی وصفِ نبوت سے متصف تھے

وَفِيْهِ دَلَالَةٌ اَنَّ نَبُوَّتَهُ لَمْ تَكُنْ مُنْحَصِرَةٌ فِيْمَا بَعْدَ الْاَرْبَعِيْنَ كَمَا قَالَ جَمَاعَةٌ بَلْ اِشَارَةٌ اِلٰى اَنَّهُ مِنْ يَوْمِ وِلَادَتِهٖ مُتَّصِفٌ بِنَعْتِ نَبُوَّتِهٖ بَلْ يَدُلُّ حَدِيْثُ كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ عَلٰى اَنَّهُ مُتَّصِفٌ بِوَصْفِ النُّبُوَّةِ فِيْ عَالَمِ الْاَرْوَاحِ قَبْلَ خَلْقِ الْاَشْبَاحِ .

اور اس میں یہ دلیل موجود ہے کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی

شرح فقہ اکبر: مطبع سعیدی کراچی

Marfat.com

نبوت مبارکہ چالیس سال کے بعد میں منحصر نہیں جیسے ایک جماعت نے کہا بلکہ اشارہ ہے کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-اپنے یوم ولادت سے ہی وصف نبوت سے متصف تھے بلکہ حدیث پاک:

كُنْتُ نَبِيّاً وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ دلالت کرتی ہے کہ آپ اجسام کی تخلیق سے پہلے عالم ارواح میں وصف نبوت سے متصف تھے۔

-☆-

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-
اعلان نبوت سے پہلے اھل جاھلیت کا کوئی کام کرنا چاہتے
تو اللہ تعالیٰ حائل ہو جاتا

رُوِیَ عَنْ عَلِیٍّ ـ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ ـ عَنِ النَّبِیِّ ـ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ـ اَنَّہُ قَالَ :

مَا ھَمَمْتُ بِشَیْءٍ مِمَّا کَانَ اَھْلُ الْجَاھِلِیَّۃِ یَعْمَلُوْنَ بِہٖ غَیْرَ مَرَّتَیْنِ کُلَّ ذَالِکَ یَحُوْلُ اللّٰہُ بَیْنِیْ وَبَیْنَ مَا اُرِیْدُ مِنْ ذَالِکَ ثُمَّ مَا ھَمَمْتُ بَعْدَھُمَا بِسُوْءٍ حَتّٰی اَکْرَمَنِیَ اللّٰہُ بِرِسَالَتِہٖ .

سیدنا علی-رضی اللہ عنہ-حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-

تفسیر الرازی مفاتیح الغیب او التفسیر الکبیر جلد ۳۱ صفحہ ۱۹۹

Marfat.com

سے روایت کرتے ہیں کہ:

میں نے کبھی بھی ان کاموں میں سے کسی ایک کام کا ارادہ نہیں کیا تھا جو اھل جاہلیت کرتے تھے سوائے دو دفعہ کے اور ہر دفعہ اللہ تعالیٰ میرے اور ان افعال کے درمیان حائل ہو گیا جن کا میں ارادہ رکھتا تھا اس کے بعد میں نے کبھی کسی غیر مناسب امر کا ارادہ نہیں کیا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنی رسالت سے نوازا۔

-☆-

Marfat.com

علامہ شھاب الدین خفاجی مصری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

عالم ارواح میں اللہ تعالیٰ نے حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی روح مبارکہ کو سب سے پہلے پیدا فرمایا اور اس روح مبارکہ کو نبوت کی خلعت شریفہ سے سرفراز کیا گیا اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کیلئے عالم ارواح میں ہی وصف نبوت ثابت ہو گیا تھا

وَلَيْسَ الْمَعْنٰى اَنَّهُ كَانَ نَبِيًّا فِىْ عِلْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى كَمَا قِيْلَ لِاَنَّهُ لَا يَخْتَصُّ بِهٖ بَلْ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ رُوْحَهُ قَبْلَ سَائِرِ الْاَرْوَاحِ وَخَلَعَ عَلَيْهَا خِلْعَةَ التَّشْرِيْفِ بِالنُّبُوَّةِ اَىْ : ثَبَتَ لَهَا ذَالِكَ الْوَصْفُ دُوْنَ غَيْرِهَا فِىْ عَالَمِ الْاَرْوَاحِ اِعْلَاماً لِلْمَلَاءِ الْاَعْلٰى بِهٖ وَاِذَا كَانَتِ النُّبُوَّةُ صِفَةَ رُوْحِهٖ عُلِمَ اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ مَوْتِهٖ نَبِىٌّ رَسُوْلٌ .

Marfat.com

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ کا یہ معنی نہیں کہ آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-علم الٰہی میں نبی تھے جیسا کہ کہا گیا ہے کیونکہ اس معنی کے اعتبار سے آپ کی کوئی خصوصیت نہیں رہتی بلکہ حدیث کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی روح اقدس کو تمام ارواح سے پہلے پیدا فرمایا اور نبوت دے کو خلعتِ شرف وتکریم سے نوازا یعنی عالم ارواح میں یہ وصف نبوت آپ کی روح کے علاوہ کسی کو عطا ہوا اور نہ ثابت ہے۔ملاء الاعلیٰ -فرشتوں -کو بتانے کیلئے آپ کو یہ وصف نبوت دیا گیا جب نبوت آپ کی روح اقدس کی صفت ہے تو اس سے معلوم ہوا کہ حضور سیدنا رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-بعد از وفات بھی نبی ہیں آپ جس طرح عالم ارواح میں نبی تھے۔

نسیم الریاض فی شرح الشفا جلد۳ صفحہ۹

Marfat.com

علامہ شھاب الدین خفاجی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ مبارکہ حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نبی مطلق ہیں اور باقی تمام انبیاء آپ کے خلفاء اور نائب ہیں آپ ابوالانبیاء بھی ہیں اور آپ آخرالانبیاء بھی ہیں

علامہ شھاب الدین الخفاجی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

فَاِنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّبِيُّ الْمُطْلَقُ ، وَسَائِرُ الْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ خُلَفَائُهُ وَالشَّرَائِعُ شَرِيْعَتُهُ ظَهَرَتْ عَلٰى لِسَانِ كُلِّ نَبِيٍّ بِقُوَّةِ اسْتِعْدَادِ اَهْلِ زَمَانِهٖ ، فَهُوَ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ اَبُوالْاَنْبِيَاءِ وَآخِرُهُمْ .

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد۳ صفحہ۴۱۴

Marfat.com

بے شک حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-النبی المطلق ہیں یعنی آپ کی نبوت کسی دور اور کسی زمانے اور کسی مدت کیلئے مختص، محصور، محدود اور مقصور نہیں ہے۔آپ کی نبوت تمام ادوار، تمام زمانیات اور مکانیات میں موجود جاری اور ساری رہی ہے، دیگر تمام انبیاء آپ کے خلفاء اور نائبین ہیں اور تمام شرائع آپ کی ہی شریعت ہے جس کا ظہور اہل زمان کی استعداد اور قابلیت کے مطابق ہر نبی کی زبان سے ہوا پس حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ابوالانبیاء، سب نبیوں کے باپ، ان کے وجود عنصری سے پہلے نوت سے سرفراز تھے اور آپ آخر الانبیاء بھی ہیں۔

Marfat.com

عارف کامل سیدنا عبدالغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے حضور سیدنا نبی کریم - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - کے نور کو پیدا فرمایا پھر اس نور محمدی - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - سے تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے انوار پیدا فرمائے

اِنَّ النُّوْرَ نُوْرَ ان النُّوْرُ الْحَقُّ وَهُوَ الْغَيْبُ الْمُطْلَقُ وَهُوَ النُّوْرُ الْقَدِيْمُ الْمُنَزَّهُ عَنِ الْكَيْفِيَّةِ وَهُوَ الْمُشَارُ اِلَيْهِ بِقَوْلِهٖ تَعَالٰى مَثَلُ نُوْرِهٖ اَیْ نُوْرِ مُحَمَّدِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمِشْكَاةٍ . الآيَةَ ، لِاَنَّهُ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ نُوْرِهٖ ثُمَّ خَلَقَ مِنْهُ كُلَّ شَيْءٍ كَمَا تَقَدَّمَ اِلٰى اَنْ قَالَ فَهُوَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ شَيْءٍ مِنْ حَيْثُ الْحَقِيْقَةِ وَغَيْرُهُ مِنْ حَيْثُ الصُّوْرَةِ كَمَا اَنَّهُ نُوْرُ الْحَقِّ مِنْ حَيْثُ الْحَقِيْقَةِ وَغَيْرُهُ مِنْ حَيْثُ

Marfat.com

الصُّوْرَةِ اِذِالْعَالَمُ بِجَمِيْعِ اَجْزَائِهٖ مَوْجُوْدٌ مِنَ الْعَدْمِ لِتَجَلِّى اللّٰهُ تَعَالٰى لَهُ وَيَتَجَدَّدُ لَهُ الْوَجُوْدُ كُلَّ لَمْحَةٍ بِالتَّجَلِّى وَهُوَ نُوْرُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى وَهَبَ هٰذَا النُّوْرَ الْاَعْظَمَ لَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَارْسَلَهُ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ فَلَا يُوْجَدُ اِلَّا بِوَاسِطَةِ نُوْرِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَبَضَ مِنْ هٰذَا النُّوْرِ الْاَعْظَمِ الَّذِىْ هُوَ تَجَلِّى اللّٰهِ تَعَالٰى فِى الْعَالَمِ اَنْوَارَ جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ عَلَيْهِمُ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ وَجَمِيْعَ الْمَلَائِكَة وَالْأَوْلِيَاء وَالْمُؤْمِنِيْنَ .

بے شک دونور ہیں ایک نور حق - اللہ تعالیٰ کا نور - یہ غیب مطلق ہے یہ نور قدیم ہے جو کیفیت سے پاک ہے اس کی طرف اللہ تعالیٰ نے اپنے فرمان سے اشارہ فرمایا:

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اللہ زمینوں اور آسمانوں کا نور ہے اور دوسرا نور ہمارے نبی کریم - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم - کا نور ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے فرمان کے ذریعے اس کی طرف اشارہ فرمایا ہے مثل نورہ، حضور سدنا محمد مصطفیٰ - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم - کے نور کی مثال مشکاۃ جیسی ہے کیونکہ یہی وہ نور ہے جس کو اللہ نے سب سے پہلے اپنے نور سے پیدفرمایا، پھر اس نور سے ہر شی پیدا فرمائی، جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے۔ پس رسول اللہ - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم - اپنی حقیقت کے اعتبار سے کائنات کا عین ہیں اور صورت مبارکہ کے لحاظ سے غیر ہیں اس لئے کہ جہاں اپنے تمام اجزاء کے ساتھ عدم سے وجود میں اس وقت آیا جب اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ - فداہ ابی

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد ۳ صفحہ ۴۱۱

Marfat.com

وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے وجود کیلئے تجلی فرمائی اور اس تجلی کی بدولت وجود کائنات ہر لمحہ تبدیل ہونے لگا، وہ تجلی نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے یہ نور اعظم -تجلی- رسول اللہ- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کہ ہبہ فرمایا اور اسی نور اعظم- تجلی- کو عالمین کیلئے رحمت بنا کر بھیجا۔ پس ہر شی آپ- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نور سے معرض وجود میں آئی ہے، پھر اس نور اعظم جو جہاں میں اللہ کی تجلی تھی تمام انبیاء اور رسولوں، تمام ملائکہ- فرشتے -، تمام اولیاء اور تمام مؤمنین کے انوار اس سے قبض فرمائے -صلوات اللہ علیہم-۔

Marfat.com

سیدنا احمد بن محمد بن سلاوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ نے حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے نور مبارک کو پیدا فرمایا پھر اس سے انبیاء کرام علیہم السلام کے انوار کو پیدا فرمایا اور اس نور محمدی کی کمالات اور نبوت کے فیضان سے تکمیل فرمائی پھر حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو حکم دیا کہ آپ انبیاء کرام کے انوار کو دیکھیں تو آپ کا نور ان پر چھا گیا جس سے اللہ تعالیٰ نے انہیں قوت گویائی دی اور ان سے فرمایا: یہ محمد بن عبداللہ کا نور ہے اگر تم اس پر ایمان لاؤ گے تو تمہیں نبی بنا دیا جائے گا پس سب انبیاء کرام آپ پر ایمان لے آئے

رُوِیَ اَنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی لَمَّا خَلَقَ نُوْرَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَخْرَجَ مِنْہُ اَنْوَارَ الْاَنْبِیَاءِ وَکَمَّلَہُ بِاِفَاضَۃِ الْکَمَالَاتِ وَالنُّبُوَّۃِ

Marfat.com

فَاَمَرَهُ اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى اَنْوَارِ الْاَنْبِيَاءِ الَّذِيْنَ اَخْرَجُوْا مِنْ نُوْرِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِنْ نُوْرِهٖ مَا اَنْطَقَهُمُ اللّٰهُ بِهٖ وَقَالُوْا يَا رَبَّنَا مَنْ هٰذَا الَّذِىْ غَشِيَنَا نُوْرُهُ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى : هٰذَا نُوْرُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اِنْ اٰمَنْتُمْ بِهٖ جَعَلْتُكُمْ نَبِيًّا قَالُوْا اٰمَنَّا بِهٖ وَبِنُبُوَّتِهٖ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَهُمْ : اَشْهَدُ عَلَيْكُمْ قَالُوا : نَعَمْ فَذَالِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ ، الآية .

روایت کیا گیا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی محمد-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا نور پیدا فرمایا اور اس نور سے انبیاء کرام کے نور کو تخریج فرمایا اور اسی نور کی نبوت اور کمالات کے فیضان سے تکمیل فرمائی تو اللہ نے نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کے نور کو حکم دیا کہ وہ انبیاء کے انوار کو ملاحظہ کرے جو اس کے نور سے نکالے گئے ہیں۔نور محمدی انبیاء کے انوار پر چھا گیا اللہ تعالیٰ نے انبیاء کے انوار کو قوت گویائی عطا فرمائی تو انہوں نے کہا کہ اے ہمارے رب! یہ ذات کون ہے جس کا نور ہم پر چھا گیا ہے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

یہ محمد بن عبداللہ کا نور ہے اگر تم اس پر ایمان لائے تو میں تمہیں نبی بناؤں گا اس پر وہ بول اٹھے ہم اس کی ذات اور اس کی نبوت پر ایمان لائے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

میں اس پر تمہارا گواہ ہوں انہوں نے کہا: ہاں یہی وہ میثاق ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ آیہ کریمہ میں فرمایا ہے۔

جواھر البحار فی فضائل النبی المختار جلد۴ صفحہ۲۴۳

Marfat.com

شیخ المحققین سیدنا عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نبوت اور آپ کے کمالات عالم ارواح میں ظاہر تھے اور ارواح انبیاء کرام-علیہم السلام-آپ سے استفادہ کرتی تھیں اور حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے خود فرمایا: میں اس وقت بھی خارج میں نبی تھا جبکہ دیگر انبیاء کرام-علیہم السلام-صرف علم الٰہی میں نبی تھے خارج میں نہ تھے

شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

جوابش آنکہ میگویند کہ نبوت آنحضرت وکمالات وے صلی اللہ علیہ وسلم در عالم ارواح ظاہر کردہ بودند، وارواح انبیاء ازاں استفادہ کردند چنانکہ فرمود کنت نبیا الحدیث ونبوت انبیاء دیگر در علم الٰہی بودند نہ در خارج۔

Marfat.com

شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ کی یہ عبارت ایک سوال کا جواب ہے اس کے جواب میں اکابرین ملت فرماتے ہیں کہ آنحضرت-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نبوت اور دیگر کمالات عالم ارواح میں ظاہر کر دیئے گئے تھے اور انبیاء کرام کی روحیں آپ کی روح اقدس سے استفادہ کرتی تھیں جیسا کہ آپ کا ارشاد گرامی ہے: کنت نبیا وآدم بین الروح والجسد اور دوسرے انبیاء کرام کی نبوت علم الٰہی میں تھی خارج اور ظاہر میں نہ تھی۔

مدارج النبوت: جلد ا صفحہ ۴۷

Marfat.com

سیدنا تاج الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضور سید العالمین-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی
بعثت مبارکہ اولین وآخرین تمام انسانوں کیلئے ہے

آپ کے فرمان: بُعِثْتُ اِلَی الْخَلْقِ کَافَّۃً

کے بارے میں ہمارا یہ گمان تھا کہ اس سے مراد آپ کے زمانہ اقدس سے لے کر قیامت تک کی بعثت ہے لیکن بعد میں پتہ چلا:

فَبَانَ اَنَّہُ لِجَمِیْعِ النَّاسِ اَوَّلِھِمْ وَآخِرِھِمْ ، کہ یہ بعثت اولین، آخرین تمام انسانیت کو شامل ہے۔

Marfat.com

شیخ المحققین سیدنا عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-تمام موجودات قدیمہ وجدیدہ کی اصل وحقیقت ہیں آپ کو اللہ تعالیٰ نے نور سے پیدا فرمایا ہے اور آپ اللہ تعالیٰ کے اسماء وصفات کا مظہر ہیں

وے صلی اللہ علیہ وسلم برزخ کلی است قائم درحقائق وجود قدیم وحدیث پس اور است حقیقت ہر یک از جہتیں ذاتا وصفاتا زیرا کہ مخلوق است از نور ذات ، جامع اسماء وصفات، آثار وافعال

آپ برزخ بھی ہیں جو موجودات کے وجود میں قائم ، موجودات قدیم ہوں یا جدید، ہر چیز کی حقیقت آپ ہی ہیں، ذات کا معاملہ ہو یا صفات کا آپ اللہ تعالیٰ کے نور ذات سے پیدا ہوئے ہیں۔آپ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنی اور اوصاف جلیلہ کے حقیقتاً اور حکما جامع ہیں۔

مدارج النبوت جلد دوم صفحہ ۶۲۲

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا ارشاد گرامی
میں اس وقت بھی نبی تھا جب حضرت آدم علیہ السلام روح اور جسم کے
درمیان تھے

عَنْ مَيْسَرَةَ الْفَجْرِ قَالَ :قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَتَى كُنْتُ نَبِيًّا؟قَالَ:
وَآدَمَ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .
حضرت میسرہ فجر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:
میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کب سے نبی ہیں؟ آپ نے ارشاد فرمایا:
-اس وقت سے-جب حضرت آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے۔

مسند الامام احمد رقم الحدیث (۲۰۵۹۶) جلد ۳۴ صفحہ ۲۰۲
قال شعیب الارنووط اسنادہ صحیح، رجالہ ثقات رجال الصحیح

Marfat.com

یہ کہنا کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کا نبی ہونا عالم ارواح میں علمِ الٰہی میں تھا ایسے تو سارے انبیاء علیہم السلام علمِ الٰہی میں نبی تھے بلکہ درحقیقت عالم ارواح میں حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کیلئے وصف نبوت ثابت ولازم ہو چکا تھا ورنہ كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ کہنے میں کیا خصوصیت ہے

وَيَتَبَيَّنُ بِذَالِكَ مَعْنَى قَوْلُهُ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ :
كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ وَأَنَّ مَنْ فَسَّرَهُ بِعِلْمِ اللّٰهِ بِأَنَّهُ سَيَصِيْرُ نَبِيًّا لَمْ يَصِلْ اِلَى هَذَا الْمَعْنٰى لِأَنَّ عِلْمَ اللّٰهِ مُحِيْطٌ بِجَمِيْعِ الْأَشْيَاءِ وَوَصْفُ النَّبِيِّ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ بِالنُّبُوَّةِ فِى ذَالِكَ الْوَقْتِ يَنْبَغِى اَنْ يُفْهَمَ مِنْهُ أَنَّهُ اَمْرٌ ثَابِتٌ لَهُ فِى ذَالِكَ الْوَقْتِ وَلِهٰذَا

Marfat.com

رَأَیٰ آدَمُ اسْمَهٗ مَکْتُوْبًا عَلٰی الْعَرْشِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ ، فَلَا بُدَّ أَنْ یَکُوْنَ ذَالِكَ مَعْنیً ثَابِتًا فِی ذَالِكَ الْوَقْتِ وَلَوْ کَانَ الْمُرَادُ بِذَالِكَ مُجَرَّدُ الْعِلْمِ بِمَا سَیَصِیْرُ فِی الْمُسْتَقْبِلِ لَمْ یَکُنْ لَهُ خُصُوْصِیَّةٌ بِأَنَّهُ نَبِیٌّ وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ لِأَنَّ جَمِیْعَ الْأَنْبِیَاءِ یَعْلَمُ اللّٰهُ نُبُوَّتَهُمْ فِی ذَالِكَ الْوَقْتِ وَقَبلَهُ فَلَا بُدَّ مِنْ خُصُوصِیَّةٍ لِلنَّبِیِّ ـ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ـ لِأَجْلِهَا أَخْبَرَ بِهَذَا الْخَبْرَ اعْلَاماً لِأُمَّتِهٖ لِیَعْرَفُوْا قَدْرَهُ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰی فَیَحْصُلُ لَهُمُ الْخَیْرُ بِذَالِكَ .

اور یہی بات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد سے عیاں ہے:

کُنْتُ نَبِیًّا وَآدَم بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ

میں اس وقت بھی نبی تھا جب کہ حضرت آدم علیہ السلام روح وجسم خاکی کے درمیان تھے۔

اور اگر کوئی اس کی یہ تفسیر کرے کہ اللہ عزوجل جانتا ہے کہ آپ مستقبل میں نبی ہوں گے تو یہ تفسیر مناسب نہیں ہے کیونکہ اس صورت میں اسے حقیقت ثابتہ تک رسائی نہیں ہوئی۔ اس لئے کہ علم الٰہی تمام اشیاء کو محیط ہے اور حضور سیدنا رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے اپنی نبوت کی جو حقیقت بیان فرمائی اس کا مفہوم یہ متعین ہوتا ہے کہ آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی نبوت اس وقت-عالم ارواح- میں بھی تھی۔

الخصائص الکبری للسیوطی صفحہ۴

المواھب اللدنیۃ جلد۱ صفحہ۴۳

Marfat.com

یہی وجہ تو ہے کہ سیدنا آدم علیہ السلام نے آنکھ کھولتے ہی سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کا اسم مبارک عرش الٰہی پر محمد رسول اللہ لکھا دیکھا۔ لامحالہ یہ ماننا پڑے گا کہ آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی نبوت تکمیل وتخلیق آدم علیہ السلام سے پہلے تھی۔

اور اگر صرف علم الٰہی میں آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کا نبی ہونا مانا جائے یعنی یہ کہ آپ آئندہ ایک وقت مقررہ پر نبی ہوں گے تو یہ معنی مراد لینے سے رسول اللہ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی کوئی خصوصیت ثابت نہیں ہوتی حالانکہ حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے ارشاد فرمایا ہے:

میں نبی تھا جبکہ حضرت آدم علیہ السلام روح وجسد کے درمیان تھے اس لئے کہ علم الٰہی میں تو تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی نبوتیں اس وقت بھی تھیں اور اس سے پہلے بھی تھیں اس میں حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- ہی کی کیا تخصیص ہے؟ حالانکہ حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے اس کا تذکرہ اسی لئے فرمایا کہ آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی امت کو پتہ چل جائے کہ اللہ رب العزت نے آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کو کس قدر مرتبہ اعلیٰ سے نوازا ہے اور آپ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی نبوت تمام نبیوں کی آفرینش سے بھی پہلے موجود اور متعین تھی۔

Marfat.com

علامہ تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی نبوت ورسالت تمام مخلوق کیلئے عام ہے سیدنا آدم علیہ السلام کے زمانہ اقدس سے لیکر قیامت تک حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم تمام انبیاء کرام علیہم السلام کے بھی نبی ہیں

قَالَ الشَّیْخُ تَقِیُّ الدِّیْنِ السُّبْکِیُّ :

فِیْ هٰذِهِ الآیَةِ الشَّرِیْفَةِ مِنَ التَّنْوِیْهِ بِالنَّبِیِّ - صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ - وَتَعْظِیْمِ قَدْرِهِ الْعَلِیِّ مَا لَا یَخْفٰی ، وَفِیْهِ مَعَ ذَالِكَ : أَنَّهُ عَلٰی تَقْدِیْرِ مَجِیْئِهِ فِیْ زَمَانِهِمْ یَکُوْنُ مُرْسَلاً اِلَیْهِمْ ، فَتَکُوْنُ رِسَالَتُهُ وَنُبُوَّتُهُ عَامَّةً لِجَمِیْعِ الْخَلْقِ ، مِنْ زَمَنِ آدَمَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ ، وَتَکُوْنُ الأَنْبِیَاءُ

Marfat.com

وَأُمَمُهُمْ كُلُّهُمْ مِنْ أُمَّتِهِ ، وَيَكُوْنُ قَوْلُهُ : وَبُعِثْتُ اِلَى النَّاسِ كَافَّةً لَا يَخْتَصُّ بِهِ النَّاسُ مِنْ زَمَانِهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ، بَلْ يَتَنَاوَلُ مَنْ قَبْلَهُمْ أَيْضًا ، وَيَتَبَيَّنُ بِذَالِكَ مَعْنَى قَوْلِهِ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ:

كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ . ثُمَّ قَالَ : فَإِذَا عُرِفَ هٰذَا فَالنَّبِيُّ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ نَبِيُّ الْأَنْبِيَاءِ ، وَلِهٰذَا ظَهَرَ فِى الْآخِرَةِ جَمِيْعُ الْأَنْبِيَاءِ تَحْتَ لِوَائِهِ ، وَفِى الدُّنْيَا كَذَالِكَ لَيْلَةَ الْإِسْرَاءِ صَلّٰى بِهِمْ ، وَلَوِ اتَّفَقَ مَجِيْئُهُ فِىْ زَمَنِ آدَمَ وَنُوْحٍ وَاِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰى ـ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهُ عَلَيْهِمْ ـ وَجَبَ عَلَيْهِمْ وَعَلٰى أُمَمِهِمُ الْإِيْمَانُ بِهِ وَنُصْرَتُهُ ، وَبِذَالِكَ أَخَذَ اللّٰهُ الْمِيْثَاقَ عَلَيْهِمْ .

حضرت شیخ تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

اس آیت شریفہ میں حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی شان کی بلندی اور آپ کے بلند مرتبہ کی تعظیم کو جس انداز میں بیان کیا گیا وہ پوشیدہ نہیں ہے اور اس میں یہ بات بھی ہے کہ اگر فرض کریں نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- ان انبیاء کرام علیہم السلام میں سے کسی کے زمانے میں تشریف لاتے تو آپ ان کی طرف بھیجے ہوئے ہوتے ۔پس آپ کی رسالت ونبوت حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر قیامت تک سب کیلئے عام ہے اور تمام انبیاء کرام اور ان کی امتیں آپ کی امت میں شامل ہیں اور سرکار دو عالم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کا ارشاد گرامی:

المواھب اللدنیۃ جلد ۱ صفحہ ۴۵

Marfat.com

وَبُعِثْتُ اِلَی النَّاسِ کَافَّةً . مجھے تمام لوگوں کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا۔

صرف ان لوگوں سے خاص نہیں جو آپ کے زمانہ مبارکہ سے قیامت تک ہوں گے بلکہ پہلے والوں کو بھی شامل ہے اور اس سے حدیث کا مفہوم واضح ہو جاتا ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

کُنْتُ نَبِیًّا وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ .

میں نبی تھا اور ابھی حضرت آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے۔

اس کے بعد حضرت شیخ تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

جب یہ بات معلوم ہوگئی کہ نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- تمام نبیوں کے نبی ہیں یہی وجہ ہے کہ قیامت کے دن تمام انبیاء کرام علیہم السلام آپ کے جھنڈے کے نیچے ہوں گے۔ اسی طرح دنیا میں شب معراج آپ نے سب کی امامت فرمائی اور اگر ایسا ہو جاتا کہ آپ حضرت آدم، حضرت نوح، حضرت ابراہیم، حضرت موسی اور حضرت عیسی علیہم السلام میں سے کسی کے دور میں تشریف لاتے تو ان پر اور ان کی امتوں پر لازم ہوتا کہ آپ پر ایمان لائیں اور آپ کی مدد کریں اللہ تعالیٰ نے ان سے اسی بات کا وعدہ لیا ہے۔

Marfat.com

سیدنا احمد بن محمد قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ نے حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-کو وہ کمالات بھی عطا فرمائے جو کسی اور نبی کو عطا نہ فرمائے آپ کو جوامع الکلم سے سرفراز کیا گیا اور آپ اس وقت بھی نبی تھے جبکہ سیدنا آدم-علیہ السلام-روح اور جسم کے درمیان تھے جبکہ دیگر انبیاء کرام-علیہم السلام-کو نبوت اپنے اپنے زمانہ نبوت میں اور رسالت اپنے اپنے زمانہ رسالت میں ملی

اِعْلَمْ نَوَّرَ اللّٰهُ قَلْبِیْ وَقَلْبَكَ ،وَقَدَّسَ سِرِّیْ وَسِرَّكَ ،أَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی قَدْ خَصَّ نَبِیَّنَا ـ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ـ بِأَشْیَاءَ لَمْ یُعْطِهَا لِنَبِیٍّ قَبْلَهُ ،وَمَا خَصَّ نَبِیٌّ بِشَیْءٍ اِلَّا وَكَانَ لِسَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ـ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ـ مِثْلَهُ ،فَإِنَّهُ أُوْتِیَ جَوَامِعَ الْكَلِمِ ،وَكَانَ نَبِیًّا وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ

Marfat.com

وَالْجَسَدِ وَغَيْرُهُ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ لَمْ يَكُنْ نَبِيًّا اِلَّا فِيْ حَالِ نُبُوَّتِهٖ وَزَمَانِ رِسَالَتِهٖ .

اللہ تعالیٰ میرے اور تیرے دل کو روشن کر دے، میرے اور تیرے دل کو پاک کر دے جان لو کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو-بعض امور کے ساتھ خاص کیا اور وہ باتیں آپ سے پہلے کسی نبی کو نہیں دی گئیں اور جس نبی کو جو کچھ دیا گیا ہمارے آقا-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو بھی اس کی مثل دیا گیا آپ کو جوامع الکلم سے نوازا گیا اور آپ اس وقت بھی نبی تھے جب حضرت آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے جب کہ دیگر انبیاء کرام-علیہم السلام-اپنی اپنی نبوت اور اپنے اپنے زمانہ رسالت کے زمانہ میں ہی نبی ورسول ہوئے۔

اَلمواھبُ اللُّدُنِّیَّۃ	جلد۲	صفحہ۳۰۱
جواھر البحار فی فضائل النبی المختار	جلد۴	صفحہ۱۶۲

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے جب اس عالم آب وگل میں حضور سیدنا نبی کریم
-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کو نبوت -نبوت مبعوثہ الی الخلق -
سے مشرف فرمانے کا ارادہ فرمایا تو آپ جس بھی درخت یا پتھر کے
پاس سے گزرتے وہ السلام علیک یارسول اللہ کہتا

ابی نجرات رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی لَمَّا اَرَادَ کَرَامَۃَ رَسُوْلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالنُّبُوَّۃِ کَانَ لَا یَمُرُّ بِشَجَرٍ وَلَا حَجَرٍ اِلَّا قَالَ : اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَکَانَ یَلْتَفِتُ عَنْ یَمِیْنِہٖ وَشِمَالِہٖ وَخَلْفِہٖ فَلَا یُرٰی اَحَدٌ .

جب اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کو وصف

Marfat.com

نبوت -نبوت مبعوثہ الی الخلق - سے مکرم فرمانے کا ارادہ فرمایا تو آپ جس پتھر اور جس درخت کے پاس سے گزرتے وہ آپ کو السلام علیک یارسول اللہ کہہ کر پکارتا، آپ دائیں، بائیں اور پس پشت التفات فرماتے مگر کوئی دکھائی نہ دیتا۔

-☆-

Marfat.com

سیدنا ابوسرحان مسعود بن محمد جموع فاسی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

علماء وعرفاء تمام انبیاء ومرسلین علیہم الصلاۃ والتسلیم اور جملہ عباداللہ الصالحین حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی روح پاک سے علم وحکمت، معارف ربانیہ اور اسرار ملکوتیہ حاصل کرتے رہے اور ہر قسم کا علم وحکمت حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے سمندر کا ایک قطرہ ونقطہ ہے

فَاَرْوَاحُ الْعُلَمَاءِ ، وَقُلُوْبُ الْعَارِفِيْنَ ، وَسَائِرِ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ ، وَعِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ تَتَلَقّٰى مِنْ رُوْحِهٖ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ـ الْعِلْمَ وَالْحِكْمَةَ ، وَالْمَعَارِفَ الرَّبَّانِيَّةَ ، وَالْاَسْرَارَ الْمَلْكُوْتِيَّةَ ، فَكُلُّ عِلْمٍ وَحِكْمَةٍ نُقْطَةٌ مِنْ بَحْرِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَلَا يَعْلَمُ حَقِيْقَتَهٗ غَيْرُ رَبِّهٖ ، لِقَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :

Marfat.com

يَا اَبَا بَكْرٍ ! وَالَّذِىْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ لَمْ يَعْلَمْنِيْ حَقِيْقَةً غَيْرُ رَبِّىْ .

پس علماء کی ارواح اور عارفین کے قلوب اور تمام انبیاء ومرسلین صلوات اللہ علیہم اجمعین اور عباد اللہ الصالحین کے قلوب وارواح حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی روح پاک سے علم وحکمت معارف ربانیہ اور اسرار ملکوتیہ حاصل کرتے رہے۔پس ہر علم وحکمت حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے سمندر کا ایک قطرہ ہے جن کی حقیقت ان کے رب تعالیٰ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا کیونکہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کا ارشاد گرامی ہے:

يَا اَبَا بَكْرٍ ! وَالَّذِىْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ لَمْ يَعْلَمْنِيْ حَقِيْقَةً غَيْرُ رَبِّىْ .

اے ابوبکر! قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا میری حقیقت کو میرے رب تعالیٰ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔

-☆-

نفائس الدرر من اخبار سید البشر صفحہ ۶۵

Marfat.com

سیدنا عارف باللہ عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ کے شیخ مکرم سیدنا ابوعبداللہ سلطان رحمۃ اللہ علیہ خواب میں زیارتِ مصطفیٰ - فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم - سے مشرف ہوئے تو آپ نے فرمایا: میں فرشتوں، جملہ انبیاء ومرسلین اور تمام مخلوق کی مدد واعانت کرنے والا ہوں، میں ہی اصل الموجودات ہوں، میں ہی مبداء ومنتہٰی ہوں اور تمام غایات کی غایت مجھ تک ہی ہے اور مخلوق میں سے کوئی بھی مجھ سے آگے نہیں بڑھ سکتا

وَنَقَلَ سَيِّدِیْ عَبْدُالنُّوْرِ ، عَنْ شَيْخِهٖ اَبِي الْعَبَّاسِ الْجَامِيّ ، عَنْ شَيْخِهٖ اَبِيْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سُلْطَانِ اَنَّهٗ قَالَ :

رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ - فِی النَّوْمِ فَقُلْتُ لَهٗ : يَا سَيِّدِیْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! اَنْتَ مَدَدُ الْمَلَائِكَةِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ،

Marfat.com

فَقَالَ لِيْ : اَنَا مَدَدُ الْمَلَائِكَةِ وَالنَّبِيِّيْنَ وَسَائِرِ خَلْقِ اللّٰهِ اَجْمَعِيْنَ ، وَاَنَا اَصْلُ الْمَوْجُوْدَاتِ ، وَالْمَبْدَاُ وَالْمُنْتَهٰى وَاِلَىَّ غَايَةُ الْغَايَاتِ ، وَلَا يَعْتَدَانِيْ اَحَدٌ .انتهى .

عارف باللہ سیدنا عبدالرحمٰن جامی قدس سرہ اپنے شیخ سیدنا ابوعبداللہ بن سلطان رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

میں نے حضور سیدنا رسول اللہ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ سلم- کو خواب میں دیکھا تو میں نے آپ سے عرض کی:

یاسیدی !یارسول اللہ ! آپ ہی فرشتوں اور رسولان کرام علیہم السلام کے مددگار ہیں تو آپ نے مجھ سے فرمایا:

میں فرشتوں، حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام اور اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق کی مدد واعانت کرنے والا ہوں اور میں اصل الموجودات ہوں اور ہر مخلوق کی ابتداء وانتہا ہوں اور مخلوق کی تمام غایتوں کی غایت مجھ تک ہے اور مجھ سے کوئی بھی آگے نہیں بڑھ سکتا۔

نفائس الدُّرر من اخبار سید البشر صفحہ ٦٧

Marfat.com

سیدنا ابوسرحان مسعود فاسی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کو باطن میں
اولیت حاصل ہے اور ظاہر میں آخریت

وَ دَلِيْلُ كَوْنِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ مُمِدّاً لِلْاَنْبِيَاءِ السَّابِقِيْنَ مِنَ الْقُرْآنِ كَمَا قَالَهٗ الشَّيْخُ سَيِّدِى عَبْدُالْوَهَّاب الشَّعْرَانِىُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَنَفَعَنَا بِبَرَكَاتِهٖ قَوْلُهُ تَعَالٰى : اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ . الانعام:۹۰ اَىْ اِنَّ هُدَاهُمْ هُوَ هُدَاكَ الَّذِىْ سَرَى اِلَيْهِمْ مِنْكَ فِى الْبَاطِنِ فَاِذَا اهْتَدَيْتَ فَبِهُدَاهُمْ فَاِنَّمَا ذَالِكَ اهْتَدَاءٌ بِهُدَاكَ اِذَا الْاَوَّلِيَّةُ لَكَ بَاطِناً وَالآخِرِيَّةُ لَكَ ظَاهِراً .

نفائس الدرر من اخبار سید البشر صفحہ ۶۸

Marfat.com

اوراس بات پر قرآن کریم سے دلیل ہے کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم -اپنے ظہور سے قبل حضرات انبیاء کرام کی مدد واعانت فرمانے والے تھے؟ جیسے ہمارے شیخ سیدی عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ ونفعنا ببرکاتہ نے فرمایا:

اللہ جل شانہ کا یہ ارشاد ہے:

اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ . حضرات انبیاء کرام وہ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی پس آپ ان کو ملنے والی ہدایت کی پیروی کیجئے یعنی ان کی ہدایت آپ ہی کی ہدایت ہے جو درحقیقت آپ ہی سے ان کی طرف باطن میں گئی ہے۔ پس جب آپ ان کی ھدایت کی پیروی کریں گے تو دراصل یہ آپ کا اپنی ہی ھدایت پر چلنا ہے کیونکہ باطنا آپ کو اولیت حاصل ہے اور ظاھراً آپ کو آخریت حاصل ہے۔

Marfat.com

اولیاء کرام اور علماء عظام رحمھم اللہ تعالیٰ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ حضور۔فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔سے ہر قسم کی علمی وعملی مدد ملتی ہے حضرات انبیاء کرام رسولان عظام علیھم الصلاۃ والسلام آپ کے نائب کے طور پر فرائض سرانجام دیتے رہے پس آپ ہی اول وآخر اور ظاہر وباطن ہیں

وَبِالْجُمْلَةِ قَدِ اتَّفَقَتْ كَلِمَةُ اَوْلِيَاءِ اللّٰهِ وَالْعُلَمَاءِ بِاللّٰهِ عَلٰى اَنَّ الْمَدَدَ الْعِلْمِيَّ وَالْعَمَلِيَّ كُلَّهٗ مِنْهُ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ـ فَهُوَ الرَّسُوْلُ الْمُطْلَقُ عَلٰى كُلِّ مَنْ تَقَدَّمَ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ وَالرُّسُلِ قَبْلَهٗ ، فَعَلٰى حَسْبِ النِّيَابَةِ عَنْهُ فَكَانَتْ قَبْلَ بِعْثَتِهٖ وَوُجُوْدِ شَخْصِهٖ نُبُوَّةٌ وَبَعْدَهٗ وِلَايَةٌ ، فَهُوَ الظَّاهِرُ بِهِمْ ، وَالْبَاطِنُ فِيْهِمْ ، وَهُوَ الْاَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ

Marfat.com

وَالْبَاطِنُ .

المختصر اولیاء اللہ اور علماء باللہ رحمھم اللہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ علمی و عملی ہر قسم کی مدد حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- سے ہی ہے۔پس آپ رسول مطلق ہیں تمام انبیاء کرام علیھم السلام اور رسولان عظام علیھم الصلاۃ والسلام کے جو آپ سے پہلے آپ کے نائب کے طور پر گزر چکے ہیں۔پس آپ کی بعثت مبارکہ اور آپ کی شخصیت کے وجود سے پہلے نبوت تھی اور بعد میں ولایت پس حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ان کے ساتھ ظاہر ہیں اور ان میں باطن ہیں اور آپ ہی اول و آخر اور ظاہر و باطن ہیں۔

-☆-

المواھب اللدنیۃ ۴/۲۵۳_۲۵۴

نفائس الدُّرر من اخبار سید البشر صفحہ ۶۴

Marfat.com

سید المفسرین سیدنا فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-کی ذات اقدس واطہر زمانہ ماضی میں عزیز وتوجہ کا مرکز رہی اور باذن اللہ لوگوں کی حاجات پوری کرتی رہی تو وہ یقیناً بعد میں آنے والوں سے افضل وبرتر ہے اس وجہ سے حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-نے فرمایا: میں اس وقت بھی نبی تھا جبکہ آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے

اِنَّ مَنْ كَانَ فِی الزَّمَانِ الْمَاضِي اَبَداً عَزِيْزاً مَرَّ عَلَى الْجَانِبِ مَقْضِیَّ الْحَاجَةِ اَشْرَفُ مِمَّنْ سَيَصِيْرُ كَذَالِكَ وَلِهٰذَا قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ

تفسیر الرازی مفاتیح الغیب جلد ۳۲ صفحہ ۱۱۵

Marfat.com

بے شک جو ذات زمانہ ماضی سے ہی ہمیشہ عزیز اور توجہ خاص کا مرکز، حاجت برآری کا محور ہو وہ بعد میں آنے والوں سے اشرف اور اعلیٰ ہوگی۔اسی عظمت اور افضلیت کے اظہار میں رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے فرمایا:

میں اس وقت بھی نبی تھا جب آدم علیہ السلام پانی اور کیچڑ کے درمیان تھے۔

-☆-

Marfat.com

امتِ مصطفیٰ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-گمراہی پر جمع نہیں ہوگی اللہ تعالیٰ کا ہاتھ جماعت کے ساتھ ہے اور جو جماعت سے علیٰحدہ ہوگا جہنم میں جائے گا

عَنِ ابْنِ عُمَرَ-رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا-قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ -صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّمَ-:

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَجْمَعُ اُمَّتِیْ-اَوْ قَالَ : اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّمَ عَلَی ضَلَالَۃٍ وَیَدُاللّٰہِ مَعَ الْجَمَاعَۃِ وَمَنْ شَذَّ شُذَّ اِلَی النَّارِ.

صحیح سنن الترمذی رقم الحدیث (۲۱۶۷) جلد۲ صفحہ۴۵۸
قال الالبانی صحیح

صحیح الجامع الصغیر وزیادتہ رقم الحدیث (۱۸۴۸) جلد۱ صفحہ۳۸۷
قال الالبانی صحیح

Marfat.com

ترجمة الحديث:

سیدنا عبداللہ ابن عمر- رضی اللہ عنہما- سے روایت ہے کہ حضور سیدنا رسول اللہ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

یقیناً اللہ تعالیٰ میری امت -یا فرمایا: امت محمدیہ -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم -کو گمراہی پر جمع نہیں فرمائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کا ہاتھ جماعت کے ساتھ ہے اور جو جماعت سے علیٰحدہ ہوا اسے آگ میں پھینکا گیا۔

-☆-

جامع الاصول رقم الحدیث (٦٧٦١) جلد ٩ صفحہ ١٦٠

Marfat.com

حضرت سیدنا محدث کبیر جلال الدین السیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-آدم علیہ السلام سے لیکر قیامت تک تمام مخلوق کی طرف مبعوث کئے گئے اور جب آپ کا وجود عنصری نہ تھا تو یہی انبیاء کرام آپ کے نائب کے طور پر تشریف لاتے رہے اور ہر نبی آپ ہی کی شریعت کا ایک حصہ لے کر تشریف لایا اور اس سے تجاوز نہ کیا

مسلم شریف اور دیگر کتب احادیث میں ہے اُرْسِلْتُ اِلَی الْخَلْقِ کَافَّۃً مجھے تمام مخلوق کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہے۔امام جلال الدین السیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

اِذْ هُوَ مَبْعُوْثٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى جَمِيْعِ الْخَلْقِ مِنْ لَدُنْ آدَمَ اِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ ، فَكَانَتِ الْاَنْبِيَاءُ كُلُّهُمْ نُوَّابَهُ مُدَّةَ غَيْبَةِ

Marfat.com

جِسْمِهِ الشَّرِيْفِ وَكَانَ كُلُّ نَبِيٍّ يُبْعَثُ بِطَائِفَةٍ مِنْ شَرْعِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَعَدَّاهَا .

آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی بعثت شریفہ آدم علیہ السلام سے لے کر قیام قیامت تک ہونے والی سب مخلوق کی طرف ہوئی ہے۔آپ کے جسم شریف کی غیبت اور عدم موجودگی میں تمام انبیاء آپ کے نائبین تھے ہر نبی آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی شریعت کا ایک حصہ لے کر مبعوث ہوا وہ اس سے آگے نہ بڑھ سکا۔

-☆-

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی پیدائش کے وقت مشرق ومغرب کے درمیان تمام زمین روشن ومنور ہوگئی

وَقَوْلُ الشِّفَاءِ اُمُّ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ لَمَّا سَقَطَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى يَدِىْ وَاسْتَهَلَّ قَائِلاً يَقُوْلُ : رَحِمَكَ اللّٰهُ وَاَضَاءَ لِىْ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ حَتّٰى نَظَرْتُ اِلَى قُصُورِ الرُّوْمِ ، اَىْ بِاَرْضِ الشَّامِ . شفاءشریف

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کی والدہ محترمہ حضرت شفاء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ:

جب آپ میرے ہاتھوں پر تشریف لائے آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-نے بآواز بلند چھینک ماری اور فرمایا: الحمدللہ تو میں نے سنا کہنے والے کو اس نے کہا: رحمک اللہ اور میرے لئے مشرق سے لے کر مغرب تک تمام زمین روشن ہوگئی یہاں تک کہ میں نے ملک شام میں واقع روم کے محلات دیکھ لئے۔

Marfat.com

قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ نے ان تمام واقعات کو خوارق عادات تحریر فرمایا ہے جس سے یہ امر بہ دلائل اور خوارق عادات سے ثابت اور مبرہن ہے کہ آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- پیدائشی ،فطری اور تخلیقی طور پر نبی تھے۔ پیدا ہوتے ہی دعا کیلئے سر اقدس کا رفع اور آسمان کی طرف ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا آپ کی والدہ محترمہ کا آپ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے ہمراہ نکلنے والے نور کی روشنی میں شام کے محلات کو دیکھ لینا اور حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کی والدہ ماجدہ کا ہر طرف نور ہی نور دیکھنا اور ہر شے کا منور ہونا امور عادیہ سے نہیں بلکہ خوارق عادات ہیں جو آپ کی نبوت کیلئے دلائل حسیہ ہیں جن کا انکار اور جن سے مفر ممکن نہیں۔

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی ولادت باسعادت کا وقت قریب آیا تو سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا سے کہا گیا کیا آپ کو شعور ہے کہ آپ کے بطن میں اس امت کے سردار اور اس کے نبی-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-ہیں

محدث ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب الوفا میں نقل فرمایا ہے کہ:

اِنَّ اُمَّہْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَأَتْ حِیْنَ دَنَتْ وِلَادَتُھَا اَتَاھَا آتٍ فَقَالَ قُوْلِیْ اُعِیْذُہُ بِالْوَاحِدِ مِنْ شَرِّ کُلِّ حَاسِدٍ بَعْدَ اَنْ رَاَتْ حِیْنَ بِہِ اَنْ اتیا اتاھا وَقَالَ :

ھَلْ شَعُرْتِ اَنَّكِ حَمَلْتِ بِسَیِّدِ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ وَنَبِیِّھَا .

مرقات شرح مشکاۃ

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کا جب وقت قریب آیا تو ایک آنے والا آیا اور اس نے کہا کہ:

یہ کہو: میں اس ذات مقدس کو ہر حاسد کی شر سے محفوظ رہنے کیلئے اللہ تعالیٰ کی پناہ میں دیتی ہوں لیکن یہ واقعہ حمل کے بعد اور قرب ولادت کا ہے حمل کے دوران آپ کی والدہ نے خواب میں دیکھا کہ ایک آنے والا ان کے پاس آیا اور کہا کہ آپ کو شعور ہے کہ بلاشبہ آپ اس امت کے سردار اور اس کے نبی سے حاملہ ہیں۔

-☆-

Marfat.com

حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی نبوت مبارکہ سیدنا آدم علیہ السلام کی نبوت سے پہلے وجود عینی میں ظاہر ہو چکی تھی

اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ نُوْرِیْ قَبْلَ اَنْ یَخْلُقَ آدَمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ بِاَرْبَعَۃَ عَشَرَ اَلْفَ عَامٍ وَفِیْ رِوَایَۃٍ : یُسَبِّحُ ذَالِكَ النُّوْرُ وَتُسَبِّحُ الْمَلَائِکَۃُ بِتَسْبِیْحِہٖ وَھٰذَا یُؤَیِّدُ اَنَّہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُرْسَلٌ لِلْمَلَائِکَۃِ کَغَیْرِھِمْ فَھٰذَا صَرِیْحٌ فِی اَنَّہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ظَھَرَتْ نَبُوَّتُہُ فِی الْوُجُوْدِ الْعَیْنِیْ قَبْلَ نَبُوَّۃِ آدَمَ وَغَیْرِہٖ وَاَنَّ الْمَلَائِکَۃَ لَمْ تَعْرِفْ نَبِیًّا قَبْلَہُ .

بے شک اللہ تعالیٰ نے میرے نور کو آدم علیہ السلام کے پیدا فرمانے سے چودہ ہزار سال پہلے پیدا فرمایا اور ایک روایت میں:

جواہر البحار فی فضائل النبی المختار جلد ۳ صفحہ ۴۱۴

Marfat.com

وہ نور اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتا تھا اور ملائکہ اس کی تسبیح کے ساتھ تسبیح کرتے تھے اور یہ بات اس کی تائید کرتی ہے کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- ملائکہ-فرشتوں- کیلئے رسول تھے جیسے آپ ملائکہ کے علاوہ-جن وانس- کے رسول ہیں اور یہ صریح ہے اس بات میں کہ حضور-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی نبوت مبارکہ سیدنا آدم- علیہ السلام کی نبوت سے پہلے وجود عینی میں ظاہر وباہر تھی اور ملائکہ کو آپ سے پہلے کسی نبی کا عرفان نہ تھا۔

Marfat.com

سیدنا علامہ بیجوری رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ
حضرات انبیاء کرام -علیہم الصلاۃ والسلام- کے معجزات
آپ کے نور سے ہیں

وَكُلُّ اٰيٍ آتى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُوْرِهٖ بِهِمِ

اَىْ : وَكُلُّ الْمُعْجَزَاتِ الَّتِىْ اَتَىٰ بِهَا الرُّسُلُ الْكِرَامُ لِاُمَمِهِمْ فَلَمْ تَتَّصِلْ بِهِمْ اِلَّا مِنْ مُعْجَزَاتِهٖ ـ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـ اَوْ مِنْ نُوْرِهِ الَّذِىْ هُوَ اَصْلُ الْاَشْيَاءِ كُلِّهَا ، فَالسَّمٰوَاتُ وَالْاَرْضُ مِنْ نُوْرِهٖ ، وَالْجَنَّةُ مِنْ نُوْرِهٖ ، وَمُعْجِزَاتُ الْاَنْبِيَاءِ مِنْ نُوْرِهٖ .

ہر وہ معجزہ جو حضرات انبیائکرام علیہم السلام کے ہاتھوں ظہور پذیر ہوا وہ درحقیقت حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نور پاک سے ہی انہیں نصیب ہوا ہے۔

البردۃ بشرح الباجوری صفحہ ۹۶

Marfat.com

یعنی ہر وہ معجزات مبارکہ جو حضرات انبیاء کرام-علیہم الصلاۃ والسلام- سے ان کی امتوں کیلئے ان کے ہاتھوں ظہور پذیر ہوا تو درحقیقت وہ انہیں حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے معجزات مبارکہ سے ہی نصیب ہوئے ہیں یا وہ معجزات ان کو حضور- فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کے نور پاک سے جو تمام اشیاء کی اصل ھے سے ملے ہیں۔ پس تمام آسمان اور زمین آپ کے نور سے ہیں، جنت آپ کے نور سے پیدا شدہ ہے اور حضرات انبیاء کرام-علیہم الصلاۃ والسلام- کے معجزات مبارکہ بھی آپ کے نور پاک سے ہیں۔

Marfat.com

عارف صادق سیدنا علی خواص رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ

حضور سیدنا نبی کریم -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی روح پاک سے حضرات انبیاء کرام -علیہم الصلاۃ والسلام- واولیاء عظام رحمۃ اللہ علیہم کی ارواح مبارکہ مدد وفیض لینے والی ہیں

قَالَ سَيِّدِی عَلَیٌّ الخَوَّاصُ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَاَفَاضَ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِهٖ: اَرْوَاحُ الْاَنْبِيَاءِ وَالْاَوْلِيَاءِ مُسْتَمِدَّةٌ مِنْ رُوْحِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ۔ . انتهى .

سیدی علی خواص رحمہ اللہ وافاض علینا من برکاتہ نے ارشاد فرمایا:

عزاہ الیہ الحلبي فی سیرتہ: ۱/۲۴۰

نفائس الدُّرر من اخبار سید البشر صفحہ ۶۴

Marfat.com

انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام اور اولیاء کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کی ارواح مقدسہ حضور سید العالمین محمد رسول اللہ-فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم-کی روح پاک سے فیض ومدد لینے والی ہیں۔

-☆-

Marfat.com

اجماعِ امت

میں عالم تو نہیں لیکن علماء کرام سے سنا ہے کہ کسی بھی دور کے علماء اھل سنت کا کسی مسئلہ پر اجماع حجت شرعیہ ہے۔ میں نے جب سے اس عالم آب وگل میں آنکھ کھولی ہے مجھے ہر طرف حضور -فداہ ابی وامی صلی اللہ علیہ والہ وسلم- کی عالم ارواح والی نبوت کے چرچے ہی نظر آئے۔ میرا تعلق علماء کے گھرانے سے ہے بلکہ ہمارا خاندان ایک علمی خاندان ہے، میں نے اپنے جتنے بھی بزرگ دیکھے وہ سب علم کے کوہِ گراں تھے اور دنیا ان کے علم کی معترف ومعتقد تھی۔

